Provincial Assembly of West Pakistan Debates

1st January, 1969.
11th Shawwal-ul-Mukarram, 1388 A. H.

Vol. VIII—No. 1

OFFICIAL REPORT

CONTENTS

Wednesday, the 1st January, 1969	Page
Recitation from the Holy Qur'an	1
Oath of Office	2
Suspension of the Question Hour	2
Reference to—	
Late Maulana Muhammad Akram Khan	2
Late Maulana Abdul Bari	2
Late Mr. Abdul Hamid Chaudhri, Speaker, Provincial Assembly of East Pakistan.	
Late Qazi Ghulam Shabbir, M.P.A.	2
Late Chaudhri Wahidullah Khan, M.P.A.	2
Late Pir Qurban Ali, M.P.A.	2
Late Malik Kibat Khan M.P.A.	2
Late Khawaja Muhammad Asad, son of Khawaja Muhammad Safdar, M.P.A.	10

Price 1·75

Provincial Assembly of West Pakistan

EIGHTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 1st January, 1969.

چہار شنبہ - ۱۱ شوال المکرم ۱۳۸۸ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9·00 a.m. of the clock, Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, H.K., in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِۨ ۝ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝

(پ ۲۷۔ س ۵۷۔ ع ۱۹۔ آیات ۲۱ تا ۲۴)

تم اپنے پروردگار کی بخشش کی طرف اور اس بہشت کیطرف دوڑو جسکا عرض آسمان وزمین کے عرض کے برابر ہے جو اُن لوگوں کیلئے تیار کی گئی ہے جو اللہ پر اور اسکے رسولوں پر ایمان لائے۔ یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہے عطا فرمائے۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

کوئی مصیبت ملک پر اور خود تم پر نہیں آتی مگر پیشتر اس کے کہ ہم اسکو پیدا کریں ایک کتاب میں درج ہے اور یہ کام اللہ کو آسان ہے۔ تاکہ جو تم سے فوت ہو گیا ہو اس کا غم نہ کرو اور جو تم کو عطا کیا ہو اس پر اترایا نہ کرو۔ اور اللہ تو کسی اترانے والے بڑائی جتانے والے کو پسند نہیں کرتا۔

ایسے لوگ خود بھی بخل سے کام لیتے ہیں اور لوگوں کو بھی بخل کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ اور جو بھی (احکام) سے روگردانی کرے گا تو بلاشبہ اللہ بھی بے پرواہ ہے اور وہی ستودہ حمد وستائش ہے۔ وما علینا الا البلاغ

OATH OF OFFICE

Mr. Speaker : I now call upon Syed Zafar Ali Shah, a newly elected Member of the Provincial Assembly of West Pakistan to take the oath of office.

(Oath of office was then administered to the Member by Mr. Speaker.)

SUSPENSION OF THE QUESTION HOUR

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین)۔ جناب سپیکر ۔ آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک کرتا ہوں کہ آج کا وقفہ سوالات suspend فرمایا جائے بایں وجوہ کہ مجھے اس ملک کے قائدین اور اس معزز ایوان کے چار اراکین (جو پچھلے اجلاس تک اس معزز ایوان میں اپنے فرائض کی تکمیل میں مصروف تھے اور آج وہ اس ایوان میں موجود نہیں ہیں) کی وفات حسرت آیات سے متعلق ایک اہم نوعیت کی قرارداد تعزیت پیش کرنی ہے ۔

Mr. Speaker : What is the sense of the House ? Should we suspend the Question Hour ?

Voices : Yes, Sir.

Mr. Speaker : The Question Hour is suspended.

REFERENCE TO LATE MAULANA MUHAMMAD AKRAM KHAN, MAULANA ABDUL BARI, MR. ABDUL HAMID CHAUDHRI, QAZI GHULAM SHABBIR, CHAUDHRI WAHIDULLAH KHAN, PIR QURBAN ALI AND MALIK KIBAT KHAN.

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین)۔ جناب والا ۔ اس دنیا کی بے ثباتی اور اس حیات مستعار کا عالم فنا سے عالم بقا کی طرف راجع ہونا اور رجوع کرنا اس کائنات کا ہمیشہ سے ایک مستقل بالذات مقصد رہا ہے اور کائنات کی ہر ایک چیز اس ابدی قانون کے تحت تحریک پذیر ہے ۔ انسان فانی ہم جنس ہونے کے باعث تمام انسانوں کیلئے رنج و غم اور درد و کرب کے جذبات سے لبریز ہے اور ان کا ظاہر ہونا ایک انسانی فطرت ہے ۔ جناب والا ۔ آج ہم اپنے مرحومین کی وفات حسرت آیات پر انسانی اور فطری جذبات کا اظہار کر رہے ہیں ۔ اور یہ صحیح ہے کہ زندہ قومیں ہمیشہ اپنے قائدین اور مشاہیر کو پورے فخر و مباہات سے یاد کیا کرتی ہیں ۔ جناب والا ۔ مغربی پاکستان صوبائی اسمبلی کا یہ ایوان مولانا

محمد اکرم خانصاحب مرحوم مولانا عبدالباری - عبدالحمید چودھری صاحب سیکرٹری مشرقی پاکستان اسمبلی - قاضی غلام شبیر - چودھری وحید اللہ صاحب - پیر قربان علیصاحب اور ملک کبیت خانصاحب کی وفات حسرت آیات پر پورے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور انکی اپنے دائرہ کار میں قومی و ملی خدمات کو بنظر احترام و استحسان دیکھتا ہے اور انکے جذبہ حب الوطنی اور ایثار و خلوص کو جسکے حامل ہو کر وہ ساری زندگی ملک کی تعمیر و ترقی اور فلاح و بہبود میں مصروف رہے سراہتا ہے - انکی دور اندیشی اور دل و دماغ کی اعلیٰ صلاحیتوں کا معترف ہے - آج انکی عدم موجودگی ایک ناقابل تلافی اور زخم فرسا سانحہ ہے - یہ ایوان دست بدعا ہے کہ خداوند قدوس مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور انکی ارواح کو ابدی سکون و راحت سے معمور فرمائے - آمین -

جناب والا - جہاں تک مولانا محمد اکرم خان صاحب کی ذات گرامی کا تعلق ہے مرحوم تحریک پاکستان کے ایک سرگرم رکن تھے - انہوں نے اپنے قلم اور اپنی بلند و بالا تحریر و تقریر سے تحریک آزادی کو بیحد تقویت پہنچائی جس سے آزادی کی منزلیں قریب سے قریب تر ہوتی گئیں - جناب والا مرحوم مولانا محمد اکرم خان صاحب تحریر و تقریر کی ایک شمشیر تھے - یہ شمشیر ہمیشہ کسی نہ کسی نصب العین کی خاطر بے نیام رہی اور آج اس ملک میں ہم ان کی عدم موجودگی کے رنج و غم میں مبتلا ہیں - وہ ایک بہت ہی صاحب عزت و احترام ہستی تھے اور جہاں رہے اور جس حالت میں رہے ان کی شخصیت ہمیشہ سدا بہار رہی - ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم مولانا محمد اکرم خان صاحب کو غریق رحمت فرمائے اور ان کو اپنی جوار رحمت عطا فرمائے -

اس ملک کے دوسرے قائدین جن کا ذکر میں نے اپنی قرارداد تعزیت میں کیا ہے جناب میاں عبدالباری ہیں وہ کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں - ان کی وفات سے اس ملک کا ایک اور روشن چراغ گل ہو گیا ہے - وہ تحریک پاکستان کے ہراول کے دستے سے تعلق رکھتے تھے اور قائداعظم علیہ الرحمتہ کے خاص معتمد تھے - قیام پاکستان سے قبل - تقسیم سے قبل وہ ساری زندگی قیام پاکستان کی سرگرمی میں مصروف رہے اور قیام پاکستان کے بعد ان کی ساری زندگی تعمیر پاکستان میں صرف ہوئی - وہ آج عدم موجود ہیں ہم سب ان کی

وفات حسرت آیات پر پورے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں اور ہم درد و کرب کے جذبات سے لبریز ہیں خدا مرحوم عبدالباری صاحب کو غریق رحمت فرمائے اور اپنی جوار رحمت میں عافیت عطا فرمائے ۔

جہاں تک چودھری عبدالحمید صاحب سپیکر مشرقی پاکستان اسمبلی کا تعلق ہے ان کی وفات سے قوم کو ایک ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے ۔ آپ نہایت خلوص ۔ محنت دیانتداری اور قابلیت کے ساتھ مشرقی پاکستان کی اسمبلی کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلاتے رہے اور ایک غیر جانبدار سپیکر کی حیثیت سے دونوں جوانب سے ان پر اعتماد کا اظہار کیا جاتا رہا ۔ انہوں نے ہمیشہ متنہ کی عزت اور وقار کو بلند رکھا ۔ ان کی وفات سے قانون دان برادری کو عظیم نقصان پہنچا ہے ۔ وہ بہت ہی صاحب احترام تھے اور دل و دماغ کی اعلیٰ صلاحیتوں کے مالک تھے ۔ آج وہ دنیا سے رحلت فرما گئے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت فرمائے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں اس معزز ایوان کے ان چار اراکین کا ذکر کرونگا جو جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں پچھلے سیشن تک اپنے فرائض کی تکمیل میں یہاں مصروف نظر آتے تھے ۔ جہاں تک پیر قربان علیشاہ صاحب کا تعلق ہے وہ بزرگ حیثیت انسان تھے انہوں نے ہمیشہ اپنے تجربہ کی بناء پر اور حوصلہ مندی کی بناء پر اس معزز ایوان کو مفید تجاویز سے نوازا ۔ وہ اپنے علاقائی مسائل کو حل کرنے کے لئے اندرون ایوان اور بیرون ایوان ہمیشہ منہمک اور مصروف رہتے تھے ۔ ہم ان کی وفات حسرت آیات پر پورے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں ۔ خدا ان کو غریق رحمت کرے اور اپنی جوار رحمت میں جگہ دے ۔ چودھری وحیداللہ صاحب ہم سب کے دوست تھے ان کی کسی سے پرخاش نہ تھی ۔ ان کو سب دوستوں کا اعتماد حاصل تھا ۔ وہ اپنے علاقے کی مشکلات اور اپنے علاقے کی بہتری اور ترقی کے سلسلے میں ہمیشہ مصروف رہتے تھے وہ محکمہ آبپاشی و برقیات کی سٹینڈنگ کمیٹی کے صدر بھی تھے ۔ مجھے ان کے ساتھ قانون سازی سے متعلق کام کرنیکا موقع ملا ۔ وہ یقیناً ایک مخلص انسان تھے ۔ فرض شناس تھے ۔ ہم سب ان کی وفات پر رنج و غم کے جذبات سے لبریز ہیں ۔ آج وہ عدم موجود ہیں ۔ خدا ان کو اپنی جوار عافیت میں جگہ عطا فرمائے ۔

قاضی غلام شبیر صاحب ایک سدا بہار شخصیت تھے ۔ ہر شخص

ان سے متعارف تھا اور ان کی بلند حوصلگی کا پورا معترف تھا ۔ وہ ہمیشہ اس معزز ایوان میں علاقائی مسائل پیش کر کے ان کا حل چاہتے تھے اور اپنے علاقے میں بہت مقبول تھے ۔ آج جبکہ وہ ہمارے ساتھ نہیں اور عالم بقا کی طرف راجع ہو چکے ہیں رحلت فرما چکے ہیں یہ معزز ایوان ان کی وفات پر درد و رنج کے جذبات سے لبریز ہے ۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔

جناب ملک کیبت خانصاحب اس معزز ایوان کے امتیازی رکن تھے ۔ ان کا جس علاقے سے تعلق تھا یا جس علاقہ سے وہ متعلق تھے ۔ وہاں کے مسائل کے حل کے سلسلے میں وہ پوری تن دھی سے اور فرض شناسی کے جذبات سے معمور ہو کر ہمیشہ منہمک رہتے تھے ۔ وہ سب کے دوست تھے اور سب کو ان کا احترام تھا اور ان کو ہم سب کا اعتماد حاصل تھا وہ ملک کے ایسے بہی خواہ تھے کہ ہمیشہ جذبات حب الوطنی سے معمور رہتے تھے ۔ وہ اب اس ایوان میں موجود نہیں ہیں وہ اس وقت عدم موجود ہیں۔ ہم سب ان کی وفات پر پورے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں ۔ اور دست بہ دعا ہیں کہ خداوند قدوس ان کو غریق رحمت فرمائےاور اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔ جناب والا ۔ ان مختصر سے جذبات کے اظہاراور ان معروضات کے بعد میں جناب والا کی خدمت میں پورے احترام سے یہ گزارش کرتا ہوں اور تحریک پیش کرتا ہوں کہ ان معزز قائدین ملک اور چار معزز اراکین اسمبلی کی ارواح کو ایصال ثواب کی غرض سے فاتحہ خوانی کی جائے اور اس کے بعد اس معزز ایوان کو آج کے دن کے لئے برخاست فرمایا جائے ۔ adjourn فرمایا جائے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ میں اس تحریک میں ایک ترمیم پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ پچھلے دنوں کچھ طلباء بھی شہید ہوئے ہیں ۔ ہمیں ان کے ساتھ دلی ہمدردی ہے ۔ اور ہم ان کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں ۔

آوازیں ۔ ہم اس کی تائید کرتے ہیں ۔

ملک محمد اختر۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ زیر بحث تحریک میں ایک ترمیم آئی ہے ۔ اور اس کی تائید بھی ہوئی ہے ۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آیا اس تحریک پر بحث کرتے ہوئے جب ہم اپنے جذبات کا اظہار کریں گے تو کیا ہمیں ان شہید طلباء کے متعلق کچھ کہنے کی اجازت ہوگی یا نہیں ؟

مسٹر سپیکر — متوفیان کے متعلق نائب قائد ایوان اپنی تقریر فرما چکے ہیں قائد حزب اختلاف ابھی تقریر فرمائیں گے - اس کے بعد جو صاحبان اپنی تقاریر میں ان کا ذکر کرنا چاہیں کر سکتے ہیں -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) — جناب سپیکر — میں محترم نائب قائد ایوان کی تجویز کی تائید کے لئے کھڑا ہوا ہوں - مجھے ان تمام جذبات سے جن کا انہوں نے اظہار فرمایا ہے کامل اتفاق ہے - اور میں ان کی پوری پوری ہمنوائی کرتا ہوں یہ دنیا فانی ہے - جو شخص اس دنیا میں وارد ہوتا ہے اسے ایک نہ ایک دن یہاں سے رخصت ہونا ہے - لیکن زندگی وہی ہے خواہ وہ کتنی ہی قلیل یا کتنی ہی طویل ہو جو ملک و ملت کے کام آئے - جو اپنی قوم کی بھلائی میں صرف ہو - جو وطن عزیز کی خدمت کرتے ہوئے گزرے - میں پہلے مرحوم مولانا محمد اکرم خان صاحب اور مرحوم مولانا عبدالباری صاحب جن کا اس تعزیتی قرارداد میں ذکر ہے - ان کے متعلق چند گذارشات اس ایوان کی خدمت میں پیش کرونگا - مولانا محمد اکرم مرحوم سے مجھے زندگی میں دس بیس بار ملاقات کا شرف حاصل ہوا - مولانا اس برصغیر کے ایک نہایت ہی نڈر اور بیباک صحافی - شہرہ آفاق ادیب - اجل عالم اور ایک فاضل بزرگ تھے - حقیقت یہ ہے کہ وہ بنگال میں اردو اور بنگلہ صحافت کے بانی تھے - بنگال کے بابائے صحافت تھے - جیسے ہم پنجاب میں مولانا ظفر علی خان مرحوم کو بابائے صحافت کے نام سے یاد کرتے ہیں - یہی بات ہم متحدہ بنگال میں اردو اور بنگلہ صحافت کے لئے مولانا اکرم خان مرحوم کے متعلق کہہ سکتے ہیں - انہوں نے ۱۹۲۰ء میں کلکتہ سے اپنا اردو روزنامہ "زمانہ" جاری کیا - اور وہ روزنامہ اس پایہ کا تھا کہ مولانا آزاد مرحوم - مولانا ظفر علی خان - مولانا حسرت موہانی اور مولانا آزاد سبحانی اس کے مقالہ نگاروں میں شامل تھے - انہوں نے نہ صرف صحافت کے میدان میں اپنے قلم کے زور سے اس برصغیر کی آزادی کے لئے جہاد کیا بلکہ انہوں نے عملی طور پر بھی اس برصغیر کی آزادی کے لئے گرانقدر خدمات سر انجام دیں - وہ تحریک خلافت

کے نامور رہنما تھے ۔ اور تحریک پاکستان کے صفحہ اول کے قائدین میں ان کا شمار تھا ۔ وہ قائد اعظم کے معتمد علیہ تھے ۔ حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے یہ سب کچھ اپنے عظیم باپ سے وراثت میں پایا تھا ۔ آزادی کے لئے تڑپ انہیں اپنے باپ سے ورثہ میں ملی تھی ۔ ان کے والد بزرگوار کا نام غازی عبدالباری تھا ۔ اور وہ سرحد میں آکر جماعت مجاہدین کے ساتھ شامل ہو کر عملی طور پر جہاد میں شریک رہے ۔ انہی کی تربیت کا نتیجہ تھا کہ مولانا نے اپنی تقریباً سو سال کی طویل عمر آزادی کی جدوجہد میں گذاری ۔ مولانا اجل عالم تھے ۔ انہوں نے قرآن مجید کا ترجمہ بنگالی زبان میں کیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی پر بنگلہ میں ایک مفصل کتاب لکھی ۔ اس کے علاوہ بھی ان کی بہت سی تصانیف ہیں جن کا تعلق اکثر و بیشتر یا مذہب سے ہے یا وطن عزیز کی آزادی سے ہے ۔ اتنے بڑے جید عالم ۔ اتنے بڑے مصنف اور اس پایہ کے رہنما کے اس دار فانی سے کوچ کر جانے سے ایک بہت بڑا خلا پیدا ہو گیا ہے جس کا پورا ہونا ممکن نظر نہیں آتا ۔ مولانا محمد اکرم مرحوم ایک طویل عرصہ تک مسلم لیگ کے نائب صدر بھی رہے ۔ انہوں نے ۱۹۶۲ء میں بعض وجوہ کی بناء پر جس کا تذکرہ اس موقع پر انتہائی ناخوشگوار ہوگا عملی سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر لی ۔ آخری عمر میں وہ طویل عرصہ تک صاحب فراش بھی رہے ۔ میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے ۔

دوسری عظیم شخصیت جو گذشتہ چھ ماہ میں ہم سے جدا ہوئی ہے ۔ وہ مولانا عبدالباری مرحوم تھے ۔ میرے ان سے نیازمندانہ تعلقات تھے ۔ ۱۹۳۸ء میں جب وہ پنجاب مسلم لیگ کے صدر منتخب ہوئے تو انہوں نے مجھے اپنی مجلس عمل میں نامزد کیا اور اڑھائی سال تک مجھے ان کی مجلس عمل کے رکن کی حیثیت سے ان کے ساتھ کام کرنے کا شرف حاصل رہا ۔ میں نے نہایت قریب سے ان کی ذات گرامی کا مطالعہ کیا ۔ وہ نہایت ہی مخلص بزرگ ۔ نڈر اور بیباک سیاسی رہنما اور ایک نہایت ہی سچے محب وطن تھے ۔ انہوں نے اس زمانے میں جب کہ سر فرانسس موڈی گورنر تھے اس بات کو سنوایا کہ سیاسی جماعت کو انتظامیہ

پر (انتظامیہ سے میری مراد وزارت ہے) بالا دستی حاصل ہے اور سیاسی جماعت اپنی پیدا کردہ وزارت کی جیب میں نہیں پڑ سکتی۔ اس فیصلہ کو انہوں نے اس زمانہ کے زعماء اور اس زمانہ کے حکمرانوں سے تسلیم کروایا اور انہوں نے اپنی جیب سے ایک فہرست نکال کر دی جس میں سے پنجاب کیلئے گورنر کے ساتھ کام کرنے کیلئے مشیر مقرر ہوئے۔ میرے خیال میں گذشتہ ۲۱ سال میں اس وطن عزیز میں کسی موقع پر کسی سیاسی پارٹی کو وہ فوقیت حاصل نہیں ہوئی جو مولانا میاں عبدالباری مرحوم کی عظیم جدوجہد کی بدولت اس زمانہ میں اس صوبہ کے ایک حصہ کی مسلم لیگ کو حاصل تھی یا سیاسی جماعت کو حاصل تھی۔ مولانا مرحوم نے بعض اختلافات کی بناء پر مسلم لیگ سے استعفیٰ دے دیا۔ اس زمانہ میں اختلاف یہ تھا کہ خان لیاقت علی خان جو اسوقت وزیر اعظم تھے مسلم لیگ کے صدر منتخب ہو گئے۔ یہ مسئلہ متنازعہ فیہ تھا مولانا میاں عبدالباری مرحوم اور قائد ملت مرحوم کے درمیان۔ اس تنازعہ کی بناء پر مولانا مرحوم نے مسلم لیگ سے استعفیٰ دے دیا اور وہ ۱۹۵۱ء کے بعد اسمبلی میں حزب اختلاف کی نشستوں پر بیٹھے۔ انہوں نے حزب اختلاف کی نشستوں پر بیٹھ کر نہایت بے باکی سے اس زمانہ کی حکومت پر نکتہ چینی کی اور اسکے بعد ۱۹۵۸ء میں یہ فخر بھی حاصل ہوا ہے کہ وہ اپنے حلقہ نیابت کی جانب سے مرکزی اسمبلی کے رکن بھی رہے۔ میری رائے میں انہوں نے مرکزی اسمبلی میں بھی اپنے فرائض کو نہایت احسن طریقہ سے سرانجام دیا۔ مولانا مرحوم مقتدر بزرگ تھے انہوں نے مسلم لیگ سے علیحدگی کے بعد اس ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے ایک مبسوط رسالہ لکھا قائد وہ رسالہ اب بھی میرے پاس کہیں پڑا ہو۔ وہ اس بات کے داعی تھے کہ یہ ملک اسلام کے نام پر قائم کیا گیا ہے اس لئے یہاں اسلامی نظام نافذ کیا جائے اور وہ ساری عمر اسی کوشش میں لگے رہے۔ مولانا مرحوم ان مجاہدوں میں سے تھے جنہوں نے ماضی قریب میں یعنی گذشتہ چند سالوں میں اس ملک کو قائم کرنے اور اس ملک کو مستحکم کرنے کی جدوجہد ہی نہیں کی بلکہ مولانا مرحوم کا تعلق تحریک خلافت۔ تحریک عدم تعاون اور تحریک ہجرت سے بھی رہا۔

زمانہ طالب علمی سے لیکر آخر تک وہ اسی جدو جہد میں رہے کہ پہلے اس ملک کا قیام عمل میں آئے پھر یہاں اسلامی نظام قائم ہو ۔ مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی ان کوششوں اور کاوشوں کی بدولت انکی خطاؤں کو معاف کرے گا اور انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے گا ۔

جہاں تک چودھری عبدالحمید کا تعلق ہے مجھے افسوس ہے کہ میں ان کی ذات گرامی سے شناسا نہیں ہوں ۔ اخبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ایک بھرپور زندگی گزاری اور وہ دینی اعتبار سے ایک کامیاب شخص تصور کئے جاتے تھے ۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے ۔

ہمارے ایک نہایت ہی معزز اور محترم ساتھی پیر قربان علی صاحب مرحوم بھی ہم سے جدا ہو گئے ہیں ان کے ساتھ اکثر و بیشتر اسمبلی کے اجلاس کے دوران ہمیں اٹھنے بیٹھنے کا موقع ملتا تھا کیونکہ وہ Noes Lobby میں ہی ہمارے ساتھ بیٹھتے تھے اور 'Pipals' میں ہی اکثر ان کا قیام ہوتا تھا ۔ وہ ایک منجھے ہوئے اور سلجھے ہوئے بزرگ تھے ۔ وہ سابقہ سندھ اسمبلی میں سپیکر کے عہدہ پر فائز رہے اور ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین بھی رہے ۔ وہ ایک نہایت ہی سنجیدہ طبیعت اور وسیع علم کے مالک تھے ۔ ان سے کسی مسئلہ پر گفتگو کرنے سے پتہ چلتا تھا کہ ان کا مطالعہ نہایت وسیع تھا ۔ وہ مجھ پر ذاتی طور پر کرم فرمائی کرتے تھے اور میرے ساتھ نہایت محبت اور اخلاص سے پیش آتے تھے ۔ میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

چودھری وحیداللہ صاحب مرحوم اور قاضی غلام شبیر صاحب مرحوم سے میرے دوستانہ مراسم تھے ۔ وہ مرنجان مرنج بزرگ تھے اور میرے ساتھ نہایت ہی مہربانی سے پیش آتے تھے میں ان کی کرم فرمائیوں کا شکر گزار ہوں اور ان کی مغفرت کیلئے دعا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ ان کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔

ملک کیبت خان صاحب مرحوم کی وفات جن حالات میں ہوئی ہے مجھے اس کا دلی افسوس اور دلی رنج ہے ۔ وہ بے چارے کسی دشمنی کی وجہ سے گولی کا نشانہ بنا دیئے گئے ۔ مجھے امید ہے کہ حکومت ضرور اس مسئلہ کے متعلق اقدامات کر رہی ہو گی ۔ مجھے ان کی ذات

حسرت آیات پر دلی رنج ہے اور میں ان کی مغفرت کیلئے دعا مانگتا ہوں اور ان کے پسماندگان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ نائب قائد ایوان نے اپنی تقریر کے آخر میں ارشاد فرمایا ہے کہ اس قرار داد تعزیت پر محترم دوستوں کی طرف سے اظہار خیال فرما لینے کے بعد مرحومین کیلئے دعائے فاتحہ پڑھی جائے اور اسکے بعد اجلاس برخاست کر دیا جائے ۔ میں اسکی تائید کرتا ہوں ۔ اسکے ساتھ ہی میں یہ بھی اپنا فرض منصبی سمجھتا ہوں کہ (جیسا کہ مو ے ایک دوست نے تجویز فرمایا ہے اور میں اسکی تائید پہلے کر چکا ہوں) جو نوجوان گزشتہ دنوں گولی کا نشانہ بنے میں ان کیلئے دعائے مغفرت مانگوں مجھے افسوس ہے کہ میں اس وقت اس موضوع پر کچھ زیادہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ کیوں گولی کا نشانہ بنے ۔ اس آزاد مملکت میں جب وہ جذبات کا اظہار کر رہے تھے تو ان کو گولی کا نشانہ کیوں بنایا گیا یہ واقعات نہایت ہی افسوسناک اور رنج دہ ہیں اور اگر حکمران طبقہ اس سے عبرت پکڑنا چاہے تو عبرت پکڑی جا سکتی ہے ۔ آج صبح محترم قاری صاحب نے جو آیات قرآنی تلاوت فرمائیں ان میں اس بات کا ذکر تھا کہ اللہ تعالیٰ تکبر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا ۔ جو لوگ اس وقت حکومت کے نشے میں بد مست ہیں جو انسانی جان کی وقعت کو صرف اس قدر سمجھتے ہیں کہ کسی کو گولی کا نشانہ بنا دیا جائے اور کسی ہنستے کھیلتے نوجوان کو موت کی نیند سلا دیا جائے کسی کے گھر کے چراغ کو گل کر دیا جائے ۔ ان کو یاد ہونا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی پکڑ ڈ ۔ ھت ہے ۔ وہ دیر سے پکڑے تو پکڑے لیکن پکڑتا ضرور ہے ۔ بعض ظالموں کی رسی دراز ہو جاتی ہے لیکن ظلم کا نتیجہ آخر کار غیر مفید مضر اور ضرر رسان ہوتا ہے ۔

میں ان نوجوانوں کے لئے جو گذشتہ دو ماہ میں نوشہرہ اور راولپنڈی میں شہید ہوئے دعائے مغفرت کرتا ہوں اور ان کے والدین کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں ۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

REFERENCE TO LATE KHAWAJA MUHAMMAD ASAD, SON OF KHAWAJA MUHAMMAD SAFDAR, M.P.A.

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمیدالدین) ۔ جناب سپیکر ۔ میں صرف نصف منٹ میں ایک بات عرض کرنے کی اجازت چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ پسند فرمائیں تو آخر میں فرمادیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات—اس خیال سے کہ اس سلسلہ میں تواتر رہے ۔ اور اس رعایت سے کہ وہ نوجوان جن کا میں ذکر کرنا چاہتا ہوں ہمارے قائد حزب اختلاف کے صاحبزادہ تھے (میری مراد خواجہ محمد اسد مرحوم سے ہے) ۔ میں ان کی وفات حسرت آیات پر بڑے رنج و غم کا اظہار کرتا ہوں ۔ اور دعا کرتا ہوں کہ خدائے قدوس انہیں اپنے سایۂ عاطفت میں رکھے ۔ اور غریق رحمت فرمائے وہ اپنی لحد میں استراحت فرمائیں اور پورے سکون سے رہیں ۔ ان کے والدین اور بالخصوص ان کے والد محترم کو جو اس وقت اس معزز ایوان میں بحیثیت حزب اختلاف تشریف فرما ہیں صبر جمیل عطا فرمائے ۔ شکریہ ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ۶)—جناب سپیکر - پچھلے ۶ ماہ کے عرصہ میں اس ملک کی بعض نامور شخصیتوں کا اس دنیائے ثانی سے کوچ کر جانا اور ان کے ساتھ ساتھ اس معزز ایوان کے چار معزز ارکان کا داغ مفارقت دے جانا ایک ایسا سانحہ ہے جس کو ہم بہت دیر تک بھلا نہیں سکیں گے ۔ جس کی ٹیس کافی عرصہ تک ہم محسوس کرتے رہیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ موت زندگی کے عارضی ہونے کی لافانی حقیقت کا اعلان ہے ۔ روحوں سے رابطہ پیدا کرنا ممکن نہیں لیکن جیسا کہ آپ کو علم ہے اس ملک میں زندگی اتنی مزیدار نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ لوگ پس ماندگان کی فہرست میں عام طور پر ان کی اولاد اور ان کے والدین اور عزیز و اقارب کو شامل کرتے ہیں ۔ لیکن بعض ایسی شخصیتیں جو اس ۶ ماہ کے عرصہ میں اس دنیائے فانی سے کوچ کر گئیں اور جن میں مولانا محمد اکرم خان اور میاں عبدالباری شامل تھے ۔ ان کے پس ماندگان میں ساری کی ساری پاکستانی قوم شامل ہے ۔ میرے خیال میں تحریر و تقریر کی پابندیوں کے اس دور میں جب کہ آزادی پابند سلاسل ہے ان کا اس دار فانی سے کوچ کر جانا قوم کا عظیم اور ناقابل تلافی نقصان ہے ۔

ان تک پیر قربان علی صاحب کی وفات کا تعلق ہے ۔ مجھے ان کو بہت قریب سے دیکھنے اور ان کی معلومات اور ان کے تجربات سے استفادہ کرنے کا موقع نصیب ہوا ہے ۔ وہ ایک

علم دوست تجربہ کار قانون دان تھے - وہ ایوان کی کارروائی میں بوجوہ اتنا بڑھ چڑھ کر حصہ نہیں لیتے تھے لیکن میرے خیال میں وہ اس ایوان کے تجربہ کار قانون دان افراد میں سے ایک تھے -

جہاں تک چودھری وحید اللہ صاحب کا تعلق ہے وہ میرے انتہائی مخلص اور ملنسار بھائی تھے ان کی ملنساری کی یہ کیفیت تھی کہ لنڈی کوتل سے لیکر بلوچستان تک کے اراکین سے ان کے ذاتی تعلقات تھے - اور ہر شخص انہیں ایک بہت گہرے دوست کی حیثیت سے جانتا اور سمجھتا تھا -

قاضی غلام شبیر صاحب انتہائی وضع دار - مہمان نواز اور نفاست پسند انسان تھے - ان کو اپنے علاقے اور اپنے علاقے کی اشیائے پیداوار سے اس حد تک محبت تھی کہ "Pipals" میں قیام کے دوران میں سبزیاں چنیوٹ سے منگوا کر استعمال کرتے تھے جب کبھی میرے ایسے صاف گو انسان ان سے ملتے تو ان کی مٹھاس ہماری تلخ باتوں کو اکثر اوقات شیرینی میں تبدیل کر دیتی -

کیپٹ خان صاحب کا اس دنیائے فانی سے انتہائی ناگہانی طور پر تشریف لے جانا ہمیں اس ملک میں اور اس صوبہ میں بڑھتی ہوئی قتل و غارت کی وارداتوں کے انسداد کی جانب خصوصی توجہ دینے کا احساس دلاتا ہے - جہاں تک مجھے علم ہے وہ پنجابی اور اردو زبان نہیں جانتے تھے - اس لئے ان کے خیالات سے استفادہ کرنے کا موقع نصیب نہیں ہوا - مجھے اس قانون ساز ادارے کے ان چار بزرگوں اور ساتھیوں سے خاص طور پر عقیدت اس لئے بھی ہے کیونکہ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے ان میں سے ایک بزرگ بھی ایسا نہیں تھا جس کے پاس روٹ پرمٹ تھا یا اس نے روٹ پرمٹ حاصل کرنے کی کوشش کی ہو - جناب سپیکر - میں اس دور میں اس قسم کے معزز اراکین کو انتہائی قابل تقلید شخصیتیں گردانتا ہوں - کیونکہ اس دور میں انہوں نے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ایوان کے معزز ارکان کی حیثیت سے کام کیا ہے -

جناب سپیکر - طلبا قوم کا متاع عزیز ہوتے ہیں انکو گولیوں کا نشانہ بنانا کسی لحاظ سے بھی جائز قرار نہیں دیا جا سکتا - مجھے ان شہداء ہی سے نہیں بلکہ انکے ورثاء سے اور اس صوبے کے تمام طلباء سے خصوصی ہمدردی ہے - چونکہ وہ شہید ہیں یقینی طور پر اللہ تعالیٰ نے انکو جوار رحمت میں جگہ دی ہو گی لیکن یہ انتہائی دکھ کا مقام ہے کہ ہمارے حکمران طلباء کے یا اس قوم کے مسائل حل کرنے کی بجائے ان لوگوں کو جو اپنے جائز مطالبات کیلئے جدوجہد کرتے ہیں گولیوں کا نشانہ بناتے ہیں - میں اپنے حکمرانوں کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ ان شہداء کی موت ضرور رنگ لائے گی - میں آخر میں تمام بزرگوں اور ان طلباء کیلئے دعائے مغفرت کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے التجا کرتا ہوں کہ انکو جنت الفردوس میں جگہ دے اور انکے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے -

ملک مظہر اختر (لاہور - ۲) - جناب صدر - یہ ایک نہایت مقدس قرار داد ہے جسکی تائید میں میں بھی شامل ہونا چاہتا ہوں - جناب صدر - ہر مرحوم کیلئے ہر بزرگ کیلئے کافی کچھ کہا جا چکا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ مولانا محمد اکرم صحافت کے آسمان پر ایک درخشندہ چاند کی حیثیت رکھتے تھے - انہوں نے اپنی صد سالہ زندگی میں انگریز کے زمانے میں اور اسکے بعد یعنی قیام پاکستان کے بعد صحافت کی عزت کیلئے بے پناہ خدمات سرانجام دیں - جناب والا - میں زیادہ بات نہیں کرنا چاہتا تاکہ زیادہ سے زیادہ دوست اس قرارداد پر اظہار خیال کر سکیں - میں اختصار کیساتھ مولانا محمد اکرم کے بعد مولانا باری مرحوم کا ذکر کروں گا جن کے ساتھ مجھے کام کرنیکا شرف حاصل رہا ہے انکی بے باک خدمات اور انکے اس جذبے کا مجھے اعتراف ہے جسکے تحت وہ قیام پاکستان سے قبل اور تحریک خلافت سے قبل بلکہ ہجرت کی تحریک میں بھی ایک نمایاں اور منفرد حیثیت رکھتے تھے - انہوں نے قیام پاکستان کے بعد جس طور پر گورنر ہوڈی کیساتھ ٹکر لی - اسکا ذکر قائد حزب اختلاف پہلے کر چکے ہیں کہ وہ کسطرح سے گورنر سے ٹکرا گئے تھے بلکہ

اسوقت کے وزیر اعظم سے بھی وہ ٹکراگئے تھے - انہوں نے اپنی ایک علیحدہ جماعت جناح عوامی لیگ کے نام سے قائم کی اور مجھے اسوقت بھی انکے ساتھ کام کرنے کا شرف حاصل رہا میں انکے ساتھ آپوزیشن میں تھا -

جناب والا - اسکے بعد مجھے مشرقی پاکستان کی مقننہ کو جو عظیم نقصان پہنچا ہے اس کی طرف توجہ دلانا ہے - میری مراد جناب عبدالحمید چودھری سے ہے جو مشرقی پاکستان اسمبلی کے سپیکر تھے - اسکے بعد میں وحیداللہ صاحب غلام شبیر صاحب اور ملک کہت خان کیلئے بھی دعائے مغفرت کرتا ہوں - جہاں تک اخبارات کے ذریعہ معلومات کا تعلق ہے مشرقی پاکستان کے سپیکر نہایت ہی خلوص سے اور غیر جانب دارانہ طور پر اپنے فرائض کو سر انجام دیتے تھے - وہ ایک اعلیٰ قانون دان تھے - اب مجھے نہایت ہی دکھ کے ساتھ اپنے چاروں ساتھیوں کے متعلق عرض کرنا ہے جو گزشتہ ۶ ماہ میں رحلت فرما چکے ہیں یعنی چودھری وحید اللہ صاحب پیر قربان علی صاحب قاضی غلام شبیر صاحب اور ملک کہت خان — جناب والا اس دنیا میں کسی چیز کو قیام نہیں - X X X X X X X X X X

*X X X X X X X (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker: Order, please.

ملک صاحب کا یہ جملہ اسمبلی کی کارروائی سے حذف کیا جاتا ہے -

ملک مجید اختر - جناب والا - اس کے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ گذشتہ دو ماہ میں یعنی نومبر اور دسمبر کے دوران میں ہمارے مغربی پاکستان کے شہر نوشہرہ اور راولپنڈی کے مقام پر فائرنگ سے ہمارے چند نوجوان شہید ہوئے - مجھے اس بات پر فخر کرنا چاہئے کہ حزب اقتدار کی جانب سے ان شہداء کے لئے اس تحریک میں ترمیم آئی کہ ان کے لئے بھی دعائے مغفرت کی جائے - جناب والا - اس وقت میں کسی نزاعی مسئلہ میں الجھنا نہیں چاہتا - ہمارے پاس کافی وقت ہے ہم نظم و نسق پر بات کرتے رہیں گے - ایجنڈے پر items موجود ہیں ان کے متعلق گفتگو اطمینان سے ہوگی - سر دست میں صرف اسی قدر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان نوجوانوں کا جو مقصد تھا وہ نہایت ہی بیباک تھا - وہ بحالی جمہوریت اور آزاد صحافت کے لئے نعرے لگاتے نکلے تھے اور انہیں شہید کر دیا گیا - میں جناب والا - صرف اس قدر

*Expunged as ordered by the Speaker.

گذارش کرتا ہوں کہ میں ان تمام بزرگوں کے لئے اور اپنے ساتھیوں کے لئے اور ان طالبعلموں کے لئے جو گذشتہ دو ماہ میں شہید ہوئے ہیں دست بدعا ہوں کہ خداوند تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے۔

سید ظفر علی شاہ (نواب شاہ)— جناب سپیکر۔ اس ایوان میں معزز وزیر صاحب نے جو قرارداد پیش کی اور قائد حزب اختلاف نے جس کی تائید کی ہے میں اپنی جانب سے بھی اس قرارداد کی تائید کرتا ہوں۔ جن بڑے لوگوں نے گذشتہ چند ماہ میں اچانک رحلت فرمائی ان میں سے بہت سے اس زمانے سے تعلق رکھتے ہیں جو گذرا ہوا زمانہ ہے۔ مولانا اکرم خان صاحب کا نام ہم اخبارات میں پڑھتے آئے ہیں۔ ان کی سیاسی سماجی اور صحافت کے میدان میں بڑائی ہر ایک کے لئے باعث تقلید ہے۔ لیکن ایسے بڑے آدمی کے متعلق ان کی زندگی اور ان کے کاموں کے متعلق کوئی ایسی تجویز ہونی چاہئے جس سے ان کی زندگی کے حالات قلمبند کئے جاسکیں اور ان کی اہم خصوصیات اور ن کی صفات کو کتابوں کی صورت میں موجودہ نسل کے لوگوں کے پڑھنے کے لئے یا ان لوگوں کے فائدے کے لئے جو اس زمانے سے تعلق رکھتے ہیں مہیا کیا جا سکے۔ اگر ایسا ہو جائے تو بہت ہی اچھا ہو۔ اس کے بعد مولانا عبدالباری صاحب کا نام بھی سارے لوگوں نے سنا ہے اور بہت سارے لوگ جانتے ہیں کہ وہ سیاسی میدان میں بہت بڑی حیثیت کے مالک تھے اور بہت منفرد حیثیت رکھتے تھے۔ اس کے بعد چودھری عبدالحمید صاحب جو مشرقی پاکستان اسمبلی کے سپیکر رہے وہ بھی اپنے عہد میں ایک خاص مقام رکھتے تھے۔ اس کے بعد ہمارے چار معزز اراکین کا ذکر کیا گیا ہے جو پچھلے چند ماہ میں فوت ہوگئے۔ میں ذاتی طور پر ان میں سے صرف ایک کو یعنی پیر قربان علی صاحب کو جانتا ہوں۔ وہ ایک بہت سیدھے سادے انسان تھے اور اپنے علاقے کے بہت سلجھے ہوئے اور نیک انسان تھے۔ وہ ایک مڈل کلاس یعنی درمیانہ یا متوسط طبقے کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے اور انہوں نے اپنی زندگی میں بڑے ups and downs اور بڑے ہی مرحلے دیکھے تھے۔ وہ پارٹیشن سے پہلے لوکل بورڈ نواب شاہ کے صدر تھے اور ۱۹۵۳ء میں جب سندھ اسمبلی کا بالغ رائے دہی کے اصول پر پہلا انتخاب ہوا تو وہ اس میں اپنے علاقے سے منتخب ہو کر آئے۔ اس کے بعد وہ ڈپٹی سپیکر بنے اور جب میر غلام علی تالپور کو

جو ون یونٹ بنانے کے ریزولیوشن کے وقت سپیکر کے عہدے پر تھے کچھ دن کے لئے جیل بھیج دیا گیا تو پیر صاحب نائب سپیکر سے سپیکر بنے اور ون یونٹ کی قرارداد جو پاس ہوئی وہ ان کی صدارت میں پاس ہوئی تھی۔ اس کے بعد ۱۹۶۲ء میں پہلا انتخاب ہوا تو وہ آزاد ممبر کی حیثیت سے کھڑے ہوئے لیکن ان کو کامیابی نہیں ہوئی۔ ۱۹۶۵ء میں وہ اس علاقے سے انتخاب لڑے جس میں میں بھی امیدوار تھا مجھے ناکامی ہوئی اور ان کو کامیابی ہوئی۔ میں ذاتی طور پر ان کا احترام کرتا تھا۔ ایسے لوگ جو سیاست میں مقابلہ کرتے ہیں یا مخالفت کرتے ہیں لیکن سیاست اور ذاتیات کو الگ رکھتے ہیں ان کا احترام کیا جانا چاہئے اور میں اس وجہ سے بھی ان کا احترام کرتا ہوں۔ جناب صدر۔ اس کے علاوہ ایک صاحب نے ایک معزز رکن نے ان لوگوں کا کچھ ذکر کیا جو حالیہ فسادات میں فوت ہوگئے ہیں۔ تشدد کوئی پسند نہیں کرتا۔ تشدد مزید تشدد کو پیدا کرتا ہے۔ ہم جمہوریت میں اعتماد رکھتے ہیں۔ہم ballot پر اعتماد رکھتے ہیں۔ bullet پر اعتماد نہیں رکھتے لیکن جب جمہوری اقدار کیلئے اختلاف رائے کی بناء پر کوئی منظم چیز سامنے آتی ہے اور اسکی وجہ سے اتنا شدید اختلاف ہوتا ہے کہ ٹکر ہو جاتی ہے تو بھی تشدد کے ذریعے اس کو نپٹانا کوئی اچھی اور قابل قدر بات نہیں۔ چاہے وہ حزب اختلاف کیطرفسے ہو چاہے وہ حکومت کی طرف سے ہو یا وہ ان لوگوں کی طرف سے ہو جو کسی سے تعلق نہیں رکھتے لیکن اپنے حقوق منوانے کیلئے آگے نکلے ہوں۔ بہر حال جو کچھ ہوا وہ اچھا نہیں ہوا۔ میں اپنی طرفسے ان لوگوں کی موت پر بہت افسوس کرتا ہوں کہ وہ ان حالیہ فسادات کیوجہ سے اپنی جان کھو بیٹھے اور اس کے علاوہ ہمارے معزز ایوان کے قائد حزب اختلاف جو بہت مقتدر ہستی ہیں۔ انہوں نے ایوان کی بڑی خدمت کی ہے۔ انہوں نے اپنی محنت اور کوشش کیوجہ سے پوری قوم کی خدمت اور بہتری کے لئے جدوجہد کی ہے۔ ان کو جو ذلتی صدمہ پہنچا ہے میں ان کے اس صدمے میں شریک ہوں۔ ان کے رنج میں شریک ہوں۔ جناب سپیکر۔ ان الفاظ کیساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

سید عنایت علیشاہ (پشاور-۳)۔جناب سپیکر۔ میں جناب مخدوم صاحب کی پیش کردہ قرارداد کی دل سے تائید کرتا ہوں۔

دنیا چند روزہ چیز ہے لیکن عظمت کی نشانی یہی ہے کہ موت کے بعد بھی ان لوگوں کو یاد کیا جائے اور یقیناً وہ لوگ جو ہم سے بچھڑ گئے ہیں عظیم لوگ تھے۔ ہم لوگ خدا سے دست بدعا ہیں کہ پروردگار ان کو اپنی جوار رحمت میں جگہہ اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

اس کے علاوہ حالیہ واقعات میں کچھ طالب علم ہم سے بچھڑ گئے۔ہمیں ان کا دلی افسوس ہے۔ طلباء سرمایہ عظیم ہیں وہ مستقبل کا نظم و نسق سنبھالنے والے ہوتے ہیں۔ پریذیڈنٹ صاحب نے بھی اپنی تقریر میں ان کے بچھڑنے پر رنج کا اظہار کیا تھا۔ ہمیں ان کے بچھڑنے کا کافی افسوس ہے۔ میں اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہوں کہ وہ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے والدین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ خواجہ صاحب کے لڑکے کے ساتھ جو حادثہ ہوا۔ اس کے لئے بھی ہم دلی رنج محسوس کرتے ہیں۔ اور خواجہ صاحب سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔

آخر میں میری یہ گذارش ہے کہ ان سب لوگوں کے لواحقین کو اسمبلی کی طرف سے ہمدردی کے پیغامات ارسال کئے جائیں۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی۔ ۸)۔ جناب والا۔

عجب سرا ہے یہ دنیا کہ جس میں شام و سحر
کسی کا کوچ کسی کا مقام ہوتا ہے

زندگی اور موت کا سلسلہ جب سے دنیا قائم ہے چلا آرہا ہے اور جب تک دنیا باقی رہے گی یہ باقی رہے گا۔ آج سائنس کی انتہائی ترقی کے باوجود جبکہ ہم چاند کی سرحدوں کو چھو رہے ہیں موت کا علاج دریافت نہیں کیا جا سکا اور کسی شخص کو موت سے چھٹکارا نہیں مل سکا۔ ہر چیز جو زمین کی پیٹھ پر وجود میں آئی ہے اسے زمین کے پیٹ میں جانا ہے۔ پودے۔ جانور۔ پرندے۔ انسان بڑی سے بڑی قوت جو زمین کی پیٹھ پر آتی ہے اس کا زمین کے پیٹ میں جانا ضروری ہے۔ زندگی اور موت کے فلسفہ کے متعلق کسی کا ایک بڑا اچھا مقولہ ہے کہ دنیا میں جو چیز سب سے زیادہ یقینی ہے۔ جس کی یقین کے بارہ میں کافر اور ملحد مشرق اور مغرب کے رہنے والوں اور کالوں اور گوروں میں سے کسی کو اختلاف نہیں وہ انسان کی موت ہے۔ اور اس دنیا میں جو چیز سب سے زیادہ غیر یقینی ہے، جس پر

ہم ایک لمحہ کے لئے بھی یقین نہیں کر سکتے وہ آدمی کی زندگی ہے ۔ لیکن یہ انسان کی بڑی بد قسمتی ہے کہ جو چیز سب سے زیادہ یقینی ہے اس کے لئے ہم تھوڑا کام کرتے ہیں ۔ اور جو سب سے زیادہ غیر یقینی ہے اس کے لئے وسائل اور آسائشیں مہیا کرنے میں ہمارا سارا وقت صرف ہو جاتا ہے ۔ انسان کی زندگی کا کمال یہ ہے کہ جو چیز یقینی ہے اس کے لئے کام کیا جائے ۔ مولانا محمد اکرم خان اور مولانا عبدالباری کی زندگیوں سے ہم یہ سبق حاصل کر سکتے ہیں کہ انہوں نے اس چیز کو پیش نظر رکھا کہ جو چیز یقینی ہے اس کے لئے کوشش کریں ۔ ان کی ساری زندگیاں اس نقطہ نظر کی گواہ اور شاہد ہیں ۔ جناب والا ۔ سب سے زیادہ ضروری چیز یہ ہے کہ انسان اس بات کو نہ بھولے کہ اس نے خدا کے سامنے جوابدہ ہونا ہے اور وہ آخری وقت تک اسلام ، ملک ، قوم اور انسانی آزادی کے لئے تحریر و تقریر کی آزادی کے لئے کوشاں رہے ۔ اور اس کے لئے اپنی ساری زندگی وقف کر دے ۔

یہ حضرات جو ہم سے بچھڑ گئے ہیں اور ہمیں داغ مفارقت دے گئے ہیں ۔ جن کے لئے یہ تحریک تعزیت پیش کی گئی ہے ہمیں ان کی زندگیوں سے کچھ سبق بھی حاصل کرنا چاہئیے ۔ ہمیں یہ دیکھنا چاہئیے کہ انہوں نے اپنی زندگیاں کن چیزوں کے لئے وقف کی تھیں اور ہمیں ان کے نقش قدم پر چلنے کے لئے جدوجہد کرنی چاہئیے ۔ پھر جناب والا اس ایوان کے ہمارے وہ ساتھی جو چند دن پہلے تک ہمارے ساتھ بیٹھتے تھے آج وہ ہم سے بچھڑ گئے ہیں یہ بھی زندگی کی بے ثباتی کی ایک علامت ہے ۔ میں ان کے لئے تہ دل سے مغفرت کی دعا کرتا ہوں ۔ اللہ تعالیٰ ان کی لغزشوں سے درگزر فرمائے ۔ انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے ۔

پھر جناب والا یہ طلباء جو پچھلے چند مہینوں میں اپنے والدین سے بچھڑ گئے ہیں اور اس دنیا سے رخصت ہو گئے ہیں ان کے لئے بھی اس تحریک میں ترمیم پیش کی گئی ہے ۔ یہ صرف چند جوانوں کی موت کا واقعہ نہیں ۔ یہ چند بہنوں کے پیاروں کی موت کا واقعہ نہیں ۔ یہ صرف چند والدین کے لاڈلوں کے

بچھڑنے کا واقعہ نہیں یہ ان لوگوں کی تحریک تعزیت ہے جن کے جوان قلوب کے اندر نہ جانے کتنے مولانا محمد اکرم اور کتنے مولانا عبدالباری بھرے پڑے تھے - یہ ہمارے آئندہ کے عالم اور سیاست دان اور رہنما تھے جو ہم سے بچھڑ گئے ہیں - جو ہماری کرتوت کی وجہ سے ہماری اپنی زیادتیوں کی وجہ سے اس نظام کی وجہ سے جس میں نعروں کا جواب گولیوں سے دیا جاتا ہے - جس میں بجائے اس کے کہ مطالبات کو پورا کیا جائے یا لوگوں کو باور کرایا جائے کہ ان کے مطالبات غلط ہیں - ان کا جواب گولی سے دیا جاتا ہے ان کے سینے گولیوں سے چھلنی کر دئیے جاتے ہیں - یہ اموات ہماری اپنی کرتوتوں اور اس نظام کی خرابیوں کا نتیجہ ہیں - میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ ان شہدا کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے والدین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان لوگوں کو عقل و سمجھ دے جنہوں نے اس نظام کو جاری کیا ہے -

رانا پھول محمد خان (لاہور - ۷)—جناب سپیکر- جناب مخدوم صاحب نے جو قرارداد تعزیت پیش کی ہے میں اس کی تائید کرتے ہوئے جناب مولانا محمد اکرم خان ، جناب مولانا عبدالباری اور جناب چودھری عبدالحمید کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے -

ان کے علاوہ جناب والا ہمارے نہایت قابل قدر بھائی جناب پیر قربان علی صاحب جو مجھے بیٹا پھول کے نام سے پکارا کرتے تھے ہم سے بچھڑ گئے ہیں - ان کی باتیں آج مجھے یاد آتی ہیں - اور میرا دل رو رہا ہے - مجھے ان کی وفات کا انتہائی صدمہ ہے - ہم ان کے پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں - میری دعا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے -

ان کے علاوہ جناب چودھری غلام شبیر صاحب میرے بھائی اور اچھے دوست تھے - وہ ہماری پارٹی کے سلجھے ہوئے رکن تھے - ان کی موت پر مجھے سخت افسوس ہے - دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے -

جناب والا ۔ ان کے علاوہ بھائی وحیداللہ خان کی جدائی سے ہمیں جو صدمہ ہوا ہے وہ ناقابل بیان ہے ۔ وہ اس ایوان کے ایسے رکن تھے جنہیں تمام اراکین نے بھائی کا لقب دیا ہوا تھا ۔ انہیں 'Pipals' میں جج کا درجہ حاصل تھا ۔ جب ہم میں کوئی اختلاف ہوتا تو وہ واحد شخصیت تھے جو سب کے گلے شکوے سن کر صلح صفائی کرا دیتے تھے ۔ ان کی ہر وقت یہ کوشش ہوتی تھی کہ انہیں کوئی دوست خدمت کا موقع دے ۔ اگر موجودہ دنیا میں کسی اچھے دوست کو تلاش کیا جائے ۔ دوستی کے معیار پر پرکھا جائے ۔ تو میرا یہ ایمان ہے کہ چودھری وحیداللہ جیسی خوبیوں کا مالک انسانوں کی دنیا میں نہیں مل سکیگا ۔ ان کی جدائی کا صدمہ ہمارے لئے نا قابل برداشت ہے ۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ۔

ملک معراج خالد (لاہور ۔ ۰) ۔ جناب سپیکر—جناب مخدوم صاحب کی طرف سے جو قرار داد پیش کی گئی ہے میں اس کی پوری پوری تائید کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ مولانا محمد اکرم خان صاحب کی ذات گرامی نہ صرف ہمارے لئے بلکہ آنے والی نسلوں کے لئے بھی مشعل راہ رہے گی ۔ اور زندگی کے ہر میدان میں ان کی صفات اور خدمات ہمیں راستہ دکھاتی رہیں گی ۔ میاں عبدالباری کی ذات گرامی بھی بالکل انہیں کی طرح جہاد حریت کی زندہ اور تابندہ مثال ہے ۔

چودھری عبدالحمید سپیکر ، مشرقی پاکستان اسمبلی جیسا کہ ان کی زندگی ہمارے سامنے آئی ہے ان کی موت پر ہم جتنے غم کا اظہار کریں کم ہے ۔ اپنے مرحوم ساتھیوں کی وفات پر جیسا کہ دوستوں نے بجا فرمایا ہے ہمیں غم ہے ۔ ہمیں ان سے محبت تھی ۔ ہمیں ان سے انس تھا ۔ ہمیں ان سے لگاؤ تھا ۔ ہم سب ایک ساتھ تھے اس لئے قدرتی طور پر ہم ان کی جدائی محسوس کرتے ہیں ۔ اور اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں دست بدعا ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔

جناب والا ۔ میں اس وقت میاں عبدالباری مرحوم کے متعلق چند ایک باتیں عرض کرنی چاہتا ہوں ۔ ابھی یہ کہا گیا ہے کہ ہمیں ان کی زندگیوں سے سبق حاصل کرنا چاہئے اور ان کے حالات زندگی کو بیان کرنا چاہئے ۔ میاں عبدالباری مرحوم

تحریک خلافت ۔ تحریک ہجرت ۔ تحریک پاکستان اور پاکستان
بننے کے بعد تعمیر پاکستان کے سلسلہ میں جو کردار ادا کرتے
رہے ہیں وہ نہایت ہی قابل تعریف ہے ۔ اس سے نہ صرف
انسانوں نے جرات ۔ بے باکی ۔ اخلاق ۔ سچائی اور راست بازی کا
سبق حاصل کیا ہے اور اپنے عمل کو سنوارا ہے بلکہ تحریکوں نے
ان کے عمل سے زندگی حاصل کی ہے ۔ میاں عبدالباری مرحوم سے
میرا تعلق گذشتہ ۵۰ سال سے تھا جبکہ ہمیں تحریک پنچائت
کو از سر نو اس صوبہ میں زندہ کرنے کی ضرورت پڑی ۔ گورنر موڈی
نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ پنچائت کو ختم کر دیا جائے ۔ ہم
چند کارکنوں نے یہ جان کر کہ پنچائت کے ذریعہ ہم معاشرہ کی
تکمیل کیلئے ایک اچھا کام کر سکتے ہیں ۔ اور معاشرے کیلئے
پنچائت کا وجود اشد ضروری ہے ۔ ہم نے ایک تحریک کا آغاز
کیا ۔ میاں عبدالباری مرحوم تمام قائدین میں سے پہلے قائد تھے
جنہوں نے ہماری سرپرستی قبول فرمائی اور ہمارا ساتھ دیا ۔
انہوں نے ہر طرح سے ہماری امداد فرمائی تاآنکہ آٹھ سال کی
مسلسل جد و جہد کے بعد مغربی پاکستان کی حکومت کو یہ
تسلیم کرنا پڑا کہ پنچایت جیسے ادارے کا وجود نہایت
ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ میاں عبدالباری مرحوم کے ساتھ میرا دوسرا
رابطہ اس وقت پڑا جب ہمیں افریشیائی استحکام کے سلسلہ
میں پاکستان میں تحریک کا آغاز کرنا پڑا ۔ میاں عبدالباری
مرحوم نے اپنی زندگی کے اصولوں کے مطابق اور حریت پرستی کے
تقاضوں کے مطابق اور یہ جانتے ہوئے ہر کام میں ہمارا ساتھ
دیا کہ پاکستان کا مشن اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتا
جب تک اہل پاکستان اپنے عمل سے یہ ثابت نہ کر دیں
کہ سامراج مسلمانوں کا اور عالم اسلام کا سب سے بڑا دشمن ہے اور
ہم نے سامراج کی ہر یلغار کو خواہ وہ نظریاتی ہو خواہ سیاسی
ہو ۔ خواہ تہذیبی ہو اور خواہ وہ اقتصادی ہو ۔ اس کو روکنا
ہے ۔ اور ہم نے دوسری افریشیائی اقوام سے مل
کر اس کو روکنا ہے ۔ مجھے یاد ہے ، اور اس معزز ایوان میں
اور دوست بھی موجود ہیں جو یہ جانتے ہیں کہ شروع شروع میں
جب اس تحریک کا آغاز کیا گیا تو بہت ہی کم لوگ ہمارے ساتھ
ملنے کیلئے تیار ہوئے ۔ لیکن میاں عبدالباری مرحوم نے نہ صرف ہمارا

ساتھ دیا بلکہ ہماری سرپرستی فرمائی اور مرکزی اسمبلی کے اندر وہ سب سے پہلے قائد تھے جنہوں نے افریشیائی استحکام کا مقصد اپنی تقریروں کے ذریعہ پیش کیا اور دوسرے دوستوں کو آمادہ کیا کہ وہ بھی اس تحریک کے مقاصد کو اندرون اسمبلی اور بیرون اسمبلی عوام کے سامنے پیش کریں ۔ جناب والا ۔ یہ نا فرض شناسی ہو گی اگر میں یہ عرض نہ کروں کہ ان ہی کی سر پرستی کی وجہ سے صورت حال یہاں تک پہنچی کہ پاکستانی تنظیم برائے افریشیائی استحکام کا نام افریقہ اور ایشیاء کے ممالک میں بہت بلند ہو گیا ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کی دعاؤں ہی کا اثر تھا کہ آج پاکستان افریقہ ایشیاء اور لاطینی امریکہ کی بارہ ممبروں کی ایگزیکٹو سیکرٹریٹ کا ممبر ہے ۔ یہ پہلا انٹرنیشنل پلیٹ فارم تھا جہاں پاکستان نے ہندوستان کو چند ممالک کی پشت پناہی کے باوجود شکست دی ۔ میاں عبدالباری مرحوم آخری دم تک اس تنظیم کے سربراہ رہے ۔ باوجود پیرانہ سالی ۔ ضعیف العمری اور بیماری کے وہ آخری دم تک اپنے مشوروں سے ہماری راہنمائی کرتے رہے اور ہمیں اپنے مشوروں سے نوازتے رہے ۔ صرف دو مہینے قبل انہوں نے ہمیں پیغام بھیجا کہ میں اب کچھ کرنے کے قابل نہیں ہوں ۔ میری دعائیں آپکے ساتھ ہیں ۔ میں مشکلات سے پوری طرح واقف ہوں آخر کار آپ نے ہی کامیاب ہونا ہے ۔ انہوں نے فرمایا کہ میری یہ بات یاد رکھیں کہ جب تک اہل پاکستان یا پاکستانی قوم اپنی پالیسی کے لحاظ سے ۔ اپنے عمل کے لحاظ سے تمام اقوام کا خواہ وہ افریقی ہوں ۔ خواہ افریشیائی ہوں یا لاطینی امریکی ہوں ۔ ان کی جدوجہد آزادی میں پوری طرح ساتھ نہیں دیتی ۔ اس وقت تک سامراج کے خلاف اس کا مشن تکمیل پذیر نہیں ہو سکتا ۔ میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ میاں عبدالباری مرحوم کا خطبہ جو انہوں نے ۱۹۶۳ء میں دیا وہ ایک تاریخی حیثیت اختیار کر چکا ہے اور اسی خطبہ کی بناء پر پاکستان کو ہم نے جس طرح بیرون ملک پیش کیا یہ نہایت فخر کی بات ہے کہ آج اس نظریاتی موقف کو دوسرے ممالک کی تنظیمیں ۔ افریشیائی ممالک کی تنظیمیں اصولی طور پر قبول کر رہی ہیں ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میاں صاحب کی ذات گرامی ہمارے لئے ایک بہت بڑا سرمایہ تھی جو ہم سے کھو گیا ہے لیکن ان کے نقوش ہمارے سامنے ہیں جن پر ہم عمل کر کے قوم اور ملک کی خدمت کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ ان کے لئے اور دوسرے مرحومین کیلئے دعائے مغفرت میں شامل ہوتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہوں کہ اس دنیا سے جو دار فانی ہے ان کی رحلت ہمیں جو سبق دیتی ہے اس کو پورا کرنیکا ہم میں احساس پیدا ہو اور احساس پیدا ہونا چاہئے کہ ہم اس تھوڑی سی عمر میں اس تھوڑی سی مہلت میں اپنے ضمیر کے مطابق کام کر سکیں ۔ ہم میں وہ جرات پیدا ہو ۔ ہم میں وہ احساس پیدا ہو ۔

جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنے دوست سید عنایت علی شاہ صاحب کی اس تجویز کی تائید کرتا ہوں کہ جو طلباء ان ہنگاموں میں اپنی جان کھو بیٹھے ہیں یا شہید ہوئے ہیں ۔ ان کے لئے بھی دعائے مغفرت کی جائے ۔ علاوہ ازیں خواجہ محمد صفدر صاحب کے ساتھ جن کے فرزند ارجمند خواجہ محمد اسد ایک حادثہ میں شہید ہوئے ہمیں دلی ہمدردی ہے اور تمام معزز ایوان ان کے اس غم میں شریک ہے ۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل عطا فرمائے ۔

مسٹر سپیکر—گذشتہ چھ ماہ میں سیاسی رہنماؤں اور ہمارے چار ساتھیوں کا انتقال دنیا کی بے ثباتی کا مظہر ہے ۔ وہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہم سب کو یہاں سے لوٹ کر جانا ہے ۔ یہ زندگی نہایت ہی عارضی اور مستعار ہے ۔ جن رہنماؤں کے متعلق اور ہمارے ساتھیوں کے متعلق فاضل نائب قائد ایوان مخدوم حمیدالدین صاحب نے قرار داد پیش کی ہے میں بھی اسکی ہمنوائی کرتا ہوں ۔

جناب عبدالحمید چودھری سپیکر مشرقی پاکستان اسمبلی چھ سال تک (۱۹۶۲ء سے لیکر ۱۹۶۸ء تک) اس عہدے پر فائز رہے ۔ وہ اپنے حلقہ نیابت میں ہی نہیں بلکہ اس عہدہ جلیلہ پر فائز ہونے کے بعد بھی اسمبلی کے ممبران میں بے حد مقبول تھے ۔ انہوں نے اپنے اس وقت میں جو رولنگ دیئے وہ پارلیمانی زندگی میں اور مشرقی پاکستان کی اسمبلی کی تاریخ میں ہمیشہ کے لئے یاد رہیں گے ۔ وہ نہایت محنتی تھے اور ان کی شخصیت تدبر و فراست سے بھرپور تھی ۔ اور تمام ایوان کو ہمیشہ ان کا احترام ملحوظ رہا ہے ۔ اسمبلی اور ایوان کا وقار ہمیشہ ان کے پیش نظر رہا کرتا تھا ۔ وہ جب تک پارلیمانی زندگی سے

منسلک رہے انہوں نے مقننہ کا احترام برقرار رکھا ۔ اور اس کا زیادہ سے زیادہ احترام کرنا ہمیشہ ان کے ملحوظ خاطر رہا ۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے ۔

جناب مولانا محمد اکرم خان صاحب ایک عظیم صحافی اور بہت بڑے عالم تھے ۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ہم سے چھین لیا ہے ۔ وہ تحریک پاکستان کے سرگرم رکن تھے اور اپنی زندگی میں انہوں نے نہایت ہی گرانقدر خدمات سرانجام دی ہیں ۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں مغفرت بخشے ۔

جناب میاں عبدالباری صاحب اس ایوان میں بھی بحیثیت رکن اسمبلی اپنے فرائض سرانجام دیتے رہے ہیں ۔ انہوں نے مختلف حیثیتوں سے اس ملک اور قوم کی خدمت کی ہے ۔ وہ بہت ہی نڈر اور بے باک سیاسی کارکن تھے ۔ شروع زندگی سے انہوں نے جب سیاست کے میدان میں قدم رکھا اور تحریک خلافت اور تحریک ہجرت میں شامل ہوئے انہوں نے اس ملک اور قوم کی گران قدر خدمات سر انجام دیں ۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔

پچھلے اجلاس سے لے کر آج تک گذشتہ ۶ ماہ کے عرصہ میں ہم اپنے چار ساتھیوں سے محروم ہوگئے ہیں ۔ وہ ساتھی جو گذشتہ سیشن میں ہمارے درمیان موجود تھے آج وہ ہم میں موجود نہیں ہیں ۔ ہمیں اس پر دلی رنج و غم ہے اور نائب قائد حزب اقتدار اور قائد حزب اختلاف اور دیگر اراکین نے جن جذبات کا اظہار کیا ہے میں ان کی ہمنوائی کرتا ہوں ۔ چودھری وحیداللہ صاحب ایک نہایت ہی خوش اخلاق اور ملنسار رکن تھے ۔ وہ ممبران میں بے حد مقبول تھے اور ہمیشہ اسمبلی کے وقار کو مد نظر رکھا کرتے تھے ۔ ان کی وفات سے ہم ایک نہایت ہی مخلص دوست اور ساتھی سے محروم ہوگئے ہیں ۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمتوں سے نوازے ۔

پیر قربان علی صاحب ایک نہایت ہی بزرگ اور قابل احترام شخصیت کے مالک تھے ۔ ان کا تجربہ نہایت وسیع تھا اور پارلیمانی زندگی سے وہ عرصہ تک منسلک رہے ۔ وہ

ایک کامیاب وکیل تھے اور ایوان کے اندر اور ایوان کے باہر وہ پارلیمانی روایات کو برقرار رکھتے تھے - اور اس کے زبردست حامی تھے - مجھے جب بھی ان سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا وہ نہایت ہی مہربانی اور خوش گفتاری کے ساتھ پیش آئے - میں ان کے تعاون کا بے حد ممنون ہوں - ان کی مرنجان مرنج طبیعت کے سبب ہر شخص ان کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھتا تھا اور وہ اپنی پیرانہ سالی کے باوجود اسمبلی میں خاصی دلچسپی لیتے رہے -

ملک کیبت خان اس ایوان میں پشاور ایجنسی کے نمائندہ تھے - وہ نہایت ہی شریف النفس ممبر تھے - ان کی موت جن اندوھناک حالات میں ہوئی اس کے لئے مجھے اور تمام ممبران اسمبلی کو دلی رنج ہے - اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے -

قاضی غلام شبیر صاحب ہمارے نہایت ہی مخلص خلیق اور ملنسار دوست تھے - ان کی باغ و بہار طبیعت ان کی خوش گفتاری اور خوش اخلاقی تمام ممبران اسمبلی پر اچھی طرح واضح تھی - ان کی وفات سے نہ صرف ان کا حلقہ نیابت ان کے عزیز و اقارب بلکہ ہم سب ممبران اسمبلی ایک نہایت شریف دوست سے محروم ہو گئے ہیں - میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ دے -

اس موقع پر میں خواجہ محمد صفدر صاحب قائد حزب اختلاف کے رنج و غم میں بھی برابر کا شریک ہوں اور مجھے دلی رنج ہے کہ ان کے جوان سال صاحبزادے خواجہ محمد اسد کی وفات حسرت آیات ایک حادثہ کی وجہ سے ہوئی - میں اس جوان سال اور جوان مرگ کے لئے دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہوں اور خواجہ صاحب کے غم میں شریک ہوں - میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے صاحبزادہ کو اپنی رحمت سے نوازے -

یہ قرار داد جو مخدوم صاحب نے پیش کی ہے اور جس کو سارے ایوان کی تائید حاصل ہے اس کے پاس ہونے کے بعد ہم سب مل کر دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے -

(اس مرحلہ پر جملہ حاضرین نے مرحومین کے لئے دعائے مغفرت کی)

چوہدری عبدالغنی ۔ جناب والا ۔ میں فریضہ حج کے لئے جا رہا ہوں اگر مجھ سے کوئی غلطی سرزد ہو گئی ہو تو میں وزراء اور ممبران سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے معاف فرمائیں اور میرے حق میں دعا فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اب ایوان کی کارروائی ان تمام مرحومین کی یاد اور احترام میں کل صبح ساڑھے آٹھ بجے تک ملتوی کی جاتی ہے ۔

ممبران بہ یک آواز ۔ ساڑھے آٹھ تو بہت early ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جو قواعد و ضوابط آپ نے منظور فرمائے تھے ان کے مطابق رول نمبر ۱۷ کے تحت موسم سرما میں آپ کے اجلاس کے شروع ہونے کا وقت ساڑھے آٹھ مقرر کیا گیا ہے ۔ لیکن اگر آپ ساڑھے آٹھ کا وقت نامناسب خیال فرماتے ہیں اور یہ آپ کو suit نہیں کرتا تو اس کے لئے رولز میں گنجائش رکھی گئی ہے کہ سپیکر وقت کو تبدیل کرنا چاہے تو ایوان کی خواہش کے مطابق تبدیل کر سکتا ہے ۔ خواجہ صاحب آپ کا کیا خیال ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ جب اسمبلی کا اجلاس بلاتے ہیں تو سخت سردی میں یا سخت گرمی میں بلاتے ہیں اس صورت حال میں آپ ہم پر رحم فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر آپ تو رولز بنانے کے لئے مقررشدہ سپیشل کمیٹی کے ممبر تھے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ رول نمبر ۱۷ میں موسم گرما اور موسم سرما کو define کیا ہوا ہے ۔ اب ایوان کی کارروائی کل صبح ۹ بجے تک ملتوی کی جاتی ہے ۔

The Assembly then adjourned (at 10·50 a. m. till 9·00 a. m. on thursday, the January, 1960.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

EIGHTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 2nd January, 1969.

پنج شنبہ - ۱۲ شوال المکرم ۱۳۸۸ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, H.K., in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۝ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ

(پ ۲۰- س ۴۸- ع ۱۱- آیات ۷۶ تا ۷۸)

بیشک قارون موسیٰ کی قوم میں سے تھا اور وہ ان لوگوں پر ظلم و تشدد کرتا تھا۔ اور ہم نے اسکو اتنے خزانے دیئے تھے کہ انکی کنجیاں ایک طاقتور جماعت کو اٹھانا مشکل تھیں جب اس سے اسکی قوم نے کہا کہ اترا مت کہ اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور جو مال و دولت تجھکو اللہ نے عطا فرمائی ہے اسکے ذریعہ آخرت کی بھلائی طلب کر۔ اور دنیا سے اپنا حصہ نہ بھلا اور جیسا کہ اللہ نے تم پر احسان کیا ہے تم بھی لوگوں پر احسان کرو اور ملک میں فساد برپا کرو۔ کیونکہ اللہ فسادیوں کو پسند نہیں کرتا۔ وہ بولا یہ (مال و دولت) میری دانش کے زور سے ملا ہے۔ کیا اسکو معلوم نہیں کہ اللہ نے اس سے پہلے بہت سی امتیں جو اس سے قوت میں بڑھکر اور جماعت میں بیشتر تھیں ہلاک کر ڈالیں ہیں۔ اور کیا مجرموں سے ان کے گناہوں کے بارے میں پوچھا نہیں جائے گا۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mr. Zain Noorani.

PLAYGROUND OF D.J. SCIENCE COLLEGE, KARACHI

*13915. **Mr. Zain Noorani :** Will the Minister for Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a building of the Regional Education Centre is being constructed on the playground of the D.J. Science College at Karachi ;

(*b*) whether it is also a fact that a few year back the tennis courts as well as the basketball and netball courts of the said College were demolished and a building of the Government Commerce College was built on them ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) No.

(*b*) Yes.

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ حضور والا ۔ آج کی لسٹ میں سر فہرست مسٹر زین نورانی کے چار سوال ہیں ۔ یہ سوالات جہاں تک میرے علم میں ہے آج سے چھ ماہ پہلے اسمبلی سیکرٹریٹ کو دئیے گئے تھے ۔ اور آج چاروں کے چاروں سوالات کے جواب لسٹ میں نہیں چھپے ۔ اسکی وجہ یا تو یہ ہے کہ اسمبلی سیکرٹریٹ نے لاپرواہی سے کام لیتے ہوئے ان سوالات کو اپنے آفس میں دبائے رکھا اور انہیں متعلقہ محکمہ کو کافی دیر کے بعد بھیجا اور محکمہ نے ان کے جوابات وقت کی کمی کی وجہ سے نہیں بھیجے ۔ لیکن اگر اسمبلی سیکرٹریٹ نے یہ سوالات محکمہ متعلقہ کو وقت پر

بھیج دئے تھے تو ہمیں یہ حق ہے کہ ہم متعلقہ وزیر صاحب سے یہ معلوم کریں کہ چھ ماہ گذر جانے کے باوجود ان سوالات کے جوابات آج کی لسٹ میں کیوں نہیں چھپے ۔

Begum Ashraf Burney : I also want to say something.

Mr. Speaker : About this point of order ?

Begum Ashraf Burney : Yes, Sir, because I want to add something to it.

جناب والا۔ یہ مسئلہ صرف زین نورانی صاحب کے سوالات کا ہی نہیں بلکہ سیف اللہ صاحب کا بھی ایک سوال تھا ۔ ان کے سوال کا بھی کوئی جواب نہیں ملا ۔

جناب والا ۔ اس ترمیمی آرڈیننس کی غرض و غایت صنعتی تنازعات کے قانون مجریہ ۱۹۶۸ء کی صرف دو دفعات کی ترمیم سے متعلق تھی ۔ صنعتی تنازعات کے قانون ۱۹۶۸ء کے تحت دفعہ ۱۷ کے تحت ایک Tribunal کا قیام عمل میں آنا مقصود تھا جس نے صنعتی عدالت کے فیصلوں کے خلاف اپیلیں سماعت کرنا تھیں ۔ اور دفعہ ۱۹ کے تحت Tribunal کے پاس اپیلیں دائر کرنے کی میعاد مقرر کی گئی ہے ۔ لیکن قانون کے منظور ہونے کے بعد Tribunal کے قیام کے لئے کچھ وقت لگ جانا چونکہ ناگزیر تھا ، اس لئے بہت سے مقدمات کی اپیلیں مقررہ میعاد کے اندر دائر نہیں ہو سکتی تھیں ۔ لہذا اس بات کی ضرورت محسوس کی گئی کہ جس وقت تک Tribunal کا قیام عمل میں نہ آ سکے ، ان ایام کو اپیل کی میعاد میں سے خارج تصور کیا جائے ۔ دوسری ترمیم جناب والا ۔ دفعہ ۱۷ کی ذیلی شق ۲ سے متعلق ہے جس میں یہ درج ہے کہ Tribunal ہائی کورٹ کے ایک جج پر مشتمل ہو گا ۔ دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہے کہ ہائی کورٹ کا موجودہ جج اس Tribunal کے لئے مقرر ہو سکتا ہے ۔ ہائی کورٹ کا سابق جج اس Tribunal کے لئے مقرر نہیں کیا جا سکتا ۔ اس ضمن میں ہمیں کچھ عملی مشکلات پیش آئیں ۔ پہلی مشکل تو یہ

درپیش ہوئی کہ ہائی کورٹ کے موجودہ ججوں کی تعداد کے ناکافی ہونے کی بنا پر ہائی کورٹ کے چیف جسٹس صاحب نے کسی جج کو اس Tribunal کے لئے مقرر کرنے سے معذوری ظاہر کی اور دوسری مشکل یہ پیش آئی کہ ہائی کورٹ کا کوئی بھی جج اپنی موجودہ شرائط ملازمت کے تبدیل کئے جانے پر رضا مند نہ تھا ۔ اس لئے ہمیں اس امر کی ضرورت محسوس ہوئی کہ ہم اس میں یہ ترمیم کر دیں کہ ہائی کورٹ کا موجودہ جج یا ہائی کورٹ کا سابق جج اس Tribunal پر کام کر سکتا ہے ۔

یہ مختصر اور واضح الفاظ میں مجھے گذارش کرنا تھی جو میں سمجھتا ہوں کہ جناب ملک محمد اختر صاحب اچھی طرح سمجھ گئے ہوں گے ۔ اور مجھے امید ہے کہ ایوان کے اراکین متفقہ طور پر اس آرڈیننس کو منظور فرمائیں گے ۔

Mr. Speaker : I will now put the Resolution to the vote of the House.

The question is—

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Industrial Disputes (Aemndment) Ordidance, 1968 (West Pakistan Ordinance VIII of 1968), promulgated by the Governor of West Pakistan on 3rd September, 1968, as amended.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The House is adjourned to meet again on Monday, the 6th January, 1969, at 9.00 A.M.

The Assembly then adjourned (at 12.15 p.m.) till 9.00 a.m. on Monday, the 6th January, 1969.

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 14240)

SEX-WISE DISTRIBUTION OF BEGGARS IN THE DIVISIONS/DISTRICTS OF WEST PAKISTAN

Division	District	SEX		Total
		Males	Females	
Peshawar ...	Peshawar ...	241	55	296
	Kohat ...	39	26	65
	Mardan ..	163	30	193
	Hazara ...	60	16	76
	Total ...	503	127	630
D. I. Khan ...	D. I. Khan ...	63	44	107
	Bannu ...	38	11	49
	Total ...	101	55	156

Rawalpindi	...	Rawalpindi	...	...	...
		Campbellpur	...	...	...
		Gujrat	...	107	36	143
		Jhelum (Rural)	...	141	56	197
		Jhelum (Urban)	..	15	...	15
		Total (Rural)	...	141	56	197
		Total (Urban)	...	122	36	158
		G. Total :—		263	92	355
Sargodha	...	Sargodha	...	350	117	467
		Lyallpur	...	442	132	574
		Jhang	...	148	48	196
		Mianwali	...	155	109	264
		Total :		1095	406	1501

Division		District		SEX		Total
				Males	Females	
Lahore	...	Sheikhupura	...	260	56	316
		Gujranwala	...	267	125	392
		Sialkot (Rural)	...	98	9	107
		Sialkot (Urban)	...	36	15	51
		Lahore (Rural)	...	188	30	218
		Lahore (Urban)	...	61	6	67
		Total (Rural)	...	286	39	325
		Total (Urban)	...	624	202	826
		G. Total :—		910	241	1151
Multan	...	Multan	...	455	112	567
		Sahiwal	...	254	77	331

Multan	...	Muzaffargarh (Rural)	...	285	32	317
		Muzaffargarh (Urban)	...	90	24	114
		D. G. Khan (Rural)	...	494	124	618
		D. G. Khan (Urban)	...	95	60	155
		Total (Rural)	...	779	156	935
		Total (Urban)	...	894	273	1167
		G. Total :—		1673	429	2102
Bahawalpur	...	Bahawalpur. (Urban)	...	220	65	285
		Bahawalnagar. (Urban)	...	93	39	132
		Bahawalnagar. (Rural)	...	130	10	140
		Rahimyarkhan	...	75	8	83
		Total (Rural)	...	130	10	140
		Total (Urban)	...	388	112	500
		G. Total ;—		508	112	640

Division		District		SEX		Total
				Males	Females	
Khairpur	...	Khairpur	...	95	29	124
		Larkana	...	235	64	299
		Jaccobabad	...	128	52	180
		Sukkur	...	123	43	166
		Nawabshah	...	149	20	178
		Total :—		730	217	947
Hyderabad	...	Hyderabad (Rural)	...	221	33	254
		Hyderabad (Urban)	...	156	45	201
		Tharparkar (Rural)	...	47	3	50
		Tharparkar (Urban)	...	137	16	153
		Sangar (Rural)	...	177	71	248

	Sangar (Urban)	...	109	35	144
	Thatta (Rural)	...	81	30	111
	Thatta (Urban)	...	58	20	78
	Dadu (Rural)	...	113	18	131
	Dadu (Urban)	...	77	17	94
	Total (Urban)	...	537	133	670
	Total (Rural)	...	639	155	794
	G. Total :—		1176	288	1464
Quetta ...	Quetta	...	94	35	129
	Chagai	...	65	32	97
	Loralai	...	22	...	22
	Zohb	...	31	1	32
	Sibi	...	11	1	12
	Total :—		223	69	292

Division.	District.	SEX		Total
		Males.	Females.	
Kalat ...	Kalat ...	66	28	94
	Karachi ...	77	18	95
	Kharan ...	22	20	42
	Mekran ...	40	22	62
	Total :—	205	88	293
	Karachi (Destitute Home). ...	151	3	154
	Lasbella ...	5	1	6
	Total :—	156	4	160

The following Deputy Commissioners have not returned even a single copy of the Survey forms after conducting the Survey.

1. Rawalpindi.
2. Campbellpur.
3. Karachi.

The survey is incomplete in the following Districts :—

1. Gujrat.
2. Jhelum.
3. Sialkot.
4. Lahore.
5. Rahimyar Khan.
6. Bahawalnager.
7. Lasbella.

APPENDIX II

(Ref : Starred Question No. 1500)

STATEMENT SHOWING DETAILS OF AMOUNT SPENT ON SPARE PARTS OF JEEP No. KAF—7249.

Spare Parts.		Amount.
		Rs.
Second Hand Tube	...	13.00
Electric Flash	...	12.00
Side Classes	...	5.00
Points	...	6.50
Pluges 4 Nos.	...	28.00
Points	...	18.00
Piston Set	...	360.00
Volve Set	...	120.00
Guide Set	...	40.00
Main Begun	...	160.00
Gascut	...	65.00
Oil Seal	...	8.00
Main Oil Seal	...	26.00
Sparking Plug	...	28.00
Nuts	...	2.00
Horns	...	73.75
Speedow Metre Wire	...	6.00
Kit	..	8.00

Spare Parts		Amount. Rs.
Pin Oil Seal	...	12.00
Speedow Metre wire complete	...	7.00
Metre	...	7.00
Speedow Metre wire complete	...	15.00
Horns	...	75.00
Brake Springs	...	2.00
Beem	...	14 00
Planion Oil Seal	...	12.00
Pins	...	15.00
Basher Oil Seal	...	8.' 0
Nut & Bults	...	3.00
Beems	...	20.00
Side Glasses	...	2.50
Brake Lather set	...	45.00
Rapit	...	5.00
Oil seal	...	12.00
Oil Wheel	...	7.00
Nuts and Bults	...	0.50
Gear Start		55 00
Nut	...	1.00
Universal Cross	...	15.00
Plastic Glass	...	1.00

Spare Parts		Amount.
		Rs.
Blubs	...	5.50
Brake Lather	...	7.00
Repit	...	1.50
Catter	...	4.50
Dynemo Bush	...	3.00
Bress Bush	...	3.00
Shaft	...	2.00
Frunt Wheel Clyinder	...	10.00
Wheel Clyinder Cap.	...	10.00
Master Clyinder	...	24.00
Washer	...	3.00
Nuts	...	2.00
Exle Washer	...	15.00
Back Light Glass	...	1,00
Blubs	...	1.50
Fab Belts	...	7.00
Universal Cross	...	32.00
Battary	...	295.00
Tyrod Ends and Tyrod, spring	...	70.00
King Pin. Frunt wheel	...	45.00
Bearing—		
Engine	...	50.00

Spare Parts		Amount Rs.
Foundation	...	16.00
Cylincer Box	...	
Pipe	...	50.00
Shock Observor	...	400.00
Gear Box.—		
Foundation	...	20.00
Horse Pipe	...	8.00
Petrol T.	...	6.00
Fly Wheel Ring	...	65.00
Bendex Drive	...	138.00
Self Bush	...	9.00

STATEMENT SHOWING DETAILS OF AMOUNTS SPENT ON SPARE PARTS OF JHEEP NO. KAY—8155

Spare Parts		Amount,
Back Light blubs	...	1.50
Nuts	...	0.75
Bulbs	...	1.50
Points	...	10.00
Battery	..	220.00
Rim Estapnee	...	350.00
Bandax Drive	...	140.00
Self Bush	...	9.00

Spare Parts		Amount Rs.
Horn Coils	...	6.25
Bults	...	0.75
Bush	...	3.00
King Pin and Bush	...	45.00
Clyincer Box	...	25. 0
Clyincer Nuts	...	4.00
Clutch Plate	...	65.00
Clutch Bearing	...	22.00
P. Points	...	8.00
Nuts	...	4.00
Brake lather size complete	...	45.00
Ripit	...	5.00
Speedow Metre Cable	...	15.00
Armature Rewinding	...	25.00
Bush	...	3.00
Five Plastic Glasses	...	35.00
Nuts	...	1.50
Bulb No. 2	...	3.00
Tyrod ends	...	20.00
Clips	...	2.00
Clutch Plate	...	120.00
Fly Wheel Bush	...	5.00

Spare Parts		Amount Rs.
Wheel Bearing	...	35.00
Bulbs Back and Frunt	...	3.75
Bulbs Distributed	...	5.00
Wire	...	6.00
Side Parda	...	15.00
Clutch Plate	...	120.00
Engine Foundation	...	30.00
Fly Wheel Ring	...	70.00
Fan Belts	...	7.00
Speedow Metre Wire	...	15.00
P. Points	...	10.50
Oil Gage	...	16.00
King Pin	...	40.00
Nuts	...	1.00
Self Starter Bush	...	9.00
P. Points	...	12.50
Candencer	...	6.50
Nuts and Bolts	...	1.50
Universal Cross set	...	60.00
Washer	...	2.00
Oil Seal	...	12.00
Piston set	...	425.00

Spare Parts		Amouat.
		Rs.
Main Begun	...	200.00
Cane Bush	...	30.00
Volve Set	...	150.00
Guides	...	20.00
Gascut	...	45.00
P. Points	...	7 00
Plug Sets	...	32.00
Petrol Pump Kit	...	20.00
Main Oil Seal	...	10.00
Clutch Finger.	...	60.00
Speedow Metre	...	200.00

STATEMENT SHOWING DETAILS OF AMOUNT SPENT ON SPARE PARTS OF JEEP NO. JG : 874

Spare Parts		Amount.
Bulbs	...	1.50
15 Buttons	...	6.00
Plastic Glass	...	4.00
Blubs	...	1.50
Tools	...	39.00
Clutch Plate Lather	...	15.00
Clutch Rod New	...	8.00
Nuts	...	2.00
Petrol Tank Cap	...	25.00

Spare Parts		Amount Rs.
Defencial Oil Seal	...	16.00
Nuts	...	4.00
Fan Belts	...	7.50
Self Cover Metre	...	25.00
Frunt King bearing	...	45.00
Nuts	...	2.00
Dynemo Patti	...	1.00
Clutch Bearing	...	25.00
Metre cable complete	...	14.00
Plastic Glass	...	3.00
Clutch Plate	...	145.00
New Metre	...	305.00
Clutch Bearing	...	20.00
Tyrod	...	32.00
Oil Seal	...	12.00
Pin Oil Seal	...	10.00
Tyrod Engine	...	32.00
Side mirror	...	9.00
Tyrod Condencer	...	43.00
Volve Cap	...	2.00
Washer	...	1.00
Finger	...	25.00

Spare Parts		Amount Rs.
Points	...	12.00
Oil Filter	...	50.00
Gotes	...	3.50
Plastic Door	...	7.00
Fan Belts	...	7.00
Units	...	20.00
Frunt Glass	...	50.00
Side Glass	...	10.00
Volve Caps	...	1.50
Oil Filter	...	42.00
Plastic Glass	...	7.00
Blocking Ring	...	28.00
Brake Lining ste.	...	25.00
Brocking Ring Lock & spring	...	7.00
Oil Seal	...	8.00
Plastic Glass	...	6.00
Volve Cap	...	2.50
Nuts	...	1.00
Nuts	...	2.00
Oil Seal Talk Gears	...	7.00
Standard Beam	...	18.50
Bulbs	...	4.00

Spare Parts		Amount
		Rs.
Oil Seal	...	12.00
Pinion Oil Seal	...	14.00
P. Points	...	13.00
Self Gear	...	143.00
Bulbs	...	1.25

STATEMENT SHOWING DETAILS OF AMOUNT SPENT ON AND SPARE PARTS OF JEEP NO. KAF—2841,

Spare Parts		Amount
Tools, for Jeep	...	24.00
Gear Oil Ceal	...	24.00
Nuts	...	0.50
P. Point	...	6.50
Bulbs	...	3.00
Plastic Glass.	...	6.00
Plastic Glasses Full No. 3 Nos.	...	27.00
Frunt Wheel Bearing	...	80.00
Volve Cap	...	1.00
Speedow Metre Cable	...	15.00
Battery	...	220.00
Bush	...	2.00
Oil Bush	...	9.00
Filed Coil Washer	...	3.00

Spare Parts.		Amount.
		Rs.
Back Light with Bulbs	...	18.00
Pin Oil Seal	...	12.00
Plastic Glass	...	6.00
Fan Belts	...	5.00
Plastic Glass	...	20.00
Volves bearing	...	18.00
Oil Filter	...	50.00
Carborater Kit	...	42.00
Points	...	10.00
Petrol Tank Cap	...	24.00
Standard Beem	...	37.00
Fan Belts	...	5.00
Plastic Door	...	8.00
Tappet	...	12.50
Oil Filter	..	40.00
Plastic Door	...	5.00
Dynemo Bush	...	4.00
Washers	...	5.00

...y met at the Assembly Chamber, Lahore at ...
...aker, Chaudhri Muhammad Anwar, H.K., in ...

...ation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Sidd...
...bly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ
فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ
اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝ لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۡ وَلَتَسْمَعُنَّ
مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ۭ
وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ
مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ فَنَبَذُوْهُ
وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ۝

(پ ۴۔ س ۳۔ ع ۱۰۔ آیات ۱۸۵ تا ۱۸۷)

ہر متنفس کو موت کا مزہ چکھنا ہے اور تم کو قیامت کے دن تمہارے اعمال کا پورا پورا بدلا دیا جائیگا۔ تو جو شخص آتش جہنم سے دور رکھا گیا اور بہشت میں داخل کیا گیا وہ مراد کو پہونچ گیا۔ اور دنیا کی زندگی تو محض دھوکے کا سامان ہے۔

اے ایمان والو! تمہارے مال و جان سے تمہاری آزمائش کی جائے گی۔ اور تم لوگ اہل کتاب سے اور ان لوگوں سے جو شرک کرنیوالے ہیں بہت سی ایذا کی باتیں سنو گے تو اگر تم صبر اور پرہیزگاری کرتے رہے پس یہ بڑی جرأت اور حوصلے کے کام ہیں۔

اور جب اللہ نے اُن لوگوں سے جنہیں کتاب عنایت کی گئی تھی اقرار لیا کہ اس [illegible] بیان کرتے رہنا اسکی کسی بات کو نہ چھپانا تو [illegible]

SUSPENSION OF THE QUESTION HOUR

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین) - جناب سپیکر - میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ وقفہ سوالات کو ملتوی فرمایا جائے باین وجوہ کہ مجھے مرحوم پیر محمد زمان چشتی کی وفات حسرت آیات سے متعلق ایک تعزیتی قرار داد اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا ہے۔

Mr. Speaker : If that is the sense of the House, the Question Hour stands suspended.

REFERENCE TO LATE PIR MUHAMMAD ZAMAN CHISHTI, M.P.A.

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین) - جناب سپیکر - صوبائی اسمبلی مغربی پاکستان کا یہ ایوان پیر محمد زمان چشتی مرحوم کی وفات حسرت آیات پر پورے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے - ان کی پیش از وقت مفارقت سے ایک شدید درد و کرب محسوس کرتا ہے اور ان کی اعلیٰ ظرفی - ایثار اور حب الوطنی کی منفرد خصوصیات کا معترف ہے - ملک و ملت کی فلاح و بہبود اور تعمیر و ترقی سے متعلق ان کی بے لوث خدمات کو سراہتا ہے اور اس معزز ایوان کی عظمت اور وقار کو قائم رکھنے میں جس طرح سے وہ مدد و معاون ہوئے اسے بہ نظر استحسان دیکھتا ہے اور دست بدعا ہے کہ خداوند قدوس مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

جناب والا - حیات انسانی اپنے مستعار ہونے کے باعث دنیا کی بے ثباتی پر ایک مسلسل اور موثر دلیل ہے اور یہ عالم موجودات کا ہمیشہ سے ایک مستقل بالذات مقصد رہا ہے - انسانی فنا اپنے ہمہ جنس ہونے کے باعث۔ اپنے ہمہ صفت ہونے کے باعث انسان کو شدید رنج و غم اور درد کے جذبات سے لبریز کر دیتی ہے اور آج ہم رنج و غم کے انہی جذبات کا بے ساختہ طور پر اظہار کر رہے ہیں اور آج انہی جذبات کے زیر اثر یہ

پورا معزز ایوان مرحوم کی وفات پر اشک بار ہے ۔

جناب والا ۔ مرحوم پیر محمد زمان چشتی ایک اولوالعزم خاندان سے تعلق رکھتے تھے اور اپنی ذاتی صلاحیتوں اور اعلیٰ اخلاق اقدار کے باعث پورے ایوان اور اپنے حلقہ نیابت میں ہردلعزیز تھے ۔ وہ ایک محب وطن ہونے کے ساتھ ساتھ ایک مخلص دوست بھی تھے ۔ وہ مجھ پر ذاتی طور پر بہت مشفق اور مہربان تھے ۔ وہ اس صوبہ کی تعمیر و ترقی اور خاص کر اپنے ضلع کی فلاح و بہبود کے لئے ہمیشہ مصروف اور منہمک رہے ۔ وہ اس معزز ایوان کے وقار اور اس کی عزت کو برقرار رکھنے میں ہمیشہ کوشاں رہے اور آپ بھی مجھ سے متفق ہوں گے کہ وہ ہمیشہ اس معزز ایوان میں جناب کے مد و معاون رہے ۔ یہ انتہائی روح فرسا سانحہ ہے کہ آج سے تین روز قبل وہ اس معزز ایوان میں شریک تھے اور اپنے فرائض کی انجام دہی میں مصروف نظر آتے تھے لیکن آج وہ ہم میں موجود نہیں ہیں یعنی وہ ہم میں سے عدم موجود ہیں ۔ ان کی وفات سے ہم میں سے ہر ایک شخص پورے رنج و غم اور درد و کرب کے جذبات سے لبریز ہے۔ جناب والا ۔ اس موقعہ پر ہم یہی کر سکتے ہیں ۔ کہ ہم اللہ تعالے سے دست بدعا ہوں کہ خدا وند قدوس ان کو غریق رحمت کرے اور ان کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔

جناب والا ۔ ان جذبات کے اظہار کے بعد میں جناب سے یہ گزارش کروں گا کہ مرحوم کی روح کو ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی جائے اور اس کے بعد اس معزز ایوان کی باقی کارروائی کو ملتوی فرمایا جائے ۔

Mr. Speaker : I have received a communication from the Governor of West Pakistan, which is a condolence message on the sad demise of Pir Muhammad Zaman Chishti. I will read it to the House.

"I have been shocked to hear of the sudden and untimely demise of Pir Muhammad Zaman Chishti, M.P A. It is only the other day that he had come to see me and seemed eager to tackle the problems of his area. I pray to Allah that He may grant eternal peace to the departed soul and give his family the courage to bear this irreparable loss with fortitude.

"Please convey my condolence to the bereaved family."

Muhammad Musa
Governor of West Pakistan.

REFERENCE TO LATE KHAN BAHADUR HAKIM AHMAD SHUJAA

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں اپنے دوست مخدوم حمید الدین صاحب کی تحریک کی تائید کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ مرحوم و مغفور پیر محمد زمان چشتی میرے ذاتی دوست تھے ۔ مجھے ان کی وفات سے دلی صدمہ پہنچا ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ یہ معزز ایوان اس تحریک کو منظور فرما لے گا ۔

جناب والا ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ خان بہادر حکیم احمد شجاع کی وفات حسرت آیات کے متعلق اس معزز ایوان کے جذبات ان کے خاندان تک پہنچانے ضروری ہیں ۔ مرحوم و مغفور ایک جانی پہچانی شخصیت تھے ۔ وہ لاہور کی محفلوں کی رونق تھے ۔ ان کا علم ۔ ان کا تجربہ ۔ ان کی شخصیت ۔ ان کی عظمت بہت بلند تھی اور بالخصوص اس معزز ایوان سے ان کی نسبت اتنی گہری اور وسیع تھی کہ مرحوم کی وفات کو یہ معزز ایوان ایک نا قابل تلافی نقصان سمجھتا ہے ۔ گو ان کی زندگی بھرپور اور مصروف رہی تاہم ان جیسے قابل اور محنتی شخص ۔ سچے مسلمان اور ہمہ صفت انسان کا لاہور کی محفلوں سے اٹھ جانا میں سمجھتا ہوں کہ

ایک ناقابل تلافی نقصان ہے - میں آپ کے توسل سے استدعا کرؤں گا کہ میرے دوست جناب خواجہ محمد صفدر صاحب اس سے اتفاق فرمائیں کہ ان کی وفات حسرت آیات پر فاتحہ خوانی کے بعد ان کے خاندان کے ساتھ اس معزز ایوان کی طرف سے اظہار افسوس کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم و مغفور کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) - جناب والا - میں دلی رنج و غم کے ساتھ محترم قائد ایوان اور محترم نائب قائد ایوان کی ہمنوائی کرتا ہوں - اس اجلاس کی ابتدا آج صبح اس آیت کریمہ کی تلاوت سے ہوئی ''کل نفس ذائقۃ الموت'' خدا معلوم قاری اسمبلی کو جب انہوں نے یہ آیت پڑھی اس چیز کا علم تھا یا نہیں کہ اس معزز ایوان کا ایک جوان سال رکن اچانک اس دار فانی سے رحلت کر گیا ہے - مرحوم چشتی صاحب جمعہ کے روز مجھے یہاں ملے - انہوں نے نہایت تپاک اور نہایت گرم جوشی کے ساتھ میری خیریت پوچھی - انہوں نے میرے عزیز و اقارب کی بھی خیریت پوچھی - مجھے یہ معلوم نہ تھا کہ اگلے روز وہ خود اس دار فانی سے کوچ کر جائیں گے - موت بہر صورت ایک المناک چیز ہے لیکن خصوصیت سے ایک جوان سال اور نوجوان آدمی کا جس نے ابھی اس دنیا کا بہت کچھ دیکھنا ہو اس دنیا سے گزر جانا نہ صرف اس کے پسماندگان - اس کے عزیز و اقارب - اس کے دوست و احباب کے لئے بلکہ سننے گننے والوں کے لئے بھی ایک عظیم کرب کا باعث ہوتا ہے - کہتے ہیں - ع

گویند کہ ابن ماتم مرگ جوان است

کسی نوجوان کا اس دنیا سے چلے جانا حقیقتاً دنیا کی بے ثباتی کا ثبوت مہیا کرتا ہے - مرحوم نہایت ملنسار تھے - وہ کم گو تھے لیکن وہ

ایک نیک نوجوان تھے ۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ امین۔

جناب والا ۔ محترم قائد ایوان نے یہ تحریک بھی پیش فرمائی ہے کہ مرحوم حکیم احمد شجاع صاحب جو سابقہ سیکرٹری صوبائی اسمبلی تھے ان کی وفات حسرت آیات کے متعلق بھی اس ایوان کے جذبات ان کے پسماندگان تک پہنچائے جائیں ۔

جناب والا۔ حکیم صاحب مرحوم ایک باغ و بہار شخصیت کے مالک تھے۔ لطیفہ گو تھے ۔ لطیفہ سنج تھے ۔ سخن گو تھے ۔ سخن فہم تھے ۔ سخن سنج تھے ۔ بہت اونچے پایہ کے ادیب تھے ۔ شاعر تھے ۔ انہوں نے کئی ایک کتابیں تصنیف فرمائیں جن میں نظموں اور غزلیات کے مجموعے بھی ہیں ۔ افسانوں کے مجموعے بھی ہیں اور ڈرامے بھی ہیں ۔ خصوصیت سے ایک ڈرامہ نویس کی حیثیت سے ان کی شہرت خاصی بلند تھی ۔ انہوں نے قرآن مجید کا ترجمہ بھی کیا تھا ۔ تو وہ نہ صرف اس ایوان سے صوبائی اسمبلی سے ایک طویل عرصہ تک منسلک رہے مختلف عہدوں پر متمکن رہے بلکہ یہ کہ وہ ایک نہایت اونچے پایہ کے ادیب بھی تھے ۔ پھر یہ کہ وہ جس محفل میں بیٹھتے اسے باغ و بہار بنا دیتے ۔ مجھے ان کے وہ قصے اور کہانیاں بیان کرنا اب تک یاد ہیں ۔ اور وہ اس لطف سے بیان کرتے کہ سننے والے تمام وقت ہمہ تن گوش رہتے ۔ وہ رونق محفل تھے ۔ یقیناً لاہور کی محفلیں ان کے اس دنیا سے اٹھ جانے کے بعد سونی ہو جائیں گی ۔ مرحوم پرانی وضع کے بزرگ تھے ۔ ان کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے والے تو خیر پہلے ہی اس دنیا سے چلے گئے لیکن اب ان کے جانے سے تو لاہور کی محفلیں ۔ جیسا کہ قائد ایوان نے فرمایا ہے واقعی سونی ہو گئی ہیں ۔

میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ جو تجاویز جناب نائب قائد ایوان نے فرمائی ہیں ۔ میں ان کی تائید کرتا ہوں اور آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ جب مختلف دوست مرحومین کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار فرما چکیں تو پھر دونوں کے حق میں دعائے مغفرت کے طور پر فاتحہ خوانی کی جائے۔

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - میں نہایت ہی اختصار کے ساتھ اس سوگوار موقع پر مرحوم چشتی صاحب کی جو آج سے تین دن قبل اس ایوان میں ہماری ہی طرح اپنے فرائض کو سرانجام دے رہے تھے ، اچانک وفات حسرت آیات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے جناب نائب قائد ایوان اور قائد ایوان کی پیش کردہ قراردادوں کی تائید کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ جواں سال مرحوم پیر محمد زمان چشتی اعلیٰ اخلاق کے مالک اور ایک مخلص دوست تھے ۔ محب وطن ہونے کے علاوہ علاقائی مسائل کے سلسلہ میں بھی وہ خاص دلبستگی اور تندہی کے ساتھ اپنے مطالبات منواتے تھے ۔ ان کی وفات سے نہ صرف ان کے علاقے کو بلکہ پورے مغربی پاکستان کو ایک عظیم نقصان پہنچا ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد حکیم احمد شجاع مرحوم ، جو صوبائی اسمبلی کے سابق سیکرٹری بھی تھے اور جنہوں نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ ۱۹۵۸ء تک اس ایوان میں گذارا ، ان کی وفات حسرت آیات پر بھی مجھے کچھ عرض کرنا ہوگا ۔ حکیم صاحب سے میری ملاقات سب سے پہلی بار ۱۹۶۰ء میں ہوئی جب کہ وہ لاہور کارپوریشن کے نامزد ممبر مقرر ہوئے۔ اس کے بعد اور اس سے قبل بھی مجھے ان کی تصانیف دیکھنے کا اکثر موقع ملتا رہا ہے ۔ وہ ایک نہایت بلند پایہ ادیب ۔ شاعر اور سخن گو

تھے ۔ جناب والا ۔ وہ اپنے ناولوں اور اپنے ڈراموں میں ایسی کشش پیدا کر دیتے تھے کہ تمام کی تمام حقیقت اور پوری کہانی ایک فلم کی صورت میں ڈرامہ پڑھنے والے کے سامنے آ جاتی تھی ۔ اور جناب والا ۔ اگر میں یہ کہوں تو بے جا نہ ہوگا ۔ کہ ان کے اٹھ جانے کے بعد ان پر یہ شعر صادق آتا ہے ۔

ہو بہو کھینچے گا لیکن عشق کی تصویر کون
اٹھ گیا ناوک فگن ، مارے گا دل پر تیر کون

اب ان کے بعد شاید ایسے پر اثر ڈرامے نہ لکھے جا سکیں گے ۔

جناب والا ۔ ان مختصر الفاظ کے بعد میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ جب دیگر دوست بھی اپنے خیالات کا اظہار فرما چکیں تو ہم باقاعدہ فاتحہ خوانی کریں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خاں وٹو)۔ جناب والا ۔ انسان کو زندگی میں کئی دوستوں کی موت کا صدمہ سہنا پڑتا ہے اور یہ صدمہ بڑا تلخ ہوتا ہے ۔ موت سکون تو شاید صرف ایک ہی مرتبہ انسان کو عطا کرتی ہے اور وہ وہی وقت ہوتا ہے جب اس کی زندگی کا اختتام ہوتا ہے ۔

جناب والا ۔ چند دن پہلے ہم اپنے چار ساتھیوں کے بچھڑ جانے کا افسوس کر چکے ہیں ۔ اب اس ایوان کے جوان سال ممبر پیر محمد زمان چشتی جو پرسوں اترسوں ہی یہاں مسکراتے ، ہنستے اپنی روایتی رواداری کے مطابق دوستوں سے مل رہے تھے ، ہم سے ہمیشہ کے لئے بچھڑ گئے ہیں ۔ جناب والا ۔ آج جب کہ ہم ان کی موت پر تغریت کی قرار داد پر بات کر رہے ہیں تو مجھے ۱۹۶۲ء کا وہ زمانہ یاد آ رہا ہے جب میں اور پیر محمد زمان چشتی اس معزز ایوان کے ارکان کی حیثیت سے

اس ایوان میں ہم نشین ہوئے تھے ۔ مجھے وہ اوقات بھی کبھی نہیں بھولیں گے جب فاضل ممبر اپنے علاقہ کے مطالبات پیش کرنے کی غرض سے مختلف معاملات میں واقفیت حاصل کرنے کی کوشش کیا کرتے تھے ۔ ظاہر ہے کہ سبھی لوگ اس وقت اس ایوان میں نئے نئے آئے تھے اور پورا تجربہ بہت سارے ارکان کو نہیں تھا ۔ لیکن مجھے ابھی تک یاد ہے کہ مرحوم کس قدر خلوص کے ساتھ اس ایوان کے مختلف ضابطوں کے بارے میں جاننے کی کوشش کیا کرتے تھے ، کس طرح سوالات کو ترتیب دینے کی کوشش کیا کرتے تھے اور کس طرح اپنے علاقے کے مطالبات اس ایوان کے سامنے رکھا کرتے تھے ۔ جناب والا ۔ ممبر مرحوم اگرچہ کم گو تھے مگر میں نے ان کی خاموشی میں خلوص کی جو گفتار دیکھی تھی وہ ایسی تھی جو کسی بھی دل کو متاثر کئے بغیر نہیں رہ سکتی تھی ۔ مجھے آج سے چند مہینے پہلے کا ایک اور موقع بھی یاد آ رہا ہے ۔ فاضل ممبر مرحوم ہمیشہ مجھے ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ میں ان کے علاقہ میں جاؤں اور ان کے گاؤں میں بھی جاؤں لیکن ایسا کرنا کوئی پانچ سال کے بعد ممکن ہو سکا ۔ آج سے صرف چند مہینے پہلے میں مرحوم کے گاؤں میں گیا ۔ جس سلیقہ سے انہوں نے اپنے نئے گاؤں کو آباد کیا تھا اور جس سلیقہ سے وہ اپنے دوستوں سے مل رہے تھے اور جس خلوص کے ساتھ وہ اپنے علاقے کے مطالبات پیش کر رہے تھے یہ سب کچھ ان کے خدمت خلق کے بنیادی جذبہ کی غمازی کرتا تھا ۔ جناب والا ۔ ایسے دوست کے بچھڑ جانے سے کسے دکھ نہ ہوگا ۔ ظاہر ہے موت خواہ کسی کی بھی ہو انسان کے لئے تکلیف کا باعث ہوتی ہے لیکن دوستوں کی موت اور پھر ایسے دوستوں کی موت جو جواں سال ہوں اور پھر ایسی موت جو اس قدر تیزی سے آ جائے کہ خود سننے والوں ، دیکھنے والوں اور جاننے والوں کے لئے اس بات کا یقین کرنا مشکل ہو کہ وہ ہنستا مسکراتا چہرہ اتنے تھوڑے عرصے میں ہماری نظروں سے ہمیشہ کے لئے

اوجھل ہو گیا ہے ۔ میں جناب مخدوم صاحب اور قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف کے جذبات کے ساتھ اپنے آپ کو وابستہ کرتا ہوں اور استدعا کرتا ہوں کہ جب معزز ارکان اپنے ارشادات مکمل کر لیں تو مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کریں اور ان کے لواحقین کو بھی اس ایوان کے جذبات پہنچائے جائیں ۔

جناب والا ۔ حکیم احمد شجاع صاحب کے متعلق بھی اس معزز ایوان میں بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ وہ واقعی ایک ایسی شخصیت تھے کہ جنہوں نے وقت کے صحرا میں گہرے نقوش چھوڑے ہیں ۔ انہوں نے اس ایوان کی خدمت سیکرٹری کے طور پر اور مختلف عہدوں پر فائز رہ کر کی ۔ لیکن انہوں نے علم و ادب کی آبیاری جس طرح کی وہ ہمیشہ یاد رہے گی ۔ اور ان کا مقام ہمیشہ منفرد رہے گا ۔ میں خواجہ صاحب سے اس بات پر اتفاق کرتا ہوں کہ حکیم صاحب جہاں بیٹھتے تھے ۔ رونق محفل بن جاتے تھے ۔ ان کی آواز میں ایک خاص قسم کا لوچ اور خلوص تھا اور ان کی علم و ادب کے ساتھ گہری وابستگی کی وجہ سے سننے والوں کے لئے سوچ کی بہت سی نئی راہیں کھل جاتی تھیں ۔ اگرچہ مجھے ۱۹۶۲ء سے پہلے ان سے ملاقات کا اتفاق نہیں ہوا تھا ۔ لیکن میں نے حکیم صاحب کے بارے میں بہت کچھ سن رکھا تھا اور ان کے علمی و ادبی شہ پاروں سے مستفید ہونے کا موقع مجھے مل چکا تھا ۔ مجھے ان سے ملاقات کا اتفاق اس وقت ہوا جب ۱۹۶۲ء یا ۱۹۶۳ء میں پہلی مرتبہ اس ایوان کے معزز ارکان کی ایک میٹنگ میں ممبران کی تربیت کے سلسلہ میں ان کو ایک تقریر کرنے کے لئے بلایا گیا ۔ مجھے ان کی یہ بات ہمیشہ یاد رہے گی انہوں نے فرمایا کہ اسمبلی کے عملہ کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ ہر ممبر کے ساتھ چاہے وہ کسی جگہ بیٹھے یا کسی طرف بیٹھے ایک جیسا سلوک کرے اور ایوان کے وقار کو مد نظر رکھتے ہوئے ہر ایک کے ساتھ

یکساں پیش آئے۔ مجھے ان کے الفاظ تو یاد نہیں رہے البتہ ان کا مفہوم یہ تھا کہ ہر ممبر کو برابر کی عزت دی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے ایک شعر لکھ کر اپنے میز پر رکھا ہوا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ قطع نظر اس کے کہ کوئی ممبر اس وقت کہاں بیٹھا ہے یا کس طرف بیٹھا ہے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ کس طرح اور کس وقت منسٹر بن جائے۔

جناب والا ۔ جب انہوں نے یہ بات فرمائی تو اس وقت میں نے ان کی اس بات کو کوئی وزن نہ دیا کیونکہ میں سمجھتا تھا کہ یہ بات مجھ پر لاگو نہیں ہو گی۔ لیکن اب میں سمجھتا ہوں کہ وہ بات صحیح تھی۔ کیونکہ اتفاق ایسا ہوا کہ چند ماہ بعد ہی یہ بات میرے معاملہ میں سچی ثابت ہوئی۔ اور پھر یہی بات بہت سے دوسرے ممبران کے بارے میں بھی سچی ثابت ہوتی رہی ہے۔ بہرحال یہ ایک ایسا واقعہ تھا جو ان کی تقریر سے مجھے یاد رہ گیا ہے۔

جناب والا ۔ میں پیر صاحب اور حکیم صاحب کی تعزیت کی قراردادوں سے اپنے آپ کو پورے خلوص کے ساتھ تمام فاضل ممبران کے ساتھ وابستہ کرتا ہوں اور استدعا کرتا ہوں کہ ان کے لئے دعائے مغفرت کی جائے اور ان کے عزیز و اقارب کو اس ایوان کے جذبات پہنچائے جائیں۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۔ ۸) جناب سپیکر ۔ میں جب کسی کے مرنے کی خبر پڑھتا ہوں اور بالخصوص ایسے لوگوں کی جن کے ساتھ میری ذاتی وابستگی ہو تو مجھے ایک بڑے مفکر کا مقولہ یاد آجاتا ہے ۔ کہ خوش قسمت وہ لوگ نہیں ہیں جو دوسرے کے لیے روئیں بلکہ خوش قسمت وہ لوگ ہیں جو اپنے پیچھے رونے والوں کو چھوڑ جائیں ۔ اس میں شک نہیں جب ایسے لوگ

جوان ہوں یا بڑھے - بچے ہوں یا بڑے اس دنیا سے رخصت ہوں جو وہ اپنے زندگی کے ایسے نقوش چھوڑ جائیں کہ ان کے بعد ان کے پس ماندگان آنسو بہائیں تو واقعی وہ لوگ خوش قسمت کہلانے کے مستحق ہیں -

جناب والا - موت کا شکنجہ اتنا بے رحم اور اتنا اندھا ہے کہ وہ یہ نہیں دیکھتا کہ کسی شخص کی عمر کیا ہے یہ جوان ہے یا بچہ - کسی کا مقام کیا ہے - اس کی دنیا میں ذمہ داری کتنی ہے - اور ابھی اس کو کتنا کام کرنا باقی ہے - کتنی ذمہ داریوں سے وہ عہدہ برا ہوچکا ہے اور ابھی کتنے مسائل اس کے منتظر ہیں - یہ سب کچھ وہ نہیں دیکھتا بلکہ موت کا شکنجہ جب آتا ہے تو جوان یا بوڑھا اچانک مر جائے یا بیماری کے ساتھ مر جائے وہ موت کے شکنجہ میں کس لیا جاتا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح کی اموات جو بالکل اتفاقیہ حادثہ کے طور پر ہو جائیں - اور جیسا کہ وٹو صاحب نے فرمایا ہے خبر پڑھ کر یقین بھی نہ آئے کہ واقعی یہ شخص جو کل ہمارے درمیان موجود تھا آج ہم سے بچھڑ چکا ہے - اس قسم کی موت کے واقعات اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسان کے لئے ایک تازیانہ عبرت ہوتے ہیں - یوں تو ہر شخص اس بات کو اپنے دل میں جانتا ہے کہ زندگی یقینی نہیں ہے - اور موت یقینی ہے - لیکن اس طرح لوگوں کا اٹھ جانا ایک بار اس احساس کو جنجھوڑنے کے لئے تازیانہ کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجا جاتا ہے تاکہ ہم محسوس کریں کہ اگرچہ آج ہم اس ایوان میں بیٹھے ہیں یا اس کے باہر موجود ہیں لیکن کل کے لئے ہماری زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں اور اس احساس کے تحت ہم اپنی زندگی کے معاملات کو اپنے ضمیر کے تقاضوں کے مطابق پورا کرنے کی طرف پہلے سے زیادہ

تندھی کے ساتھ متوجہ ہوں ۔

جناب والا ۔ چشتی صاحب کو کم از کم تین چار سال سے میں جانتا ہوں ۔ ان کی ذات کے بارے میں بہت کچھ کہا جا چکا ہے ۔ میں اس میں صرف اتنا اضافہ کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے بھی ان کی خصوصیات کا کچھ تجربہ ہے میں ان کی ملاقاتوں میں برابر محسوس کرتا رہا ہوں کہ ایسے مخلص لوگ کم اس ایوان میں ہوں گے ۔ حکیم صاحب مرحوم سے میں ذاتی طور پر واقف نہیں ہوں لیکن اخبارات میں ان کی زندگی میں کچھ جھلکیاں دیکھنے کا مجھے موقع ملا ہے ۔ اس سے میں محسوس کرتا ہوں کہ لاہور کی فضا ایسے لوگوں کے اٹھ جانے سے سونی ہوگئی ہے اور ہماری قوم کی بد قسمتی یہ ہے کہ وہ لوگ ہم میں سے اپنی زندگی کے پورا ہو جانے اور عمر کی گہرائیوں کے لحاظ سے اٹھتے جا رہے ہیں اور ہر چند کہ ان کا اٹھ جانا بالکل فطری ہے لیکن ان کی جگہ لینے کے لئے ہماری قوم میں وہ افراد پیدا نہیں ہو رہے ہیں جو ان کا نعم البدل ہو کر ہمارے سامنے آسکیں ۔

جناب والا ۔ ان مختصراً الفاظ کے ساتھ میں جناب نائب قائد ایوان کی تحریک کی تائید کرتا ہوں اور میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

REFERENCE TO LATE JUSTICE ILLAHI BAKHSH KHAMESANI

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Mr. Speaker, Sir, I rise to pay homage to the dear departed soul in the person of Pir Muhammad Zaman Chishti, who was so young, so dear and so good-hearted that it is almost impossible to believe that he is not with us today. Such is the end of life and such are the ways of life and nobody

has any control over the situation except to pray that God Almighty may shower his beneficence and grace and may give him a special place in His own infinite mercy.

Sir, I knew Pir Muhammad Zaman Chishti eversince I came here and it was impossible not to be affected by his amiable disposition, by his dear ways and by the manner he went about doing good without meaning ill-will to anybody.

With your permission, Sir, I might also take this opportunity to say a few words about another loss which the Province of West Pakistan suffered recently in so far as we have lost one of the brightest personalities in the Judiciary, namely Mr. Justice Illahi Bakhsh Khamesani. Sir, although he was not connected with law-making but he was connected with interpretation and administration of law. He was a unique personality in himself in so far as he rose by shear dint of his merit. He practised for most part of his life in Sukkur and Khairpur and during the time after partition when there was a vacuum he shifted to Karachi and within two or three years' time he was able to catch the eye of the Chief Justice of Pakistan who selected him for the post of a Judge of the then Chief Court of Sind and later the High Court of West Pakistan. He was so young, so courageous and so bright that whenever any matter was presented to him, he would at once see through the merits of that matter and within a few minutes' time he brought his own personality to bear upon the context of facts of the case, and gave brilliant judgments always. He was very courageous and he always bore in mind the dignity of the office which he was occupying, and he made a special example to uphold the dignity and the prestige of the profession of law as well as the High Court. May God in His infinite mercy grace and give him a special place in paradize.

With these few words, Sir, I resume my seat.

مسٹر سپیکر - پیر محمد زمان چشتی کی وفات سے ہم ایک نہایت ہی مخلص اور ہمدرد دوست سے محروم ہوگئے ہیں - چشتی صاحب اپنے رفقاء میں بیحد مقبول تھے اور اپنے حلقہ کے عوام کی بھلائی کیلئے ہمیشہ سرگرم عمل رہتے تھے - اس ایوان کے اندر اور اس ایوان کے باہر وہ ہمیشہ عوام کی خدمت کے جزبہ سے سرشار اور عوام کی بھلائی کے جزبہ سے معمور رہتے تھے - ان کا خلوص اور

ان کی محبت ہمیشہ نہ صرف ان کے حلقہ نیابت کے عوام کو بلکہ اس ایوان کے ارکان کو بھی یاد رہیں گے ۔ گزشتہ ۶ ماہ میں یہ ہمارا پانچواں صدمہ ہے ۔ اللہ تعالیٰ ہمارے اس ایوان کی کارروائی کو ہمیشہ صحیح و سلامت رکھے ۔ آمین ۔ اور مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔ اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

حکیم احمد شجاع اپنی زندگی کے بیشتر حصہ میں صوبائی اسمبلی کے دفتر سے منسلک رہے ۔ وہ نہایت ہی بلند پایہ مصنف اور ادیب تھے ۔ اور ریٹائر ہونے کے بعد بھی مقننہ کا احترام انہیں ملحوظ خاطر رہا اور اس ایوان کے باہر جب کبھی میری ان سے ملاقات ہوئی تو میں نے ہمیشہ ان کے نزدیک اس مقننہ کا احترام موجود پایا تھا ۔ وہ ہمیشہ ارکان اسمبلی کو نہایت عزت و احترام کی نظر سے دیکھتے رہے ۔ ان کی وفات سے صوبہ مغربی پاکستان ایک بلند پایہ مصنف ۔ ڈرامہ نویس اور ایک ادیب سے محروم ہوگیا ہے ۔ میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے ۔ آئیے ہم سب مل کر مرحوم چشتی صاحب اور حکیم احمد شجاع اور جناب لا منسٹر صاحب کی تحریک کے مطابق جسٹس خمیسانی کی ارواح کیلئے دعائے مغفرت کریں ۔

(اس مرحلہ پر جملہ حاضرین نے مرحومین کے لئے دعائے مغفرت کی) ۔

مسٹر سپیکر ۔ ایوان کی آج کی کارروائی پیر محمد زمان چشتی کی یاد میں کل صبح نو بجے تک کے لیے ملتوی کی جاتی ہے ۔

The Assembly then adjourned (at 9.45 a.m.) till 9.00 a.m. on Tuesday, the 7th January, 1969.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

EIGHTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 7th January, 1969.

سہ شنبہ - ۱۷ شوال المکرم ۱۳۸۸ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, H. K., in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَئُوْسًا ۝ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ۝ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ۝

(پ ۱۵۔ س ۱۷۔ ع ۹ و ۱۰۔ آیات از ۸۳ تا ۸۷)

اور ہم قرآن کے ذریعہ وہ چیز نازل کرتے ہیں جو ایمان والوں کے لئے شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کے حق میں تو اس سے نقصان ہی نقصان بڑھتا ہے۔ اور جب ہم انسان کو نعمت بخشتے ہیں تو روگردان ہو جاتا اور پہلو تہی کرتا ہے۔ اور جب اسے سختی و تکلیف پہونچتی ہے تو بہت جلد مایوس ہو جاتا ہے۔ کہدو کہ ہر شخص اپنے طریق کے مطابق عمل کرتا ہے پس تمہارا پروردگار اس شخص سے خوب واقف ہے جو سب سے زیادہ سیدھے راستے پر ہے۔ اور لوگ تم سے روح کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ کہدو کہ وہ میرے پروردگار کا حکم ہے۔ اور تم لوگوں کو اس کا بہت کم علم دیا گیا ہے۔

اور اگر ہم چاہیں تو جو کتاب ہم تمہاری طرف وحی کے ذریعہ بھیج رہے ہیں اسے دلوں سے محو کر دیں پھر تم اس کے لئے ہمارے مقابلے میں کسی کو مددگار نہ پاؤ گے۔ مگر اس کا قائم رہنا تمہارے پروردگار کی رحمت ہے۔ اس میں شک نہیں کہ تم پر اس کا بڑا فضل ہے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mr. Zain Noorani.

BAN ON CULTIVATION OF RICE ON LEFT BANK OF GUDDU BARRAGE.

***13923. Mr. Zain Noorani :** Will the Minister for Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Board of Revenue is considering a proposal to ban cultivation of rice on the left bank of Guddu Barrage due to danger of water logging and salinity ;

(*b*) if answer to (*a*) above is in the affirmative, the progress made in the matter so far and the final decision, if any ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (*a*) Yes, the Land Utilization Committee, has agreed to ban rice cultivation on the entire left bank of Guddu Barrage including the 'rice established areas' and a recommendation is accordingly being made to the Governor.

(*b*) As above.

Mr. Zain Noorani : While complimenting the Government on the decision taken by them, I would like to know whether the government would consider giving a period of two years at least to the cultivators of this area in order to change from rice cultivation to whatever other crop they would like to cultivate ?

Minister for Revenue (Mr. Ghulam Sarwar Khan) : We will consider this suggestion.

رئیس حاجی دریا خان جلبانی ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مجھے بتا سکتے ہیں کہ اس میں بائیں جانب کون سے ایریاز آتے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ روھڑی ۔ گھوٹکی ۔ پنوں عاقل ۔ آباڑو ۔ میر پور متھیلو آف سکھر ڈسٹرکٹ ۔

ALLOTMENT OF LAND

*13951. **Mr. Hamza :** Will the Minister for Rehabilitation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a large number of displaced persons from India have not been allotted any land in lieu of their verified claims of land left by them in India ;

(*b*) whether it is a fact that the non-allottees are facing great hardships since 1947 and many influential persons and Officers are purchasing the verified claims (Index units) at a very low rate ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government have any scheme to allot Government land to the non-allottees ; if so, when and if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (*a*) No. Over 96 per cent of the claimants have been allotted land against their verified claims ;

(*b*) Not to the knowledge of the Department ;

(*c*) As the evacuee land is still available and is being utilized against verified claims of the allottees. as well as non-allottees, the question of alloting Government (State) land to non-allottees does not arise.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میرے سوال کے حصہ (ب) کے جواب میں حکومت نے یہ بتایا ہے کہ با رسوخ افراد اور افسران نے غیر الاٹی مہاجرین سے ان کے مصدقہ کلیم نہیں خریدے ۔ میں پہلے تو حکومت کی فوتیدگی پر انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھتا ہوں ۔ آپ کہیں گے کہ پھر اس مردہ حکومت سے سوال کیوں پوچھتے ہو ۔

Mr Speaker : Please put the supplementary.

مسٹر حمزہ ۔ میں جناب وزیر مال سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ اطلاع جو محکمہ کی جانب سے انہیں مہیا کی گئی ہے کے باوجود کیا ان کے

علم میں نہیں ہے کہ کم از کم اضلاع لائلپور ، جھنگ ، گوجرانوالہ ، سیالکوٹ ، لاہور اور شیخوپورہ میں بہت سے افسران نے ایک دو ایکڑ نہیں بلکہ ہزاروں ایکڑ زمین غیر الاٹی مہاجرین سے یونٹ خرید کر حاصل کی ہے اگر آپ کے علم میں ہے تو جن افسران نے آپ کو یہ غلط اطلاع مہیا کی ہے ان کے خلاف آپ کیا اقدام کریں گے ؟ جناب سپیکر ۔ میں آپ سے بھی التجا کروں گا کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ آپ ذاتی طور پر اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ آپ کے ضلع میں ایک دو نہیں بیسیوں افسران نے مہاجروں سے یونٹ خرید کر زمین حاصل کی ہے ۔

وزیر مال (مسٹر غلام سرور خاں) ۔ اگر ایسی کوئی بات ہے تو مجھے سرکاری طور پر اس کا علم نہیں ہے اور نہ ہم اسے تسلیم کرتے ہیں ۔ اس سے گورنمنٹ کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ کیا وہ اس بات کے لئے تیار ہیں کہ اس ایوان کے تین چار معزز اراکین کی ایک سب کمیٹی بنا دی جائے تاکہ اس مسئلہ کی چھان بین کی جا سکے ۔

یہ حقیقت ہے جس سے کوئی فرد انکار نہیں کر سکتا کہ ان افسران نے جن کو حکومت نے یہ الاٹمنٹ کی پاور دی ہوئی ہے نہ صرف بیسیوں ایکڑ بلکہ ہزاروں ایکڑ زمین اپنے عزیز و اقربا کے نام الاٹ کرا لی ہے اور غریبوں کا خون چوسا اور ان کا حق غصب کیا ہے ۔ ہم ایوان میں استدعا کرتے ہیں کہ کیا آپ اس بات کے لئے تیار ہیں ؟

وزیر مال ۔ میں نے عرض کر دیا ہے کہ سرکاری طور پر ہمیں اس کا علم نہیں ہے ۔ اگر کسی نے ایسا کیا بھی ہے تو اسے ہم recognise نہیں کرتے ۔ ممکن ہے کسی نے ایسا سودا کیا ہو ۔

مسٹر سپیکر ۔ **خان صاحب** ۔ recognise سے آپ کی کیا مراد ہے ؟

وزیر مال ۔ یہ کسی شخص کا اپنا معاملہ ہے ۔ کسی کے پاس ووٹ تھے ۔ اس نے کسی کے پاس بیچ ڈالے ۔ اگر کسی نے ٹھگی ٹھوری سے ایسا کیا ہے تو اس کا ہمیں علم نہیں ۔

Mr. Speaker : What about the suggestion of Chaudhri Nawaz ? Is the Government prepared to constitute a Committee or not ?

وزیر مال ۔ ہم اس پر غور کر لیں گے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جو زمینیں الاٹ نہیں ہو رہی ہیں ۔ کیا اس کی یہ وجہ نہیں ہے کہ جو افسران اس کام پر مامور تھے وہ خود انہیں الاٹ کرا کے فروخت کر چکے ہیں ۔

وزیر مال ۔ اچھی اچھی زمین لوگوں نے لے لی ہے ۔ جو رہ گئی ہے وہ ناقص ہے یا چھوٹے چھوٹے قطعات میں بکھری ہوئی ہے ۔ لوگ انہیں لینے کے زیادہ خواہشمند نہیں ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ انہوں نے اپنے اصلی جواب میں جو مجموعہ اضداد ہے کہا ہے کہ ۷۰ فیصد سے زیادہ کلیمنٹس کو زمین الاٹ کی جا چکی ہے ۔ ان کے بیان کے مطابق ۳ یا ۵ فیصد باقی ہیں ۔ زمین بھی موجود ہے ۔ مگر وہ انہیں اس لیے الاٹ نہیں ہوتی کہ لوگ اسے لینے کے لیے تیار نہیں ۔ کیا ان کے پاس مثالیں موجود ہیں کہ اتنے لوگوں کو زمین الاٹ کی اور انہوں نے اسے لینے سے انکار کر دیا ؟

وزیر مال ۔ یہ عام فہم کی بات ہے ۔ ویسے ہم ان لوگوں کی تعداد بتا بھی سکتے ہیں ۔ مگر یہ عام فہم کی بات ہے کہ زمین جو رہ گئی ہے وہ ناقص ہے اور چھوٹے چھوٹے قطعات میں ہے اس لیے قدرتاً لوگ اپنی مرضی سے

اسے نہیں لینا چاہتے ۔ ۴ فیصد لوگ جو رہ گئے ہیں وہ وہی لوگ ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر موصوف سے یہ سوال پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب اس معزز ایوان کے معزز اراکین آپ کو یہ بتاتے ہیں کہ اُن افسران نے جنہیں آپ نے ان زمینوں کو الاٹ کرنے کے اختیارات دیئے تھے ان اختیارات کو مہاجرین کے حقوق کی حفاظت کے لیے استعمال کرنے کی بجائے اپنی جیبیں گرم کرنے کے لیے استعمال کیا ہے تو کیا وجہ ہے کہ آپ ان افسران کے خلاف تحقیقات کی جو تجویز جناب لواز صاحب نے پیش کی ہے اسے منظور نہیں فرماتے ؟

وزیر مال ۔ میں جواب دے چکا ہوں ۔ ہم اس پر غور کر لیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر موصوف نے میرے سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ بھی فرمایا ہے کہ بقایا زمین بالکل ناقص ہے ۔ ساتھ ہی وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ ۴ فیصد بد قسمت مہاجرین ایسے ہیں جنہیں وہ پچھلے ۲۱ سال سے ان کا حق نہیں دے سکے ۔ آپ ان بدقسمت افراد کو جو ہندوستان میں اپنی زمین چھوڑ کے آئے ہیں سرکاری زمین کیوں الاٹ نہیں کرتے جب کہ آپ بدنام افسران کو یہ زمین الاٹ کر رہے ہیں ؟

وزیر مال ۔ میں نے لفظ "بالکل" استعمال نہیں کیا ۔ صرف ناقص استعمال کیا ہے ۔ میں نے کہا ہے کہ ایک وجہ یہ بھی ہے ۔ دوسرے الاٹمنٹ اب تک جاری ہے ۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ وہ بالکل بند ہے ۔ میں نے صرف اس قدر کہا ہے کہ لوگ ان زمینوں پر اس طور سے نہیں آتے جیسے پہلی زمینوں پر آ رہے ہیں ۔

دوسری تجویز جو ان کی ہے ہم اس پر غور کر لیں گے ۔ وہ لوگ خود اسے بیچتے ہیں ۔ گورنمنٹ نے اجازت نہیں دے رکھی ہے ۔ گورنمنٹ کی رضامندی ان کے ساتھ کوئی نہیں ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ اگر میں یہ کہوں کہ زمین جو پڑی ہوئی ہے اس کے متعلق جن لوگوں کے کلیم ابھی باقی ہیں اگر وہ کسی پٹواری کے پاس جاتے ہیں تو ان کو پٹواری یہ جواب دیتا ہے کہ اسے افسران بالا نے یہ کہہ کر بند کیا ہوا ہے کہ یہ زمین کسی کو الاٹ نہیں کرنی ۔ نہ کسی کو بتانا ہے ۔ اس کے بعد وہ غریب جن کے کلیم پڑے ہوئے ہیں ان کے متعلق یہ کہہ دینا کہ زمین ناقص ہے اور وہ لیتے نہیں اس میں آپ کہاں تک حق بجانب ہیں ؟

وزیر مال ۔ یہ ہمارے علم میں نہیں ہے کہ پٹواری کو کسی نے ایسی ہدایت کی ہو ۔

چودھری محمد نواز ۔ اسی لیے میں کہتا ہوں کمیٹی مقرر کر دیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ لاہور سے باہر کی زمین ناقص ہے مگر شہر لاہور کی زمین تو ناقص نہیں ۔ شہر لاہور کی حدود میں ابھی نصف سے زیادہ زمین ایسی ہے جو ابھی تک الاٹ نہیں ہوئی ۔ اس الاٹمنٹ کے متعلق جو دھاندلی ہے ۔ صرف چند افسران نے یہ زمین الاٹ کرا لی ہے ۔ اگر میں اس کے متعلق ڈیٹا مہیا کروں تو کیا وہ انکوائری کرانے کے لیے تیار ہیں ؟

وزیر مال ۔ ہم یقیناً کریں گے ۔ یہ تو نہیں کہہ سکتا میں، بذات خود کروں گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ انہوں نے بڑا احسان کرتے ہوئے یہ فرمایا ہے کہ وہ اس کی تحقیقات کرائیں گے ۔ کیا وہ ایسے افسران کے ذریعہ تحقیقات کرائیں گے جنہوں نے خود الاٹمنٹ میں حصہ لیا ہوا ہے ۔ جیسا کہ لاہور کے بیشتر افسران نے کسی نہ کسی طریق سے شہری جائداد کی جو

زمین ہے وہ پولٹ خرید کو حاصل کی ہوئی ہے ؟

وزیر مال ۔ ہم ضرور مناسب کارروائی کریں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے مناسب کارروائی اور غور کے بارے میں دوبارہ فرمایا ہے ۔ کیا آپ بتائیں گے کہ آپ کتنے عرصہ میں اس ایوان کو اس بارے میں مطلع فرمائیں گے ؟

وزیر مال ۔ جلد از جلد ۔ جس قدر جلدی ہو سکا ۔

مسٹر سپیکر ۔ غالباً وہ ایکشن اس وقت لیں گے جب ادریس صاحب ان کی خدمت میں کوئی تجویز بطور عرضداشت پیش کریں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کے ضلع میں کسی سیاسی کام سے گیا تھا ۔ وہاں مجھے معلوم ہوا کہ کم از کم ۲۳ ایسے پی ۔ سی ۔ ایس افسران ہیں جنہوں نے پچھلے ۲۱ سال میں گوجرانوالہ میں مختلف کلیموں پر کئی مربعے زمین الاٹ کرا رکھی ہے ۔ ضلع سیالکوٹ میں بھی یہی کیفیت ہے ۔ آپ کا ڈی ۔ سی ۔ گوجرانوالہ جو ہے وہ مجرم نمبر ایک ہے ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza should be specific. If he wants to make a representation he is prepared to look into it.

مسٹر حمزہ ۔ میں زندہ مثالیں دے دوں تاکہ وہ دھوکے میں نہ رہیں ۔

Mr. Speaker : The member may give a representation to him and he has promised to look into it.

———

LAND REVENUE ASSESSED ON AGRICULTURAL LAND WITHIN MUNICIPAL LIMITS OF TOBA TEK SINGH, GOJRA AND KAMALIA.

*13954. Mr. Hamza : Will the Minister for Revenue be plased to state :—

(*a*) whether it is a fact that land revenue has been assessed on Agricultural lnnd situated within the Municipal limits of Toba Tek singh, Gojra and Kamalia in District Lyallpur even after the enforcement of West Pakistan Land Revenue Act, 1967, although Urban Immovable Property Tax is also levied thereon ;

(*b*) if answer to (*a*) above he in the affiermative, the total amount of land revenue assessed on the said land for Rabi 1967-68 alongwith reasons for the same ;

(*c*) the date from which the said lands will be exempted from the assessment of land revenue as required by the provisions of the West Pakistan Land Revenue Act, 1967 ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) :

(*a*) Yes. No recovery has, however, been made.

(*b*) A demand of Rs. 12,176·51 was created.

The Irrigation Department who are the assessing authority in the district were not aware of the changed position under the new Law and the demand was therefore created inadvertantly.

(*c*) Rabi, 1968.

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر مال صاحب مجھے بتا سکتے ہیں کہ محکمہ آبپاشی حکومت مغربی پاکستان کا محکمہ ہے ۔ اگر واقعی یہ محکمہ مغربی پاکستان کی حکومت کا ہے تو آپ نے جو قانون پاس کیا تھا اس کی اطلاع ان کو کیوں نہیں دی یا انہوں نے بذات خود اس اطلاع کو کیوں حاصل نہیں کیا ؟

وزیر مال (مسٹر غلام سرور) ۔ جناب والا میں تو سمجھتا تھا کہ شاید

حمزہ صاحب ضمنی سوال نہیں کریں گے کیونکہ جواب صاف ہے کہ غلطی ہو گئی ہے - روپوں کا مطالبہ کیا گیا تھا لیکن ڈیمانڈ کی کوئی وصولی ابھی تک نہیں کی اس پر بھی حمزہ صاحب خوش نہیں ہوئے -

مسٹر حمزہ - جناب والا - ایک ایسا قانون جس کے بارے میں بیشتر افراد کو علم ہو لیکن سرکار کے ملازمین کو اس کا علم نہ ہو کیا اس بات سے محکمہ کی نااہلی کا ثبوت نہیں ملتا ؟

مسٹر سپیکر - مسٹر حمزہ آپ محکمہ آبپاشی کا سوال وزیر مال صاحب سے پوچھ رہے ہیں -

مسٹر حمزہ - جناب مخدوم صاحب اور وزیر مال صاحب کا جہاں تک تعلق ہے آپ یقین کیجیے کہ ان بیچاروں کو جو اطلاع بہم پہنچا دی جاتی ہے وہ یہاں پڑھ دیتے ہیں - مجھے ان سے یہی گلہ ہے اس لیے میں ان کو اس معزز ایوان میں جھنجوڑتا رہتا ہوں کہ آپ اطلاع کو غور سے پڑھ لیا کریں آیا اس میں کوئی خامی تو نہیں ؟

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۹۶۷ء میں پاس ہوا - تین چار مہینے تک جب اس بل پر بحث ہوتی رہی تو اس کی کارروائی سے متعلق اخبارات کے ذریعہ ایک ایک بچہ جانتا تھا خاص کر وہ لوگ جو زراعت سے تعلق رکھتے تھے ان کو پتہ تھا کہ ایک ایسا قانون پاس ہو رہا ہے - کیا ایک وزیر صاحب کو یا ایک محکمہ کو اس کا علم نہیں تھا یہ بات ہماری سمجھ سے بالاتر ہے - اگر ان کو علم نہیں تھا تو اس کی وجہ یہی تھی کہ یہ لوگ ڈیمانڈ کو بڑھا کر دھاندلی کرنے اور رشوت لینے میں کامیاب ہو جاتے - وزیر متعلقہ یہ بتائیں کہ جن افسران کو اس کا سرے سے علم نہیں تھا انہوں نے خوف و ہراس پھیلا کر اس ڈیمانڈ کو

raise کیا کیونکہ آپ کو معلوم ہے ۔ ignorance is no excuse in law ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب کیا آپ نے محکمہ آبپاشی کو consult کرنے کے بعد یہ زیادہ ہے ؟

وزیر مال ۔ جناب والا انہوں نے ضرور consult کیا ہو گا ۔ لینڈ ریونیو ایکٹ جو آپ نے پچھلے سیشن میں پاس کیا ہے اس میں بہت سی ایسی چیزیں تھیں جن کی وضاحت کرنی چاہیے تھی ۔ اس لیے ہم نے بہت سے وضاحت طلب چیزوں سے متعلق بیان دے دیا ۔ میونسپل ایریا کے متعلق ممکن ہے اس محکمہ کو پتہ ہو ۔ کچھ لوگوں نے مجھ سے بھی پوچھا تھا ۔ شمالی اور سرحدی ایریا کے متعلق بھی وضاحت چاہیے تھی ۔ یہ ایسے معاملات ہیں جو وضاحت طلب تھے ۔ حمزہ صاحب اور مولانا فاروقی صاحب کی سفید اور سیاہ نظر کا قصور نہیں ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ حضور والا ابھی ابھی میرے فاضل دوست حمزہ صاحب نے ہمارے دو وزراء کے متعلق "بیچارے" کا لفظ استعمال کیا ہے ۔ وہ عزت مآب ہیں ۔ یہ ان کی شرافت کا نتیجہ ہے کہ حمزہ صاحب ایسے الفاظ ان کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ ان کو ایسے الفاظ نہیں کہنے چاہئیں ۔

کافی زیادہ ہے تو میرے علم میں جو بات ہے وہ یہ ہے کہ وہ اڑھائی تین سال میں بھر ہوئی ہیں ۔ میں ان سے پوچھنا ہوں کہ تین سال کے عرصہ میں ۵۹۷ اساتذہ کے بغیر انہوں نے بچوں کی تعلیم کا کیا انتظام کیا تھا ؟ اب وہ لوگ جن کو تعینات کیا گیا ہے ۔ ان کو ابھی تک یہ بھی پتہ نہیں ہے کہ وہ یہاں بھر رہیں گے ۔ یا نہیں رہیں گے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ عوام میں اور تجربہ کار اساتذہ میں جو بے چینی پھیلی ہوئی ہے یہ محکمہ تعلیم کی غلط پالیسی کی وجہ سے ہے جو انہوں نے اختیار کر رکھی ہے ۔ میں جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے آپ کی وساطت سے درخواست کروں گا کہ وہ اس طریق کار کو بدلیں اور جو ایڈ ھاک کمیٹی بنائی گئی ہے اس کو ختم کر دیا جائے ۔ اور کسی افسر اعلیٰ یا وزیر صاحب کی منظوری سے جس طرح پہلے ہوتا تھا ایڈ ھاک basis پر تعیناتی کر دی جائے ۔ جو خالی اسامیاں پڑی ہوئی ہیں ان کو پر کیا جائے تاکہ لوگ اطمینان کا سانس لے سکیں ۔

خان اجون خان جدون (مردان ۳) ۔ جناب والا ۔ چودھری نواز صاحب کا سوال بڑا اہم ہے اور اس کے جواب سے یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ پشاور ریجن میں لیکچراروں کی سب سے زیادہ اسامیاں خالی پڑی ہیں اور ان کو پچھلے دو سال میں پر نہ کرنے کے متعلق جو جواب دیا گیا ہے وہ یہ ہے

"Necessary demand for ad hoc appointments to the vacancies has already been placed with the Ad Hoc Appoointment Committee."

جناب والا ۔ اس سلسلہ میں میں یہ گذارش کروں گا کہ ایڈ ھاک اپوائنمنٹ کا جو اختیار ہے اس کے لیے لاہور میں ایڈ ھاک کمیٹی مقرر کی گئی ہے اور اس کے کام کا جو عالم ہے اس کے متعلق آپ خود ہی اندازہ لگا سکتے ہیں ۔ ۱۹۶۷ء سے ان اسامیوں کے لیے معاملہ صرف اس مرحلے تک پہنچا ہے کہ یہاں ڈیمانڈ place کی گئی ہے لیکن محکمہ تعلیم نے ان کی تعیناتی کا انتظام نہیں کیا ۔ میں عرض کروں گا کہ گورنمنٹ اس معاملہ پر سنجیدگی سے غور کرے۔ یہ ٹھیک ہے کہ صوبائی حکومت کی پراونشل ہیڈکوارٹرز پر نگرانی ہو لیکن نگرانی اس قسم کی نہیں ہونی چاہیے کہ سال ھا سال تک لوگ وہاں نہ جائیں اور اصل مقصد پورا نہ ہو ۔ پہلے لوکل ڈائریکٹروں کو اختیار ہوتا تھا کہ وہ ad hoc basis پر مقامی تعیناتی کیا کرتے تھے لیکن اب ایسا نہ کرنے سے بہت مشکلات پیدا ہوئی ہیں ۔ ان سے وہ اختیارات چھین لیے گئے ہیں کہ وہ ad hoc appointment نہیں کر سکتے ۔ اور یہاں پر یہ حال ہے کہ سالہا سال گذر جاتے ہیں ۔ یہ مسئلہ چھوٹے یونٹوں کے لیے کافی تشویش کا مسئلہ ہے اور یہ administrative مسئلہ ہے ۔ میں حکومت سے درخواست کروں گا کہ وہ اس قسم کے مسائل پر پوری سنجیدگی سے غور کرے اور ان کو simplify کرے ۔

اس کے علاوہ جناب والا ۔ میں پبلک سروس کمشن کا مسئلہ بھی ضرور پیش کروں گا ۔ پبلک سروس کمشن میں بھی سالہا سال لگ جاتے ہیں ۔ ad hoc appointment ہو جاتی ہیں ۔ لوگ اسامیوں پر کام کرتے رہتے ہیں ۔

ان کو تجربہ بھی ہو جاتا ہے وہ اپنی کارکردگی بھی دکھا دیتے ہیں لیکن پبلک سروس کمشن کے پاس جب کیس سالہا سال کے بعد جاتا ہے تو کچھ لوگ select ہوتے ہیں ، کچھ نہیں ہوتے ۔ اور اس سے ان لوگوں میں جنہوں نے کافی عرصہ کام کیا ہوتا ہے ، وہ کسی دوسری سروس سے بھی جاتے ہیں اور انہیں اس سروس میں بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ خاص کر تعلیم کے محکمہ میں میرا خیال یہ ہے کہ بہت ہی clear-cut اور جلدی implement ہونے والا طریقہ اختیار کرنا چاہیے ۔ ad hoc appointment کم سے کم کرلی چاہیں ۔ اور پبلک سروس کمشن کا طریق کار گورنمنٹ کو اس طرح streamline کرنا چاہیے کہ اس کے پاس demands ہر وقت place کی جائیں اور ایک خاص کم از کم معینہ مدت میں وہ اپنے فرائض سے سبکدوش ہو ۔ اور صحیح آدمیوں کو منتخب کر کے اپنے اپنے کام پر لگائیے ۔ یہ بہت اہم مسئلہ ہے ۔ ہمارے پاس advance thinking ہونی چاہیے اور advance planning ہونی چاہیے ۔ ہمیں پہلے سے سوچ لینا چاہیے کہ آئندہ سال ہمیں اتنے آدمی یا اتنے لیکچرار چاہیے ہونگے ۔ اور اس کے لیے ہمیں پہلے سے بندوبست کرنا چاہیے تاکہ صحیح آدمی صحیح کام پر لگ سکیں ۔ اس سے دو فائدے ہوں گے ۔ ایک تو یہ فائدہ ہو گا کہ جو آدمی سروس میں جائے گا وہ دل لگا کر اور اطمینان سے کام میں منہمک ہو گا ۔ کیونکہ اس کو security حاصل ہو گی ۔ وہ permanent ہو گا ۔ اس طرح بچوں کی تعلیم کا معیار بھی بلند ہو گا ۔ اگر آپ ad hoc appointments کریں گے اور ان میں بھی سالہا سال لگیں گے اور posts بھی خالی رہیں گی تو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ ایک تو

جو سروس میں ہیں وہ بھی مطمئن نہیں ہوں گے ۔ دوسرے طالبعلموں کی تعلیم پر بہت ہی خراب اثر پڑے گا اور پڑ رہا ہے ۔ اس لیے میں یہ گزارش کروں گا کہ اس مسئلہ پر نہایت سنجیدگی سے غور کیا جائے اور جلد از جلد ان معاملات کو درست کیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ) ۔ جناب والا ۔ اس روز کی فہرست سوالات میں دراصل تین سوالات تھے جن کے ذریعہ کم و بیش ایک ہی قسم کی اطلاع محکمہ تعلیم سے حاصل کرنے کی کوشش کی گئی تھی ۔ ایک تو محترم چودھری محمد نواز صاحب کا سوال تھا جس کے متعلق ابھی چودھری صاحب اور محترم خان صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے ۔ اس کے علاوہ ایک سوال حاجی عطا محمد صاحب کی جانب سے تھا جس میں انہوں نے سابق صوبہ سندھ کے گورنمنٹ کالجوں کے متعلق پوچھا تھا کہ کس قدر منظور شدہ اسامیاں وہاں ہیں اور کس قدر اسامیاں ان میں سے خالی رہی ہیں ۔ اور ایک سوال میں نے پوچھا تھا ۔ یہ سوال فہرست سوالات میں سب سے آخر میں تھا اور اس کا نمبر ۱۵۰۵۷ تھا ۔ میری رائے میں غالباً محکمہ تعلیم کو کچھ غلطی لگی ہے ۔ میں یہ تو نہیں کہتا کہ انہوں نے عمداً ایسا کیا ہے ۔ میرا سوال اور چودھری محمد نواز کا سوال تقریباً تقریباً ایک ہی قسم کے تھے ۔ پوچھا یہ گیا تھا کہ سارے مغربی پاکستان میں کس قدر اسامیاں خالی ہیں ۔ ان دونوں سوالوں کا کم از کم ایک حصہ مشترک تھا ۔ میں پہلے اپنا سوال عرض کر دوں ۔ میں نے پوچھا تھا کہ مغربی پاکستان میں محکمہ تعلیم کے تحت درجہ اول کی کس قدر اسامیاں ہیں صرف teaching

section میں ۔ اور سوال کا دوسرا حصہ یہ تھا کہ محکمہ تعلیم کے teaching section میں درجہ دوم کی کس قدر اسامیاں ہیں اور پھر میں نے پوچھا تھا کہ ۱۹۶۷-۶۸ء میں ان اسامیوں میں سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو کس قدر اسامیاں خالی تھیں ۔ مجھے افسوس ہے کہ یہ سوال اس روز ایوان کے سامنے نہ آ سکا اور مجھے ایک نامکمل جواب دیا گیا ۔ مجھے بتایا گیا کہ اس قدر خالی ہیں ۔ (میں ابھی بتاتا ہوں کہ کس قدر خالی ہیں) ۔ لیکن یہ نہیں بتایا گیا کہ کس تاریخ کو ۔ حالانکہ میں نے پورے دو سالوں کا پورا گوشوارہ طلب کیا تھا ۔ جناب والا ۔ جو جواب محترم چودھری محمد نواز صاحب کو دیا گیا ہے ۔ اس میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ صرف ۳۷ اسامیاں خالی ہیں لیکچراروں کی ۔ اور جو جواب مجھے دیا گیا ہے . . . . میرا سوال یہ تھا ۔

(a) The number of class I posts in the Teaching Section of the Education Department ;

اس کے جواب میں وہ ارشاد فرماتے ہیں ۔ "۱۰۰۷" ۔ میرے سوال کا دوسرا حصہ یہ تھا ۔

(b) The number of class II posts in the Teaching Section of the Education [Department ;

وہ جواب میں فرماتے ہیں ۔ "۳۹۸۸" ۔ سوال کا تیسرا حصہ یہ تھا ۔

(c) The number of class I posts out of those mentioned in (a) above which remained vacant on the first of each month in the years 1967-68.

اس کے جواب میں انہوں نے فرمایا ہے ۔ "۵۰۹ خالی رہی ہیں ۔" یہ کب خالی رہی ہیں ؟ یہ انہوں نے نہیں بتایا اور حصہ (د) کے جواب میں انہوں

نے کہا کہ درجہ دوم کی ۱۰۶ اسامیاں خالی رہی ہیں ۔ اب جناب والا ۔ دونوں سوالات کے جواب ملاحظہ فرمائیں ۔ چودھری محمد نواز صاحب کے سوال کے جواب میں یہ کہا جاتا ہے کہ مغربی پاکستان میں اساتذہ کی صرف ۷۳ اسامیاں خالی ہیں اور میرے سوال کے جواب میں کہا جاتا ہے کہ درجہ اول کی اسامیاں پچاس فیصد سے زیادہ خالی پڑی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے گورنمنٹ کالجوں کے متعلق پوچھا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میرا سوال یہ ہے جناب والا ۔

"Number of class I posts in the Teaching Section of the Education Department;

class I posts سکولوں میں نہیں ہوتیں ۔ میں نے teaching section کے متعلق پوچھا ہے ۔ ڈسٹرکٹ انسپکٹرز آف سکولز نہیں پوچھے ۔ میں نے سیکشن آفیسر نہیں پوچھے ۔ میں نے teaching section کے متعلق پوچھا ہے اور teaching section میں تو پروفیسر ہی ہوں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا خیال ہے کہ وہ گورنمنٹ کالجوں کے لیکچرار ہی ہوں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بالکل ۔ اور کوئی ہو ہی نہیں سکتا ۔ مجھے بتائیں کہ اس میں اور کون ہو سکتا ہے ؟ میں نے خصوصیت سے teaching section کے متعلق پوچھا ہے ۔ جناب والا ۔ صورت حال یہ ہے کہ جہاں کل منظور شدہ اسامیاں ۱۰۰۷ ہیں ۔ ان میں سے پچاس فیصد اسامیاں سالہا سال سے خالی پڑی ہیں یعنی پچاس فیصدی سے زیادہ اسامیاں مغربی پاکستان میں

محکمہ تعلیم کی خالی پڑی ہیں ۔ محترم وزیر تعلیم اتفاق سے علیل ہیں ۔ میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے پوچھتا ہوں کہ وہ بتائیں کہ آخر ان کالجوں میں ، ان Educational Institutions میں کیا پڑھایا جاتا ہے ۔ جہاں پچاس فیصد پروفیسر نہیں ہیں ۔ اور میں نے پوچھا تھا ۱۹۶۷ء اور ۱۹۶۸ء یعنی دو سالوں کے متعلق ۔ اور اگرچہ انہوں نے مجھے جواب بھی ادھورا ہی دیا ہے ۔ لیکن پھر بھی یہ شاہکار ہے اس گورنمنٹ کا جس کے ایک معزز وزیر یہ کہہ رہے تھے کہ اس قوم کے بچے ہمارے بچے ہیں ۔ اور ان بچوں کے ساتھ سلوک یہ ہے کہ ان کے لئے استاد تک مہیا نہیں کئے جاتے ۔ ان بچوں کے ساتھ سلوک یہ ہے کہ گذشتہ تین ماہ سے سکول بند ہیں ، کالج بند ہیں ۔ ان کے کھلنے کا کوئی انتظام نہیں کیا جاتا ۔ پہلے پورا ایک مہینہ اس بدنام زمانہ دس سالہ جشن کو منانے میں گزار دیا اور کالج اور سکول بند رکھے ۔ اور اس کے بعد اس بہانے سے کہ طلبا توڑ پھوڑ کرتے ہیں ۔ آج تک کالج بند ہیں ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اس پوری قوم کا ایک سال جو ضائع ہو چکا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Parliamentary Secretary : I am on a point of order. Sir, is this sort of education included in today's motion ?

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ صرف ہمارے بچوں کی تعلیم کا ہرج کر رہے ہیں ۔ جیسا کہ اس سوال سے ظاہر ہے بلکہ ڈیڑھ دو ماہ سے جو سکول اور کالج بند کئے ہیں وہ محض بہانوں سے

ایسی کارروائی کی گئی ہے جس سے وہ قوم کے بچوں کا قوم کا اور ملت کا نقصان کر رہے ہیں ۔ موجودہ تحریک سے معلوم ہوتا ہے کہ کالج کیوں بند رہے ہیں ۔ جب پروفیسر ہی نہیں تو آپ تعلیم کیسے دے سکتے ہیں ۔ ۱۰۰۷ میں سے ۵۰۹ پروفیسر غائب ہیں ۔ انہوں نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے ۔ میں اس پر شبہ نہیں کرتا اور نہ ہی مجھے کرنا چاہئے ۔ لیکن میں مجبوراً شبہ کر رہا ہوں کیوں کہ پچھلے سال ۱۹۰۰ اسامیاں خالی تھیں اور میں اس بات کو چیلنج کرتا ہوں کہ سال ۱۹۶۷-۶۸ء میں ۳۸۰۰ میں سے ۵۰ فیصد اسامیاں خالی تھیں ۔ پچھلے سال بھی یعنی ۱۹۶۸ء میں میرے علم میں یہ بات ہے کہ پبلک سروس کمشن کے ماتحت ایک Ad hoc Committee بنائی گئی تھی ۔ اس نے تقریباً چھ یا ساڑھے چھ سو کے قریب اسامیاں پر کی ہیں ۔ میں پبلک سروس کمشن کو مورد الزام نہیں ٹھہراتا بلکہ میں اس محکمہ تعلیم کو ذمہ دار گردانتا ہوں ۔ کیونکہ وہ سالہا سال سے ان خالی اسامیوں کو پر کرنے سے قاصر رہا ہے ۔ جہاں سکولوں میں اساتذہ نہیں کالجوں میں پروفیسر نہیں وہاں کے بچے آوارہ گرد نہ ہوں گے تو اور کیا ہوں گے ۔ کالجوں کے بچے اپنا وقت اس مجبوری کے تحت ضائع کر رہے ہیں ۔ جو حکومت بچوں کی تعلیم کا مناسب انتظام بھی نہیں کر سکتی اور وہ اس حد تک کہ منظور شدہ اسامیوں کو پر نہیں کیا جاتا تو صوبہ میں تعلیم کے انتظام کو کسی طرح بھی مناسب نہیں کہا جا سکتا میں اس وقت کالجوں کی بات کر رہا ہوں اگر میں پرائمری سکولوں کی بات

کروں تو میں حق بجانب نہیں ہوں گا ۔ یہاں تو پرائمری سکول کی تعلیم دلانے کا انتظام بھی نہیں ہے اور کہا جاتا ہے کہ دس سال میں کس قدر ترقی کی گئی ہے ۔ اس ترقی کا حشر یہ ہے کہ اب اس ترقی کا گلی کوچوں میں ماتم ہو رہا ہے ۔ جناب والا ۔ آخر میں میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ محکمہ کیوں سویا ہوا ہے اس کی کیا وجوہات ہیں ۔ اور اس بات کا جواب justify کرنے میں کہ کلاس ۲ کی اسامیاں آج ۵۰ فیصد سے زیادہ کیوں خالی پڑی ہیں یعنی ۱۰۰۷ میں سے اب تک ۵۰۹ اسامیاں کیوں خالی ہیں ان کے پاس اس کا کیا جواز ہے ۔ نیز ۱۹۶۸ء کے ابتدا میں کلاس ۲ کی ۳۸۰۰ اسامیاں خالی تھیں اس بات کا مجھے جواب دیں ۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی درخواست کروں گا کہ میرے سوال کا مکمل جواب دے دیں ۔ آپ کو تو شاید یاد نہیں ہو گا لیکن مجھے یاد ہے کہ میں نے پچھلے سال غالباً اپریل یا مئی میں میں نے ایک بیان اخبارات میں اشاعت کی غرض سے بھیجا تھا کہ ہسپتال مین ڈاکٹروں کی اتنی کمی ہے اور کالجوں میں اتنے استادوں کی کمی ہے ۔ لوگ علاج کیسے کرائیں گے اور بچے تعلیم کیسے حاصل کریں گے ۔ اس حکومت کی یہ حالت ہے جس کا دعویٰ ہے کہ ہم بڑے تیز چلا رہے ہیں ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مجھے حتمی طور پر یہ بتائیں کہ کیا ۱۹۶۸ء میں ۱۹۰۰ کے لگ بھگ کلاس ۲ کی اسامیاں خالی نہیں تھیں اور اگر خالی تھیں تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے اس طرح کلاس ۱ کی جو اسامیاں آج تک خالی ہیں اس کی کیا وجہ ہے ۔ یہاں پبلک سروس کمشن کا ذکر کیا گیا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ پہلے

ڈائرکٹر صاحبان کو اختیار تھا کہ ad hoc basis پر بھی تقرریاں کر لیتے تھے لیکن "اونٹ رے اونٹ تیری کون سی کل سیدھی" محکمہ تعلیم نے اور ڈائرکٹر صاحبان نے اس قدر بد دیانتی کی ، اس قدر اقربا نوازی کی ، اس قدر کنبہ پروری کی کہ ہر وہ ad hoc appointment جو کی جاتی تھی ۔ اس کے لئے یا تو رشوت لی جاتی تھی یا کسی کا لڑکا یا بھتیجا یا سالا یا بہنوئی مقرر کیا جاتا تھا ۔

وزیر خزانہ ۔ میرے بھتیجے بہت کم ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ خدا کرے اور زیادہ ہو جائیں ۔ میں تو دعا کرتا ہوں ۔ جہاں بھتیجا نہیں ہوتا وہاں رشوت لی جاتی ہے ۔

Minister for Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : Mind it, it is a statement from the Leader of the Opposition.

Khawaja Muhammad Safdar : Oh yes, I am your humble servant.

Minister for Finance : I don't question your status but the statement must be an accurate one at least from the man of your status—the Leader of the Opposition.

کہ ہر نوکری کے لیے "رشوت لی جاتی ہے" ۔

This is too much, I say that.

مسٹر حمزہ ۔ آپ یہ بتائیں کہ کتنے فیصد لی جاتی ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ تاکہ ہم صحت کر لیں ۔

وزیر خزانہ ۔ آپ کو تو کیا جواب دوں ۔

So far as my personal experience is concerned and so far as the experience of the Members sitting on this side is concerned I can say that

not a single appointment in the Education Department was made after bribing any official of the Education Department.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ statement وزیر خزانہ دے رہے ہیں ان کو ذرا ذمہ داری سے دینا چاہیے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ان کو چاہیے کہ ذرا محتاط رہیں ۔

جناب والا ۔ میری صرف اتنی گذارش ہے کہ ان سب باتوں کی قباحتوں کی بنا پر گورنر صاحب نے حکم دے دیا کہ محکمہ تعلیم کے ڈائرکٹر صاحبان یا دوسرے محکموں میں بھی از خود کمیٹی Adhoc appointment نہیں کریں گے انہوں نے اس قسم کی برائیوں کی نشان دھی کرنے کے بعد ہی علاج کیا ہیں۔ وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس کی وجہ محض بد دیانتی تھی جس کی بنا پر گورنر محمد موسیٰ نے یہ حکم دیا کہ adhoc appoint-ment کا طریقہ منسوخ کر دیں ۔ اب کسی ڈائرکٹر صاحب کو اختیار نہیں رہا بلکہ پبلک سروس کمشن کے تحت ایک کمیٹی بنائی جس کے ذریعہ سے appointments کی گئیں ۔ مجھے افسوس ہے کہ یہ administrative معاملہ ہے اس کا کوئی بہتر اور اچھا طریقہ اختیار کرتے تو ٹھیک تھا ۔ ایک برائی کا سد باب کرنے کے لیے انہوں نے ایک اور برائی کو جنم دے دیا ہے ۔ اور وہ یہ ہے کہ اب جتنی appointments ہوتی ہیں ۔ ان میں تعمق اور تاخیر سے کام لیا جاتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ۵۰ فیصد کلاس ۱ کی اسامیاں آج تک خالی ہیں ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب والا ۔ میں چودھری محمد نواز صاحب کا شکر گذار ہوں کہ انہوں نے یہ اہم سوال تعلیم کے بارے میں اس معزز ایوان میں پیش کیا ہے ۔ انہوں نے جن باتوں کی نشان دھی کی ہے اس سے محکمہ تعلیم اپنی کارگذاریوں کو بہتر بنا سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس جواب میں حیدرآباد کے متعلق بھی کہا گیا ہے ۔ اور نواز صاحب نے فرمایا ہے کہ حیدر آباد میں کوئی candidates نہیں ملے جو ان اسامیوں کے لیے ٹھیک ہوں یا مناسب ہوں ۔ انہوں نے یہ اسامیاں پر نہیں کیں ۔

جناب والا ۔ یہ ہم سے بے انصافی ہے کیونکہ اس میں جو جواب درج ہے ۔ کہ ad hoc committee نے appointment کی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ نہیں قاضی صاحب ان کا جواب یہ تھا کہ وہاں جن اسامیوں پر امیدواروں کو تعینات کیا گیا انہوں نے join نہیں کیا ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب والا ۔ یہ دونوں باتیں غلط ہیں میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اب انہوں نے یہ لکھا ہے کہ ۱۹۶۶ء سے اب تک ۸ اسامیاں خالی ہیں ان آٹھ اسامیوں کے لیے ad hoc committee نے جو condidate select کیے انہوں نے join نہیں کیا۔ آپ خود فرمائیں کہ ۱۹۶۶ء سے لیکر اب تک اگر وہ candidate جن کو ad hoc committee نے appoint کیا اور انہوں نے join نہیں کیا تو کیا وہ اور candidates نہیں لے سکتے تھے ۔

جہاں تک حیدر آباد ریجن کا تعلق ہے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ جانتے ہیں ۔ وہاں پڑھے لکھے لوگ تو بہت ہیں مگر وہ بے روزگار ہیں ان کو نوکری نہیں ملتی ۔ میں وہاں ایک یونین کمیٹی کا چیئرمین ہوں وہاں ای گریڈ کا کلرک ڈبل ایم اے ہے یعنی ایم اے اکنامکس اور ایم اے انگلش ۔ لیکن چونکہ اسے کوئی نوکری نہیں ملی اس لیے وہ کلرکی کر رہا ہے۔

جناب والا ۔ اس سے آپ اندازہ لگائیں لیکن اس سے بھی زیادہ میں یہ بات کہتا ہوں کہ میرے پاس جو چپراسی ہے وہ میٹرکولیٹ ہے ۔ جناب والا ۔ آپ غور فرمائیں کہ جب حیدر آباد میں میٹرک پاس چپراسی ہے اور دو مضامین میں ایم ۔ اے پاس کرنے والا کلرک ہے تو یہ کہنا مناسب ہے کہ وہاں لکچررز نہیں ملے اس لیے یہ اسامیاں پر نہیں کی جا سکیں ۔ اگر یہ محکمہ تعلیم کا جواب ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ضرور کوئی گھپلا ہے ۔ جس کے باعث آپ یہ مقرر نہیں کرنا چاہتے اور مجھے اس میں بھی شک ہے انہوں نے یہ جو جواب دیا ہے کہ ان امیدواروں نے جن کو select کیا گیا تھا join نہیں کیا ۔ میں عرض کروں گا کہ اگر ان امیدواروں نے جن کو select کیا گیا تھا join نہیں کیا گیا تھا اور اگر یہ بات صحیح تھی تو آپ دوسرے امیدواروں کو لے لیتے ۔ جناب والا ۔ وہاں لکچرارز کی یہ حالت ہے کہ جب ان کا ad hoc تقرر کیا کرتے تھے تو تین ماہ کے لیے چار ماہ کے لیے یا چھ ماہ کے لیے کر لیا کرتے تھے اور جب vacation ہوتی تھیں یا کالج بند ہوتے تھے تو ان کو رخصت مل جاتی تھی اور کالجوں کے کھلنے پر ان کو

پھر appoint کر دیا جاتا تھا ۔ اس کے لیے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کو کیا خرچ کرنا پڑتا تھا بہر حال ان کو خرچ کرنا پڑتا تھا اور وہ چھ ماہ یا چار ماہ کے لیے رکھ لیے جاتے تھے یہ حقیقت ہے جو میں اس معزز ایوان میں پیش کر رہا ہوں ۔ جب سے سکول اور کالج بند ہوئے ہیں لیکچرارز کو پھر رخصت مل گئی ہے ایسی حالت میں وہ بیروزگار لکچرارز اب کیا کریں ۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی گذارش کروں گا کہ جواب میں جو کہا گیا ہے کہ ۱۹۶۶ء سے لیکر اب تک یہ اسامیاں پر نہیں کی گئیں اور یہ اسامیاں جتنی بتائی گئی ہے ان سے زیادہ ہیں ۔ جناب والا جس دن حاجی عطا محمد صاحب کے اس سوال کا جواب اس ایوان میں دیا گیا ہے اس دن میں نے بھی ایک سوال جونیر اور سینیر پروفیسروں کے متعلق کیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ ۵۳ پروفیسروں کی جگہیں خالی پڑی ہیں لہذا ان حالات کو درست کیا جائے کیونکہ ہم لوگ جو چھوٹے چھوٹے ریجنوں اور یونٹوں سے تعلق رکھتے ہیں وہاں باتوں کی وجہ سے بیچینی کا شکار ہیں اور اساتذہ اور طلباء میں بیچینی ہے لہذا اس بے چینی کو دور کرنے کے لیے محکمہ تعلیم اپنی کارکردگی بہتر کرے اور خاص طور سے چھوٹے ریجن کے لوگوں کی طرف زیادہ توجہ دے اور جو اسامیاں منظور شدہ ہیں ان کو پر کیا جائے تاکہ ہم اپنے علاقہ کے لوگوں کو یہ بتا سکیں کہ تعلیم کا معیار اب بہتر ہو رہا ہے اور آپ کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں ہو رہی ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - مجھے خوشی ہے کہ نواز صاحب کے سوال کی وجہ سے ایک بڑے اہم موضوع پر اس وقت اظہار خیال کرنے کا موقع مل رہا ہے - تعلیم نئی نسل کو صحیح تعلیم و تربیت کے زیور سے آراستہ کرنے کے لئے ہوتی ہے اور حکومت کی یہ بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ نئی نسل کے لئے ایسی معقول تعلیم و تربیت کا اہتمام کرے کہ لوگ ملک کے اچھے شہری بن سکیں اور ملک کی ضرورتوں کو پورا کر سکیں - میں یہ سمجھنے سے معذور ہوں کہ آخر وہ کیا حالات ہیں جن کی وجہ سے ملک کے تعلیمی اداروں کی ۵۰ فیصد اسامیاں ابھی تک خالی پڑی ہیں اور ان کو پر نہیں کیا جاتا جب ہمارے سامنے صحت کا سوال آتا ہے تو شائد یہ سمجھا جا سکے کہ ملک میں ڈاکٹروں کی کمی ہے اور یہ ڈاکٹر دیہی علاقوں میں جانے کے لئے تیار نہیں ہیں اس لئے ہسپتال بغیر ڈاکٹروں کے چل رہے ہیں - لیکن سکولوں اور کالجوں کا بغیر اساتذہ کے موجود ہونا یہ بات کسی سمجھ دار آدمی کے سمجھنے سے بالا تر ہے - میں اپنے علم کی بناء پر یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اگر آپ ایک جگہ کے لئے اشتہار دیں تو اس کے لئے میٹرک پاس تو کیا ڈبل M.A. اور triple M.A. یا ٹرینڈ گریجو ایٹوں کی ملک میں کوئی کمی نہیں ہے - اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ صحیح ہے تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس کمی کو دور کرنے کے لئے کیا اہتمام کیا گیا ہے - جناب والا - پھر اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جو پرائیویٹ ادارے ہیں وہ بھی اپنے سکولوں اور کالجوں کے اساتذہ کی تعداد

کم رکھتے ہیں کیونکہ ان کو یہ تاثر ملتا ہے کہ سرکاری اداروں میں اساتذہ کی کمی ہے تو جب سرکاری ادارے اس صورت حال کے مرتکب ہوتے ہیں تو پھر ان میں یہ اخلاقی قوت نہیں ہوتی کہ غیر سرکاری اداروں کی ایسی کوتاہیوں کی طرف رجوع کیا جا سکے ۔ جناب والا ۔ میں اس سلسلے میں کچھ مثالیں پیش کر سکتا ہوں ۔

جناب والا ایک سوال جس کا نمبر ۱۳۲۴۲ ہے اس کے جواب میں ہمیں بتایا گیا ہے کہ اردو کے ۳۲۷ ۔ طلباء کے لیے ۱۰ اساتذہ ہیں ۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ جس مدرسہ میں یا جس تعلیمی ادارہ میں ۳۷ طالبعلموں کے لیے صرف ایک استاد رکھا جائے اور پھر یہ سمجھا جائے کہ وہاں طلباء صحیح تعلیم پا رہے ہیں تو اس کا کوئی جنت‌الحمقا' میں بسنے والا ہی یقین کر سکے گا ۔ اس تعلیمی ادارہ میں جہاں ۳۷ طلباء پر صرف ایک استاد ہو جسمانی حیثیت سے ممکن ہی نہیں ہے کہ وہ ان ۳۷ طلباء کو صحیح تعلیم دے سکے ۔ پھر ایک سوال کے جواب میں جو حاجی عطا محمد صاحب نے پوچھا تھا " کہ کیا وجہ ہے کہ جو جگہیں promotion یا ترقی کے ذریعہ پر کی جانا چاہیے تھیں ان کی طرف توجہ نہیں دی گئی اس کا جواب دیتے ہوئے فرمایا گیا تھا ۔

"The case of the posts to be filled by promotion is already under active consideration."

اس سوال میں پوچھا گیا تھا کہ سنہ ۱۹۶۰ء سے اب تک promotion کیوں نہیں دی گئی ۔ تو ایک طرف صورت یہ ہے کہ ۵۰ فیصد سکولوں اور کالجوں میں اسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں اور دوسری طرف سنہ ۱۹۶۰ء سے

اب تک اساتذہ کو Promotion یا ترقی نہیں دی گئی اور جگہوں کو پر نہیں کیا گیا میں سمجھتا ہوں کہ یہ ملک کے معاملات کے متعلق ایک مجرمانہ غفلت ہے اور یہ کرمنل offence ہے ۔ جب آپ طلباء کے والدین سے فیس لیتے ہیں اور جب والدین کو یہ یقین ہے کہ ہم اپنے بچوں کی تعلیم کے لیے فیس دیتے ہیں تو پھر آپ ان فیسوں کے تقاضوں کو کیوں پورا نہیں کرتے ۔ اور نہ آپ سرکاری خزانہ کی اس رقم سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں جو یہ ایوان آپ کو مہیا کرتا ہے ۔ مجھے اس سے کوئی تعلق نہیں ہے کہ ad hoc اختیارات کیا تھے ۔ پبلک سروس کمیشن کے معاملات کیا ہیں ان کو process کیا گیا ہے یا نہیں ۔ میں کسی ایک پاولیمنٹری سیکرٹری سے مخاطب نہیں ہوں میرا کسی ایک وزیر سے خطاب نہیں ہے میرا خطاب سارے مغربی پاکستان سے ہے اگر آپ کی ٹکنیک میں خرابی ہے اگر آپ کے پروسیجر میں خرابی ہے جس کی وجہ سے یہ اسامیاں خالی پڑی رہی ہیں تو میں عوام کا ایک نمائندہ ہونے کی حیثیت سے اور میں ایک شہری ہونے کی حیثیت سے یہ عرض کر سکتا ہوں اور میرا یہ حق ہے کہ آپ کو اس ملک کے خزانہ سے جو رقم تعلیم کے لیے دی جاتی ہے اس کو آپ کیوں نہیں اس پر صرف کرتے ۔ کیونکہ ہم اپنے بچوں کی تعلیم کے لیے فیس ادا کرتے ہیں اس لیے ہمارا یہ حق ہے کہ ہمیں اس کا صحیح جواب دیا جائے اور اس کا صحیح جواب بھی ہے کہ آپ اساتذہ کی صحیح تعداد مہیا کریں ۔ اگر آپ اس میں نا کامیاب ہوئے اور یقیناً نا کامیاب ہوئے ہیں اگر اس میں محکمانہ پیچیدگیاں

حائل ہیں تو ان کو رفع کرنا آپ کا کام ہے آپ اس ذمہ داری سے عہدہ برا نہیں ہو سکتے ۔ آپ کی غفلت کی وجہ سے ، آپ کی نااہلی کی وجہ سے جس میں ساری حکومت مبتلا ہے اس وقت ملک میں اساتذہ کی اسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں اور بچے تعلیم سے محروم ہیں ۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ معیار تعلیم دن بہ دن گرتا چلا جا رہا ہے ۔ میں آپ کو بتاؤں کہ ایک بڑے تعلیمی ادارے کے ایک بڑے سربراہ کی مجھ سے گفتگو ہوئی جن سے میں نے شکایت کی کہ آپ کے کالجوں کا معیار تعلیم گرتا جا رہا ہے تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ فاروقی صاحب اس تعلیمی معیار سے پریشان نہ ہوں ابھی تو وہ اساتذہ ہیں جو ہمارے اور آپ کے زمانے کے تعمیم یافتہ ہیں ۔ جب وہ اساتذہ ہوں گے جو آج کل تعلیم حاصل کر رہے ہیں پھر آپ تعلیم کا ماتم کیجیے گا ابھی تعلیمی معیار کے گرنے کا وقت نہیں آیا ہے ۔ تو جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب اور وزیر تعلیم سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ اس کا خاطر خواہ جواب دیں کہ اس مجرمانہ غفلت کی کیا وجہ ہے کہ ملک میں اس وقت اساتذہ کی ۵۰ فیصد اسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں اور آپ ان کو پر نہیں کر رہے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جناب سپیکر ۔ اس معزز ایوان اور اس قوم کے ہر فرد کو یہ پوری طرح علم ہے کہ موجودہ حکومت نے تعلیم کے محکمہ کو کس قدر امداد دی ہے اور پچھلے دس سالوں میں دیتی رہی ہے ۔

A Member : Question !

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب سپیکر - پچھلے ۱۰ سالہ دور میں موجودہ حکومت کی کوشش سے محکمہ تعلیم نے کس قدر ترقی کی ہے اس کا جواب کسی ترقی یافتہ ملک میں بھی نہیں ملتا - جناب والا - بجٹ کے دوران میں ہم نے یہ وضاحت سے بیان کیا ہے کہ آج سے دس سال پہلے کی حکومتوں نے اس مد میں کیا خرچ کیا اور آج آپ کے محکمہ تعلیم کے اوپر کیا اخراجات آ رہے ہیں اور اس کی کیا allocations ہیں - مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ بعض اوقات کالجوں میں کسی حد تک جہاں تک کہ ان اسامیوں کا تعلق تھا وہ زیادہ خالی رہیں اور بعض حالات میں ان کے پر کرنے میں تاخیر بھی ہوئی لیکن جناب والا - اگر آپ اس تمام مرحلے یا situation کا جائزہ لیں تو آپ کو احساس ہو گا کہ حکومت ہمیشہ سے اس کوشش میں ہے کہ زیادہ سے زیادہ کالج و تکنیکی تعلیمی ادارے اور سائنسی ادارے کھولے جائیں تو روز بروز یہ جو ادارے بڑھتے رہے تو اس وجہ سے ان اسامیوں کی تعداد میں اضافہ ہوا - جناب والا - اس کے چند ایک اہم وجوہات تھے - میں سب سے پہلے کلاس دوئم کی اسامیوں کو لیتا ہوں اور مجھے یہ کہتے ہوئے دکھ محسوس ہوتا ہے - کہ قائد حزب اختلاف ایک ذمہ دار فرد ہیں مجھے ان کا دلی احترام ہے عزت ہے انہوں نے بڑے وثوق کے ساتھ ہاؤس کو یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ ۱۹۶۸ء میں ۱۹۰۰ کلاس دوئم کی اسامیاں خالی تھیں یہ غلط ہے - حقیقت تو یہ ہے کہ اکتوبر ۱۹۶۶ء میں جو حکومت کی سابقہ پالیسی تھی اس کو ترمیم کر دیا گیا - سابقہ پالیسی کے تحت ریجنل ڈائریکٹرز کو اختیارات ہوتے تھے - کہ جب کبھی کوئی اسامی

خالی ہو جاتی تھی تو عارضی طور پر اس کو پر کیا جا سکتا تھا تو بعض وجوہات کی بناء پر حکومت نے اس پالیسی کی ترمیم کر دی اور کلاس دوئم کی اسامیوں کو پر کرنے کے لئے ایڈ ھاک کمیٹیاں مقرر کر دیں جس کے چیئرمین پبلک سروس کمشن کے ممبر ہوتے ہیں - ۱۹۶۸ء کو دیکھ لیں کہ ۹۵۲ کلاس دوئم کی پوسٹیں پر کی گئیں اور مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس ہوتی ہے کہ پچھلے وقفہ سوالات کے دوران جو معلومات ہم اس ھاؤس کو فراہم نہ کر سکے ان کی نسبت اب پوزیشن یہ ہے کہ اگر وہ تمام کے تمام اشخاص رپورٹ کریں تو ہمارے پاس ۳۵ فاضل اسامیاں کلاس دوئم کی رہ جائیں گی - حکومت کو اس بات کا احساس ہے کہ جلد از جلد ان اسامیوں کو پر کیا جائے - ساتھ ہی ساتھ حکومت کی یہ بھی کوشش ہے کہ پسماندہ علاقوں کے لوگوں کے حقوق کا تحفظ بھی کیا جائے - مختلف اسامیاں مختلف ریجنوں کی ہوتی ہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بعض لوگ بر وقت یا فصل کی زیادتی کی وجہ سے اپنی نوکری پر حاضری نہیں دے سکتے - لہذا کوشش کی جاتی ہے کہ ان اسامیوں کو جلد از جلد پر کیا جائے - مجھے خوشی ہوتی ہے یہ اعلان کرنے میں کہ ہمارے سکول برانچ کی کلاس دوئم میں کوئی اسامی آج خالی نہیں ہے - کالجوں میں بھی کلاس دوئم کی کوئی خالی اسامی موجود نہیں ہے - جہاں تک کلاس اول کا تعلق ہے اس کی نسبت انہوں نے یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ کلاسوں یا درجہ اول کی تمام کی تمام پوسٹیں فی الواقعہ خالی پڑی ہیں اور ان پر کوئی کام نہیں ہو

رہا ۔ تو اس قسم کا تاثر میں سمجھتا ہوں غلط ہے ۔ جن لوگوں نے پروموٹ ہونا ہے کلاس دوئم سے کلاسوں میں وہ لوگ کام کر رہے ہیں مگر محکمہ تعلیم کی پالیسی یہ ہے کہ وہ ۸۰ فیصد اسامیاں پروموشن کے ذریعہ سے پر کرتے ہیں اور باقی ۲۰ فیصد براہ راست کرتے ہیں ۔ ۱۹۶۲ء کے بعد جب ری آرگنائیزیشن کے سلسلے میں نئے زون بنائے گئے تو چند اہم وجوہات کی بناء پر اور ریکارڈ میں کمی کے باعث چند باتیں طے نہ ہو سکیں اور کاغذات بھی بر وقت تیار نہ ہو سکے ۔ لیکن پچھلے دو سالوں میں ان مشکلات پر بھی قابو پا لیا گیا ہے ۔ اب جناب والا پوزیشن یہ ہے کہ جونیر کلاسوں میں سے وومن سیکشن میں ۵۹ میں سے ۳۵ کا فیصلہ ہو چکا ہے ۔ ۲۹۰ کیس ابھی فیصلہ طلب ہیں جو پبلک سروس کمشن کے پاس موجود ہیں اور اس ہفتے ہمیں امید ہے کہ مردوں کے سیکشن کے جونیر کلاسوں کا بھی فیصلہ ہو جائے گا ۔

خان اجون خان جدون ۔ اسی طرح فیصلے جلدی جلدی کیا کریں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ مجھے اس چیز کا احساس ہے اور جہاں تک حکومت کا تعلق ہے ان کی تمام تر کوششیں ہمیشہ جاری رہی ہیں اور سات سال چلتی رہی ہیں اور جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ حکومت کی یہ پالیسی ہے اور اسے احساس ہے کہ زیادہ سے زیادہ سکول اور کالج کھولے جائیں ۔ پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ کھولے جائیں اور ان میں سٹاف جلد از جلد مہیا کیا جائے اور ساتھ ہی ساتھ حکومت اپنے فرض سے آگاہ ہے کہ ان اسامیوں

کے پر کرنے میں پسماندہ علاقوں کے لوگوں کے حقوق کا زیادہ سے زیادہ خیال رکھا جائے ۔ جناب والا ۔ بعض اوقات یہ ہو جاتا ہے کہ ایک ریجن سے کوئی آدمی نہیں ملا تو یہ ہو سکتا ہے کہ دوسرے ریجن سے آدمی اس اسامی پر کام کرنے کے لئے بھیج دیا جائے لیکن پسماندہ علاقہ کے لوگوں کا پوری طرح خیال رکھا جاتا ہے کہ کسی کی حق تلفی نہ ہو یہ حکومت کی پالیسی ہے ان معروضات کے بعد میرا خیال ہے کہ ایوان کی تسلی ہو گئی ہو گی کہ ایڈ ھاک کمیٹیوں کی نسبت مختلف رائے ہو سکتی ہے ۔ نواز صاحب اور صفدر صاحب نے مختلف رائے کا اظہار کیا ۔ ہم نے ایس اینڈ جی ۔ اے ۔ ڈی کو لکھا ہے لیکن تازہ ترین پوزیشن یہ ہے کہ کوئٹہ قلات کی اسامیوں کو مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے اور وہاں کی جو تکالیف ہیں ان کا علاج کر دیا گیا ہے اور مجھے یقین ہے کہ اس کے بعد کوئی شکایت حکومت یا محکمہ کے خلاف موصول نہیں ہو گی ۔

میر خدا بخش تالپور ۔ پروفیسروں کے متعلق جو عباسی صاحب نے کہا ہے وہ چیز بھی پوری کی جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ تالپور صاحب کا مطلب یہ ہے کہ سندھ کے معاملات کے متعلق آپ غور فرمائیں ۔

ORDINANCES

Mr. Speaker : We now pass on to Part II of the Orders of the Day. The first motion is from the Minister for Basic Democracies and Local Government.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Mr. Speaker, Sir, we are faced with a difficulty today because the Minister for Basic Democracies and Local Government has fallen sick. He is down with flue. Last night he tried his best to take some medicine to be able to come and conduct the proceedings or pilot his Ordinance. But today at 6 a.m. he rang me up to say that he is not fit enough to come out and doctor has asked him not to move out of his bed. He is in a bad state of health. Therefore, with your permission I might be permitted to deal with that Ordinance. We would have requested the Chair to pass over this item and take the other two Ordinances but I don't think that that will be fair to the Members of this House because they must not have got ready with the Ordinances, they must not have got ready with the amendments. So it will not befair and proper to make such a request. I therefore request that I may be permitted to move the motion of which I have submitted notice this morning and that I may be permitted to proceed with this Ordinance in stead of the Minister of Basic Democracies and Local Government.

Mr. Speaker : I allow the Law Minister, under Rule 162, to move this motion.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میرا خیال ہے کہ وزیر صحت سے یہ سوال کرنا چاہیے کہ اتنے وزیر کیوں بیمار ہیں ۔ وٹو صاحب بیمار ہیں ۔ بچہ صاحب بیمار ہیں وزیر صحت کے محکمے کا یہ حال ہے ۔ اگر وزیر صحت خود صحت یاب نہیں ہو سکتے تو عوام کا کیا حال ہو گا ؟

مسٹر حمزہ ۔ حاجی عطا محمد صاحب بھی بیمار ہیں ۔

وزیر قانون ۔ پتہ نہیں یہ بیماری کہاں سے آئی ہے ۔

Minister for Finance : Lahore is in the grip of flue.

THE WEST PAKISTAN ESTABLISHMENT AND IMPROVEMENT OF PARKS AND HISTORICAL PLACES (LAHORE) (REPEAL) ORDINANCE, 1968.

Minister for Law : Sir, I beg to move :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) (Repeal) Ordinance, 1968 (West Pakistan Ordinance X of 1968), promulgated by the Governor of West Pakistan on 23rd October, 1968.

Mr. Speaker : The motion moved is :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) (Repeal) Ordinance, 1968 (West Pakistan Ordinance X of 1968), promulgated by the Governor of West Pakistan on 23rd October 1968.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : In 1958 there was a scheme known as Angoori Bagh Scheme which was launched and some area was taken over for the purpose.....

At this stage Mr. Deputy Speaker, Mr. Ahmad Mian Soomro occupied the Chair).

Khawaja Muhammad Safdar : On a point of order. Sir, may I know under what Rule the Law Minister has asked for the permission of the Speaker to move this Resolution. I find there is no such Rule and any Member may move a resolution for the disapproval of the Ordinance or approval of the Ordinance.

Minister for Law. I think the best thing was to put this question to Mr. Speaker when he was in the Chair Interruptions.

Mr. Deputy Speaker : May I ask the Law Minister to resume his seat. I did'nt catch what the Member said.

Khawaja Muhammad Safdar : My point of order is that the Law Minister has moved a motion that he might be permitted to move this Resolution under discussion on behalf of the Minister for Local Bodies. I think any Member of the Government or any Member on that side can move a Resolution. This is 91 (2) :

> "A Member my move a resolution for the approval of an Ordinance under clause (3) of Article 79 of the Constitution after giving five clear days' notice of his intention to do so."

I think any Member can move without seeking the permission of the Chair. I want to have the record corrected.

Minister for Finance : There was no need of a permission but permission was sought.

آپ کے ڈر کی وجہ سے اجازت حاصل کر لی

Mr. Deputy Speaker : The position is that your suggestion is barbed by Rule 163 that it should be moved by someone else. In order to overcome that the Law Minister gave a separate note (motion) and the Speaker has been pleased under Rule 162, which powers he has, to waive the question of notice and that is how it has been allowed. Under 163 any other Member can move an amendment of motion giving notice of that and, therefore, when he does not move it under 163 it is deemed to be withdrawn. The Law Minister has given a separate motion and under 162 the Speaker is competent to waive the question of notice.

Khawaja Muhammad Safdar : Right Sir, it adds to my knowledge.

Minister for Law : I was saying that in the year 1958 the Angoori Bagh scheme was prepared by the Lahore Improvement Trust and some area was taken over for the purpose. Soon after that the Central Government declared Hazuri Bagh and Inayat Bagh, which are adjacent in that

ancient monuments with a view to save them from the operation of Angoori Bagh Scheme. This is the history, how legislation has proceeded from time to time.

In 1962 Martial Law Order 126 was promulgated and the entire area of 56 acres was transferred to the Lahore Improvement Trust for this purpose. Now, when this area was transferred to the Lahore Improvement Trust a question arose with regard to the compensation to be paid to the owners or persons who were interested in that land and a compensation scheme was prepared. The Deputy Commissioner gave an award in which compensation was assessed at the rate of Rs. 400/- per Marla. This was subject to the approval of the Commissioner and the Commissioner in exercise of his powers of approval assessed the price of land at Rs. 90/- to Rs. 110/- per Marla.

Khawaja Muhammad Safdar : Rs. 30/- to 110/-.

Minister for Law : Yes, different categories of land were there. Unfortunately some owners of the land filed a writ petition against this decision of the Commissioner.....

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Why 'unfortunately'?

Minister for Law : 'Unfortunately' because today we are debating upon this Ordinance, otherwise it would not have been so.

.....and prayed that they may be paid compensation at the rate of Rs. 900/- as decided by the Land Acquisition Collector. In the High Court the award which was approved of by the Commissioner was set aside and direction was given that a fresh award may be prepared taking a particular date into consideration and that date was to be the

year 1962. This was to be taken as the material date. Then a fresh award was made and in thatarea the price was assessed at the rate of Rs, 600 per marla. Now this went far beyond the request of the petitioners who were satisfied with the award at the rate of Rs. 400. Here the compensation rose from the rate of Rs. 400 per marla to Rs. 600 per marla and as a result of it all the scheme became unremunerative, financially unwieldy and it was not possible to spend such a huge amount from the public exchequer on this scheme and the Lahore Improvement Trust was placed in a very difficult predicament and there was no way out except to dissociate the Trust from the scheme and on account of that the Governor under his extraordinary powers of legislation promulgated this Ordinance where by provision has been made for repealing the Ordinance of 1963. This is mentioned in Section 3 of the Ordinance which is now under consideration and provision has also been made for the purpose of relinquishment of the land of which full compensation has not given. This provision is also made for the purpose of making compensation to the owners of the land for the period during which the land has remained with the Trust and certain procedure has been laid down certain Officers have to be appointed. The procedure is prescribed ; the manner in which the land is to be assessed, the manner in which the structure is to be dealt with is provided in this Ordinance. The main point is the repeal of the Ordinace of 1963 but for which it would not be possible for the Lahore Improvement Trust to be able to pay the amount of compensation, which is far beyond the means of the Trust and far more excessive than what was originally considered or even acceptable to the persons, who were the owners of the land. At this stage, I may be permitted to repeat that they were content with the rate of Rs. 400 per marla, but later on when an enquiry officer made it

Rs 600, they wanted to jump at that and they still perphaps are thinking of benifitting by inflated price, which is not within the means of the Lahore Improvement Trust. I: is for that purpose that the new law has been promulgated.

With these remarks I request that the Assembly may approve of this Ordinance, which is wholesome, which is to the benefit of the public at large because the amount after all is to be drawn from the public exchequer, and one has got to be very careful while spending money over these schemes, which are unremunerative, which are financially a heavy burden which the Government as well as the Trust cannot bear.

Mr. Hamza : Point of order Sir. There is no quorum.

Mr. Deputy Speaker : Let the bells be rung. (*Bells were rung.*)

The House is now in quorum. There is an amendment by Chaudhri Muhammad Nawaz.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ان کی ترمیم سیکشن ۲ میں ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : He has given a notice of amendment to section 2 (a). He has not given the prescribed notice but I waive and allow him.

Malik Muhammad Akhtar : My amendment is there.

Mr. Deputy Speaker : The Member has moved an amendment to section 2 (d). His is to section 2 (a). Naturally that has priority.

Malik Muhammad Akhtar : I too have an amendment to section 2 (a).

Mr. Deputy Speaker : Yes, Malik Akhtar will first move it.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :—

That in para. (a) of section 2 of the Ordinance, after the word "District" occurring in line 2, a semi-colon be added and rest of the para. be deleted.

Mr. Deputy Speaker : Amendment moved is.

That in para (a) of section 2 of the Ordinance, after the word "District" occuring in line 2, a semi colon be added and rest of the para. be delated.

Minister for Law : Opposed Sir.

ملک محمد اختر (لاہور ۲۰) ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے اس ترمیم کے ذریعہ یہ گذارش کی ہے کہ ڈپٹی کمشنر جو اس ہنگامی قانون کے تحت فرائض کی سرانجام دہی کرے گا ۔ وہ ڈپٹی کمشنر لاہور ہو ۔ اور حکومت کی طرف سے یہ ہے کہ یا تو وہ ڈپٹی کمشنر لاہور ہو یا کوئی ایسا افسر جو ضلع کی جنرل ایڈ منسٹریشن کا چیف آفیسر رہا ہو اس کو تین سال کے لیے ڈپٹی کمشنر کے فرائض سونپے جا سکتے ہیں ۔ جناب سپیکر اس ہنگامی قانون کے تحت ڈپٹی کمشنر کے فراض نہایت ہی اہم ہیں ۔ اگر آپ دیکھیں تو ڈپٹی کمشنر نے ہی دفعہ ۵ (سی) کے تحت amount of compensation کو determine کرنا ہے ۔ ابھی وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ اس ہنگامی قانون کا پس منظر یہ ہے کہ معاوضہ کی تشخیص لینڈ ایکویزیشن کالکٹر نے دو بار سابقہ موقعوں پر اور جناب والا ۔ کمشنر نے اس ایوارڈ کو ratify کیا ہے ۔ یہ تشخیص کا مسئلہ ہے جس کے باعث اس repealing ہنگامی قانون کو ایوان میں لایا گیا ۔ یہ وہ سکیم ہے یا meterial date جو تشخیص کی بنیاد ہوتی ہے جس پر مالکان

اراضی اور حکومت کے درمیان جھگڑے ہوئے اور وہ بار بار ہائی کورٹ میں گئے ۔ یہ وہ انگوری باغ سکیم ہے جس کو آج ۱۳ سال کے بعد ختم کیا جا رہا ہے جیسا کہ وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ اس کو ۱۹۵۸ء میں نہیں بلکہ ۱۹۵۵ء میں ٹاؤن امپروومنٹ ایکٹ کے تحت ختم کیا گیا ۔ اور جناب والا ۔ اس میں چھوٹ ایکڑ area تھا۔ اور Town Improvement Act کی دفعہ ۴(۱) کے تحت ۱۵ اپریل ۱۹۵۵ء کو گورنر مغربی پاکستان نے اس کی منظوری دے دی ۔ اور اس کے بعد acquisition proceedings ہوئیں ۔ میں نہایت اختصار کے ساتھ عرض کروں گا کیونکہ یہ بات کرنے کے لیے آگے بہتیرے موقع آئیں گے ۔ تو جناب سپیکر ۔ اس سکیم میں چونکہ evacuee property بھی involved تھی۔ اس سکیم میں Ancient Movements Act کی دفعات بھی شامل تھیں ، اس لیے اس سکیم کو انہوں نے مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ کے ذریعہ نافذ کرنے کا فیصلہ کیا کیونکہ Chief Settlement Commissioner نے یہ لکھ دیا تھا کہ.....

Mr. Deputy Speaker : The Member is not relevant as he is discussing the Ordinance as a whole.

Malik Muhammad Akhtar : Let me speak, Sir. I am not wasting the time of the House.

Mr. Deputy Speaker : I did not say that the Member was wasting the time of the House. I only said that he was not relevant.

Malik Muhammad Akhtar : Only two sentences more and then I will be clear.

جناب والا ۔ انہوں نے اس پرانی سکیم کو ، اس ۱۹۵۵ء کی سکیم کو مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ کے تحت دوبارہ نافذ کیا ۔ اور مارشل لاء کے بعد اس کی validating دفعات چونکہ غیر مؤثر ہو گئی تھیں اس لیے یہ موجودہ آرڈیننس انہوں نے جاری کیا ۔ جناب والا ۔ اس میں جھگڑا کیا تھا ؟ جھگڑا یہ تھا کہ پہلے Land Acquisition Collector, Lahore Improvement Trust نے ابتدائی طور پر ایک award دیا ۔ ایک سابقہ کمشنر مسٹر حماد رضا نے maliciously اس پر back date میں ۶ جون میں دستخط کیے ۔ یعنی اس دن جس دن میاں افتخارالدین جو اس area کے زیادہ مالک تھے ، ان کی موت واقع ہوئی ۔ ۶ جون ان کی موت کا دن تھا اور چھ جون کو اس award کو سنا دیا گیا ۔ وہ tempering of record تھا ۔ وہ forged award تھا ۔ اب compensation کے لیے ایک ڈپٹی کمشنر کو مقرر کر دینا کہاں کا انصاف ہے جبکہ حکومت ایک طرف پارٹی ہے اور دوسری طرف ایک پولیٹیکل پارٹی کا رکن ، ایم ۔ این ۔ اے ۔ اور اس کا خاندان اس زمین کا مالک ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی ظلم ہو گا ۔ کمشنرز کے کیریکٹر کو دیکھتے ہوئے .....

Mr. Deputy Speaker : And that is why the Member wants it to be only "Deputy Commissioner" and the rest deleted.

ملک محمد اختر ۔ میں اس سے agree کر رہا ہوں کہ کم از کم ڈپٹی کمشنر وہ ہو جو لاہور کا ہو ۔ کیونکہ لاہور کا ڈپٹی کمشنر سی ۔ ایس ۔ پی ہونے کی صورت میں چھ ، سات یا دس سال کے بعد لگایا جاتا ہے ۔ اور

پی - سی - ایس ہونے کی صورت میں اسکی سروس کم و بیش بیس پچیس سال ہوتی ہے - جناب والا - عوام کا اعتماد اس حکومت سے اٹھ چکا ہے -

Mr. Deputy Speaker : Irrelevent.

ملک محمد اختر - جناب والا - میں یہ کہتا ہوں کہ اس کام کے لیے ، compensation کے award کرنے کے لیے اور ایک ایسے پولیٹیکل خاندان کو جس نے پاکستان بنانے کے لیے اپنی جان اور اپنے مال و متاع کے قربانی دی، اسے مزید victimise کرنے کی غرض سے یہ کام کسی ایسے غیر ذمہ دار افسر کے سپرد نہیں کرنا چاہیے جو چھوٹی سطح کا ہو اور گورنمنٹ کا زیادہ سے زیادہ اثر لے سکے -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - جو ترمیم محترم ملک محمد اختر صاحب نے پیش کی ہے ، اسی قسم کی ایک ترمیم میری بھی ہے - اس وقت میں ان کی ترمیم جو پیش ہو چکی ہے ، اس کی حمایت میں چند فقرے عرض کرنا چاہتا ہوں -

جناب والا - ہماری ان ترامیم کی غرض و غایت یہ ہے کہ ہم حکومت کو پابند کر دیں کہ جو معاوضہ اس طویل عرصے تک اس اراضی کو استعمال کرنے کے عوض یا دوسرے نقصانات کے عوض مالکان کو دیا جاتا ہے ، اس کے تعین کے لیے صرف ڈپٹی کمشنر لاہور ہی مناسب ہوگا - میں نے 'مناسب' کا لفظ اس لیے عرض کیا ہے کہ جو سکیم اس آرڈیننس کی موجود ہے ، ہم اس

کے علاوہ یہاں کچھ عرض نہیں کر سکتے ۔ تو جو کچھ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے ، اسی کے مطابق ، انہی حدود کے اندر رہتے ہوئے ہم یہ عرض کرتے ہیں کہ چلیے صاحب آپ نے ڈپٹی کمشنر کو جو کہ اس گورنمنٹ کی مشینری کا ایک پرزہ ہے ، اسکو مقرر کرنا ضروری خیال فرمایا ہے تو چلیے اسی کو مقرر کر لیں ۔ لیکن اس موجودہ حکومت کے عمال پر ، اس حکومت کے کارکنان پر ، ان بر سر اقتدار لوگوں پر اس صوبہ کے کسی بھی طبقہ کو چونکہ اعتماد نہیں رہا ، اس لیے میں نے یہ تجویز کیا ہے کہ حکومت کو اختیار ہونا چاہیے کہ لاہور کے ڈپٹی کمشنر کے علاوہ کسی فرد کو مقرر کیا جائے میرا اس سے کوئی تعلق نہیں کہ وہ پی ۔ سی ۔ ایس ۔ ہے یا سی ۔ ایس ۔ پی ہے ۔ کسی ایسے شخص کو جو کہ تین سال کسی ضلع میں ڈپٹی کمشنر رہا ہو بلکہ میں یہاں تک جاتا ہوں کہ اس کلاز کا یہ بھی مطلب ہے کہ ایک ایسے ریٹائرڈ افسر کو بلا کر اس کلاز کے تحت آپ متعین کر سکتے ہیں جو کہ بطور ڈپٹی کمشنر ریٹائر ہوا ہو یا بطور ڈپٹی سیکرٹری ریٹائر ہوا ہو ۔ اور اس نے اپنی ملازمت کے دوران تین سال تک کسی ایک ضلع کی ڈپٹی کمشنری کی ہو یا دو یا تین اضلاع کی ملا کر کی ہو ۔ تو اس میں قطعی طور پر اس بات کے خلاف ہوں کہ حکومت کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ کسی سترے بہترے انسان کو جسے محض یہ خیال ہو گا کہ ریٹائر منٹ کے بعد.....

ایک ممبر ۔ سترے بہترے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ ریٹائرمنٹ کے بعد آپ کے اکثر سترے بہترے افسر بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہیں اور اسی لئے کوئی کام بھی سیدھا نہیں پڑ رہا ۔ میں جو لفظ استعمال کرتا ہوں سوچ سمجھ کر کرتا ہوں ۔ میں ابھی نام گنوا دیتا ہوں کہ کتنے سترے بہترے افراد مرکزی حکومت اور اس حکومت میں ہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں حکومت کو یہ اختیار ہرگز نہیں دینا چاہتا کہ وہ کسی ریٹائر شدہ افسر کو بلا کر یہ کام تفویض کر دے کہ وہ محترم میاں افتخارالدین مرحوم کے ورثا اور دوسرے لوگوں کے لئے معاوضہ تعین کرے اور یہ کام قبول کر لینے سے اس فرد کی غرض و غایت یہ ہو گی کہ وہ چاہے گا کہ میں اپنی معیاد ملازمت میں توسیع کروں ۔ اسے اور لمبا کروں ۔ اور آج آپ کو معلوم ہے کہ ۱۹۶۲ء سے اس اراضی کے یا اس سکیم کے متعلق تنازعہ چلا آ رہا ہے ۔ کئی بار میاں افتخارالدین مرحوم کے ورثا اور دوسرے مالکان اراضی سپریم کورٹ تک گئے ۔ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ سپریم کورٹ تک گیا ۔ ہائی کورٹ میں لا تعداد مقدمات دائر ہو چکے ہیں ۔ ان میں سے بعض فیصلہ ہو چکے ہیں ۔ ایک آج بھی زیر سماعت ہے اور شائد کل یا پرسوں اس کے متعلق عدالت عالیہ فیصلہ سنانے والی ہے ۔ تو اس صورت میں جب یہ پہلے ہی ایک طویل عرصہ گزر

چکا ہے ۔ اب اگر ایک ایسا شخص یہاں مقرر کیا جائے جس کے متعلق یہ شک ہو یا احتمال بھی ہو (نہ سہی یقین) کہ وہ اس کو التوا میں رکھے گا ۔ اس کو لمبا کرے گا اپنی تنخواہ کی غرض سے تو اس قسم کے اختیارات میں اس حکومت کو ہرگز ہرگز دینے کے لئے تیار نہیں ۔ مجھے ان ڈپٹی کمشنروں پر بھی اعتماد نہیں ہے صاف کہتا ہوں ۔ لیکن صرف اسی بناء پر کہ اب اس سکیم میں چونکہ درج ہے کہ ڈپٹی کمشنر مقرر ہو گا ۔ اس لئے ڈپٹی کمشنر ہی سہی ۔ آگے چل کر ان کے خلاف بھی میری ایک ترمیم آئے گی ۔ فی الحال جو ترمیم زیر بحث ہے میں اس کے متعلق عرض کر رہا ہوں کہ جہاں تک لاہور کے ڈپٹی کمشنر کا تعلق ہے وہ تو مجبوری کے تحت شائد ہم مان جائیں لیکن جہاں تک اس حکومت کو یہ اختیارات دینے کا تعلق ہے کہ وہ کسی زید بکر کو پکڑ کر ڈپٹی کمشنر designate کر دے اس سیکشن کے تحت اور کہے کہ تم محترم میاں افتخارالدین مرحوم کے ورثا کے لئے damages کو assess کر دو اور ان کا گلا کاٹ دو ۔ ہم اس پر ہرگز رضامند نہیں ہیں ۔ یہاں کئی آدمی مل سکتے ہیں جو اپنے بھائیوں کا گلا کاٹنے کے لئے بھی تیار ہوں گے ۔ ان کو کئی hirelings مل سکتے ہیں ۔ گورنمنٹ ان کی تلاش میں رہتی ہے ۔ اگرچہ حکومت کو ان کی تلاش نہ ہونی چاہئے کیونکہ دیانت کا تقاضا یہ ہے کہ حکومت کو اتنے فراوان اور اتنے وسیع اختیارات نہ دیئے جائیں ۔ کیونکہ وہ کسی وقت بھی غلط استعمال کر سکتی

ے - ہم ہر روز دیکھتے ہیں کہ حکومت اپنے اختیارات کو غلط طور پر استعمال کرتی ہے - ان حالات کے پیش نظر میں ملک محمد اختر صاحب کی اس ترمیم کی پر زور تائید کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ حکومت کو اس قدر وسیع اختیارات دینے کی تجویز پر صاد نہ کریں -

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) - جناب سپیکر - اس ہنگامی قانون کی بنیاد بد دیانتی ، ذاتیات اور جمہور کشی پر ہے - جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ اس ملک میں غداروں کی موج ہے -

Mr. Deputy Speaker : The Member may please be relevant to the amendment.

